اَهْلُهَا : نَبِيْعُكِهَا عَلَى اَنَّ وَلَائَهَا لَنَا ، فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : ''لَا يَمْنَعُكِ ذَلِكَ ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ'' .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک کنیز خرید کر اسے آزاد کرنے کا فیصلہ کیا تو اس کے مالکوں نے کہا کہ ہم اس شرط پر اسے آپ کو فروخت کریں گے کہ اس کی ولاء کا حق ہمارے پاس رہے گا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شرط تمہیں اس بات سے نہ روکے کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ہوتا ہے۔

1078 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ عَمْرَةَ ، لَمْ يَقُلْ عَنْ عَائِشَةَ ، وَذٰلِكَ مُرْسَلٌ .

✧✧ سیّدہ عمرہ رضی اللہ عنہا نے یہ روایت ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کی ہے اور اس میں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔

1079 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ اَبِيْهِ ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ، اَنَّهَا قَالَتْ : جَائَتْنِي بَرِيْرَةُ ، فَقَالَتْ : إِنِّي كَاتَبْتُ اَهْلِي عَلَى تِسْعِ اَوَاقٍ فِي كُلِّ عَامٍ اُوْقِيَّةٌ ، فَاَعِيْنِيْنِي ، فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ : إِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ وَيَكُونَ وَلَاؤُكِ لِي فَعَلْتُ ، فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ إِلَى اَهْلِهَا ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ ، فَقَالَتْ : إِنِّي قَدْ عَرَضْتُ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ فَاَبَوْا إِلَّا اَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ ، فَسَمِعَ ذَلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهَا فَاَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ''خُذِيهَا وَاشْتَرِطِي الْوَلَاءَ ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ'' ، فَفَعَلَتْ عَائِشَةُ ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَحَمِدَ اللّٰهَ ، ثُمَّ قَالَ : ''اَمَّا بَعْدُ ، فَمَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُونَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالَى ، مَا كَانَ مِنْ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالَى فَهُوَ بَاطِلٌ وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ ، قَضَاءُ اللّٰهِ اَحَقُّ ، وَشَرْطُهُ اَوْثَقُ ، وَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ''

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' بریرہ میرے پاس آئی اور بولی میں نے اپنے مالک کے ساتھ کتابت کا معاہدہ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1077**:

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **2156**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1504**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2915**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء **300/7**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **42/4**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **4394**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **338/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **185/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **462/7**

Marfat.com

طے کیا ہے نو اوقیہ ادا کرنے ہوں گے ہر سال میں ایک اوقیہ ادا کرنا ہوگا آپ میری مدد کیجئے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے فرمایا اگر تمہارے مالک چاہیں تو میں انہیں ساری رقم ایک ساتھ ادا کر دیتی ہوں لیکن تمہاری ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا بریرہ اپنے مالک کے پاس گئی (جب وہ واپس آئی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اس نے (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) کو بتایا کہ میں نے ان کے سامنے یہ شرط رکھی تھی اور انہوں نے انکار کر دیا تو انہوں نے یہ شرط رکھی ہے کہ ولاء کا حق انہیں حاصل ہوگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سنی آپ نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بتایا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ایسا کرلو اور ولاء کا حق ان کے پاس رہنے دو (اس سے کچھ نہیں ہوگا) کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ہوتا ہے' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایسا ہی کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی پھر ارشاد فرمایا:

امابعد! لوگوں کو کیا ہو گیا ہے جو ایسی شرائط عائد کرتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں درست نہیں ہیں ہر وہ شرط جو اللہ کی کتاب میں درست نہ ہو وہ باطل شمار ہوگی اگرچہ وہ سو شرطیں ہوں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ پورا کئے جانے کا زیادہ حقدار ہے اور اس کی شرط زیادہ مضبوط ہوگی' ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ہوتا ہے۔

1080 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِيَ جَارِيَةً تُعْتِقُهَا، فَقَالَ اَهْلُهَا : نَبِيْعُكِهَا عَلٰى اَنَّ وَلَائَهَا لَنَا، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكَ، اِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں انہوں نے ایک کنیز خرید کر آزاد کرنے کا فیصلہ کیا تو اس کے مالک نے یہ کہا کہ ہم اس کو اس شرط پر فروخت کریں گے کہ اس کی ولاء کا حق ہمیں حاصل ہوگا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بات تمہیں اس عمل سے نہ روکے کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ہوتا ہے۔

1081 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ بَرِيْرَةَ جَائَتْ تَسْتَعِيْنُ

حدیث نمبر **1081**:

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2267**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**2564**
نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**4609**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**42/4**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء	**4403**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4331**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**436**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**185/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**62/7**

Marfat.com

عَـآئِشَةَ رَضِـيَ الـلّٰـهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ عَآئِشَةُ : اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَصُبَّ لَهُمْ ثَمَنَكِ صَبَّةً وَّاحِدَةً وَّاُعْتِقَكِ فَعَلْتُ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيْرَ ةُ لاَهْـلِهَـا، فَـقَـالُوْا لَا، اِلا اَنْ يَّكُوْنَ وَلاؤُكِ لَنَا قَالَ مَالِكٌ قَالَ يَحْيَى : فَزَعَمَتْ عَمْرَةُ، اَنَّ عَـآئِشَةَ ذَكَـرَتْ ذٰلِكَ لِـرَسُـوْلِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكَ، فَاشْتَرِيهَا فَاَعْتِقِيْهَا، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ .

✧✧ عمرہ بنت عبدالرحمٰن بیان کرتی ہیں' بریرہ مدد مانگنے کے لئے آئیں تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر تمہارے مالک چاہیں تو میں انہیں تمہاری قیمت ایک ساتھ ادا کر دیتی ہوں اور تمہیں پھر آزاد کر دوں گی بریرہ نے اس بات کا تذکرہ اپنے مالک سے کیا تو انہوں نے کہا ہم ایسا نہیں کریں گے ہماری شرط یہ ہے کہ تمہاری ولاء کا حق ہمیں حاصل رہے۔

عمریٰ نامی خاتون بیان کرتی ہیں' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ بات تمہیں اس عمل سے نہ روکے تم اس کو خرید کر آزاد کر دو ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ہوتا ہے۔

اخرج الحديثين من الجزء الثانى من اختلاف الحديث ' والثالث فى كتاب اختلاف مالك والشافعى ' والى اٰخر السادس من كتاب جراح العمد ' والسابع والثامن من كتاب البحيرة والسائبة وهما اوّل ما فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں۔ تیسری روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے اس کے بعد چھٹی روایت تک کتاب جراح عمل میں نقل کی ہیں ساتویں اور آٹھویں روایت کتاب بحیرہ اور سائبہ میں نقل کی ہیں اور یہ دونوں روایات اس میں موجود پہلی روایات ہیں۔

باب ولا المنبوذ

باب 4: (جو بچہ) گرا ہوا ملے اس کی ولاء

1082 - اَخْبَـرَنَـا مَـالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُنَيْنٍ اَبِىْ جَمِيْلَةَ رَجُلٍ مِّنْ بَنِىْ سُلَيْمٍ، اَنَّهٗ وَجَدَ مَنْبُوْذًا فِىْ زَمَـانِ عُـمَرَ بْنِ الْخَطَّابَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَجَاءَ بِهٖ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ مَا حَمَلَكَ عَلَىٰ اَخْذِ هٰذِهِ النَّسَمَةِ قَـالَ وَجَـدْتُّهَا ضَائِعَةً فَاَخَذْتُهَا فَقَالَ لَهٗ عَرِيْفِىْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّهٗ رَجُلٌ صَالِحٌ قَالَ اَكَذٰلِكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ عُمَرُ اذْهَبْ فَهُوَ حُرٌّ وَلَكَ وَلاؤُهٗ وَعَلَيْنَا نَفَقَتُهٗ .

✧✧ ابن شہاب' سنین بن ابوجمیلہ' جو بنو سلیم سے تعلق رکھنے والے ایک شخص ہیں' کا یہ بیان نقل کرتے ہیں انہوں نے

حدیث نمبر **1082**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**16182**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**31569**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**8208/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**232/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**642/8**

Marfat.com

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک بچے کو پایا جسے کسی نے پھینک دیا تھا وہ اسے لے کر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم نے اسے کیوں اٹھایا؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے اسے ایسی حالت میں پایا یہ مرسکتا تھا تو میں نے اسے پکڑ لیا' تو میرے ساتھی نے ان سے کہا اے امیر المؤمنین: یہ نیک آدمی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' کیا ایسا ہی ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جاؤ! یہ آزاد شمار ہوگا اور اس کی ولاء کا حق تمہیں حاصل ہوگا اور اس کا خرچ ہمارے ذمے ہوگا۔

اخرجه فی کتاب اختلاف مالك والشافعی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو کتاب اختلاف مالک اور شافعی میں نقل کیا ہے۔

باب ارث الولاء

باب 5: ولاء کا وارث ہونا

1083 - أَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِی بَكْرٍ ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِی بَكْرِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ الْعَاصَ بْنَ هِشَامٍ هَلَكَ وَتَرَكَ بَنِينَ لَهُ ثَلَاثَةً : لِأُمٍ وَرَجُلاً لِعَلَّةٍ فَهَلَكَ أَحَدُ الَّلذِيْنَ لِأُمٍ وَتَرَكَ مَالًا وَمَوَالِیَ فَوَرِثَهُ أَخُوْهُ الَّذِیْ لِأُمِّهِ وَأَبِيهِ مَالَهُ وَوَلَاءَ مَوَالِيهِ ثُمَّ هَلَكَ الَّذِیْ وَرِثَ الْمَالَ وَوَلَاءَ الْمَوَالِیْ وَتَرَكَ ابْنَهُ وَأَخَاهُ لِأَبِيهِ فَقَالَتْ ابْنُهُ قَدْ أَحْرَزْتُ مَا كَانَ أَبِیْ أَحْرَزَ مِنَ الْمَالِ وَوَلَاءِ الْمَوَالِیْ وَقَالَ أَخُوْهُ لَيْسَ كَذٰلِكَ إِنَّمَا أَحْرَزْتَ الْمَالَ فَأَمَّا وَلَاءُ الْمَوَالِیْ فَلَا أَرَأَيْتَ لَوْ هَلَكَ أَخِی الْيَوْمَ أَلَسْتُ أَرِثُهُ أَنَا فَاخْتَصَمَا اِلٰی عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَضٰی لِأَخِيهِ بِوَلَاءِ الْمَوَالِیْ .

✧✧ عبد الملک بن ابوبکر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں العاص بن ہشام کا انتقال ہوگیا انہوں نے تین بیٹے چھوڑے جن میں سے دو بیٹے ماں کی طرف سے تھے اور ایک علت کی وجہ سے' جو ماں کی طرف سے تھے ان میں سے ایک فوت ہوگیا اس نے کچھ مال اور غلام وراثت میں چھوڑے اس کا وہ بھائی جو اس کے ماں اور باپ دونوں کی طرف سے تھا وہ اس کے مال کا وارث بنا اور اس کے غلاموں کی ولاء کا وارث بنا پھر وہ شخص بھی فوت ہوگیا تو جو مال کا وارث بنا تھا اور ولاء کا وارث بنا تھا اس نے پسماندگان میں ایک بیٹا اور باپ کی طرف سے ایک بھائی چھوڑا مرحوم کے بیٹے نے یہ کہا کہ میرے باپ نے جو سارا مال حاصل کیا تھا اور جو غلاموں کی ولاء حاصل کی تھی میں بھی اس کو حاصل کرلوں گا اس کے بھائی نے کہا ایسا نہیں ہے تم صرف مال حاصل کر سکتے ہو

حدیث نمبر **1083**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**730**
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**2277**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**303/1**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**128/4**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**274/5**

Marfat.com

غلاموں کی ولاء کا حق تمہیں نہیں مل سکتا کیا تم نے غور نہیں کیا کہ کیا اگر آج میرا پہلے والا بھائی فوت ہو جاتا تو میں اس کا وارث نہیں بنتا یہ دونوں اپنا مقدمہ لے کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو انہوں نے غلاموں کی ولاء کا فیصلہ بھائی کے حق میں دے دیا۔

اخرجه من كتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب جراح عمد میں نقل کیا ہے۔

باب الارث بالولاء

باب 6: ولاء کے ذریعے وارث بننا

1084 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ ، اَنَّ طَارِقَ بْنَ الْمُرَقَّعِ اَعْتَقَ اَهْلَ بَيْتٍ سَوَائِبَ فَاَتٰى بِمِيْرَاثِهِمْ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَعْطُوْهُ وَرَثَةَ طَارِقٍ فَاَبَوْا اَنْ يَّاْخُذُوْهُ فَقَالَ عُمَرُ فَاجْعَلُوْهُ فِىْ مِثْلِهِمْ مِنَ النَّاسِ

✧✧ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں' طارق بن مرقع نے غلاموں کے خاندان کو آزاد کیا اور ان کے وارث بنے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ طارق کے ورثاء کو دے دو! انہوں نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ان کی مانند دیگر لوگوں کو دے دو۔

1085 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ وَّسَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، اَنَّ طَارِقَ بْنَ الْمُرَقَّعِ اَعْتَقَ اَهْلَ اَبْيَاتٍ مِّنَ الْيَمَنِ سَوَائِبَ فَانْقَلَعُوْا عَنْ بِضْعَةَ عَشَرَ اَلْفًا، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اَدْفَعَ اِلٰى طَارِقٍ اَوْ وَرَثَةِ طَارِقٍ اَنَا شَكَكْتُ فِى الْحَدِيْثِ هٰكَذَا

✧✧ عطاء بیان کرتے ہیں' طارق بن مرقع نے یمن سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کو آزاد کر دیا جن کی قیمت کا اندازہ بارہ ہزار لگایا یہ معاملہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش ہوا تو انہوں نے مجھے ہدایت کی کہ میں اسے طارق کے حوالے کر

حدیث نمبر **1084**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **16226**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **31426**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **330/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **331/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **285/5**

حدیث نمبر **1085**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **300/10**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **79/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **167/5**

Marfat.com

دوں یا اس کے ورثاء کے حوالے کردوں۔

راوی بیان کرتے ہیں' مجھے اس روایت کے بارے میں شک ہے۔

اخرج الاوقل من كتاب جراح العمد وهو اٰخر حديث فيه ' والثانى من كتاب صفة امر النبى صلى الله عليه وسلم وهو اٰخر حديث فيه .

اس روایت کو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب جراح عمل میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود آخری روایت ہے۔

اور دوسری روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی حیثیت کی کتاب میں نقل کی ہے یہ اس میں موجود آخری روایت ہے۔

باب النهى عن بيع الولاء وعن هبته

باب: ولاء کوفروخت کرنے اور اسے ہبہ کرنے کی ممانعت

1086 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ، وَسُفْيَانُ ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کوفروخت کرنے اور اسے ہبہ کرنے سے منع کیا۔

1087 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ ، نَجِيْعٍ عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّ عَلِيًّا رِضْوَانَ اللّٰهِ عَلَيْهِ قَالَ : الْوَلَاءُ بِمَنْزِلَةِ الْحَلْفِ اُقِرُّهُ حَيْثُ جَعَلَهُ اللّٰهُ

✧✧ مجاہد بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ولاء کی قیمت حلف کی طرح ہے میں اسے اسی جگہ برقرار رکھوں گا جہاں اسے اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے۔

1088 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کوفروخت کرنے اور اسے ہبہ کرنے سے منع کیا ہے۔

1089 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کوفروخت کرنے اور اسے ہبہ کرنے سے منع کیا ہے۔

حدیث نمبر **1087**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **16140**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **31600**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **294/10**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **125/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **268/5**

Marfat.com

1090 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلْوَلَاءُ لُحْمَةٌ كَلُحْمَةِ النَّسَبِ، لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْهَبُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نسب کے تعلق کی طرف ولاء بھی ایک تعلق ہے جسے فروخت نہیں کیا جاسکتا اور ہبہ نہیں کیا جاسکتا۔

اخرج الحديثين من كتاب جراح العمد ' والثالث فى كتاب اختلاف مالك والشافعى ' والرابع والخامس من كتاب البحيرة والسائبة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دوروایات کتاب جراح عمد میں نقل کی ہیں اور تیسری کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے اور چوتھی اور پانچویں کتاب بحیرہ وسائبہ میں نقل کی ہیں۔

باب بيع المدبر

باب 8: مدبر کو فروخت کرنا

1091 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ : اَنَّ اَبَا مَذْكُوْرٍ رَجُلاً مِّنْ بَنِىْ عُذْرَةَ، كَانَ لَهٗ غُلَامٌ قِبْطِىٌّ فَاَعْتَقَهٗ عَنْ دُبُرٍ مِنْهُ، وَاِنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ بِذٰلِكَ الْعَبْدِ فَبَاعَ الْعَبْدَ، وَقَالَ : اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ فَقِيْرًا فَلْيَبْدَاْ بِنَفْسِهٖ، فَاِنْ كَانَ فَضْلٌ فَلْيَبْدَاْ مَعَ نَفْسِهٖ بِمَنْ يَّعُوْلُ، ثُمَّ اِنْ وَجَدَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَضْلًا فَلْيَتَصَدَّقْ عَلٰى غَيْرِهِمْ .

وَزَادَ مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ فِى الْحَدِيْثِ شَيْئًا .

✧✧ ابوزبیر بیان کرتے ہیں' انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے ''عذرہ'' قبیلے سے تعلق رکھنے

حدیث نمبر **1090**:

نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **341/4**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **292/10**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **4957**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء **4950**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **125/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **468/5**

حدیث نمبر **1091**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **16662**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **294/3**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **452/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **305/9**

Marfat.com

والے ایک شخص ابو مذکور کا ایک قبطی غلام تھا اس شخص نے اس کو مدبر غلام کے طور پر آزاد کر دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غلام کے بارے میں سنا تو آپ نے اس غلام کو فروخت کر دیا اور فرمایا: جب کوئی شخص غریب ہو تو اسے پہلے اپنے اوپر خرچ کرنا چاہیے اگر اضافی مال موجود ہو تو اس پر خرچ کرنا چاہیے جو ان کے زیر کفالت ہوں پھر اس کے بعد اگر کوئی اضافی چیز بچ جائے تو اسے دیگر لوگوں کے پر خرچ کرنا چاہیے۔

مسلم بن خالد نامی راوی نے اس روایت میں کسی چیز کا اضافہ نقل کیا ہے۔

1092 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَجُلا اَعْتَقَ غُلامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ يَّشْتَرِيهِ مِنِّيْ؟ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَاَعْطَاهُ الثَّمَنَ .

✧✧ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے اپنے غلام کو مدبر کے طور پر پر آزاد کر دیا اس شخص کے پاس اس کے علاوہ کوئی اور مال نہیں تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو کون مجھ سے خریدے گا؟ تو حضرت نعیم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آٹھ سو درہم کے عوض میں اسے خرید لیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی قیمت اس شخص کو عطا کر دی۔

1093 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ .

✧✧ یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1094 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنِ اللَّيْثِ، وَحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : اَعْتَقَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ عُذْرَةَ عَبْدًا عَنْ دُبُرٍ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اَلَكَ مَالٌ

حدیث نمبر **1092**:

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **6716**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **997**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **4929**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **4937**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء **4930**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **308**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **452/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **406/9**

حدیث نمبر **1093**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **309/10**

شافعی امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **452/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **306/9**

Marfat.com

غَيْرَهُ؟ فَقَالَ : لا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ يَّشْتَرِيهِ مِنِّيْ؟ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيُّ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَجَاءَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَهَا اِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ : ابْدَاْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا، فَاِنْ فَضَلَ عَنْ نَفْسِكَ شَيْءٌ فَلاَهْلِكَ، فَاِنْ فَضَلَ شَيْءٌ فَلِذَوِي قَرَابَتِكَ، فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذَوِي قَرَابَتِكَ فَهٰكَذَا وَهٰكَذَا يُرِيْدُ عَنْ يَّمِيْنِكَ وَشِمَالِكَ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ''عذرہ'' قبیلے عزرج سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے اپنے غلام کو مدبر کے طور پر آزاد کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کا پتہ چلا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا' کیا تمہارے پاس اس کے علاوہ کوئی اور مال ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو کون مجھ سے خریدے گا؟ تو نعیم بن عبداللہ عدوی نے آٹھ سو درہم کے عوض میں اسے خرید لیا وہ اس رقم کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ رقم اس شخص کے حوالے کر دی (جو اس غلام کا مالک تھا) پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم سب سے پہلے اپنی ذات پر خرچ کرو پھر اگر اضافی ہو تو اپنے گھر والوں پر خرچ کرو اور پھر اگر اس سے بھی بچ جائے تو اپنے قریبی رشتہ داروں پر خرچ کرو اگر قریبی رشتہ داروں پر خرچ کے بعد بھی بچ جائے تو پھر اس طرح اور اس طرح' آپ نے اپنے دائیں اور بائیں طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا (یعنی دوسرے لوگوں کو صدقہ کر دو)

1095 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، وَعَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، سَمِعَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ

حدیث نمبر **1094**:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **1748**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **997**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **65/5**

نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **5007**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **4932**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **03/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **452/8**

حدیث نمبر **1095**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **16663**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **1222**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **36057**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **308/3**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **2231**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **997**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2513**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **1219**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء **1825**

Marfat.com

عَنْهُمَا، يَقُوْلُ : دَبَّرَ رَجُلٌ مِّنَّا غُلامًا لَهُ لَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ يَّشْتَرِيهِ مِنِّيْ؟ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمٌ النَّحَّامُ .

قَالَ عَمْرٌو : فَسَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ : عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ اَوَّلٍ فِيْ اِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ .

وَزَادَ اَبُو الزُّبَيْرِ : يُقَالُ لَهُ يَعْقُوْبُ .

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ہم میں سے ایک شخص نے اپنے غلام کو مدبر کے طور پر آزاد کر دیا اس شخص کے پاس اس کے علاوہ کوئی اور مال نہیں تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو کون مجھ سے خریدے گا؟ تو حضرت نعیم بن نحام رضی اللہ عنہ نے اسے خرید لیا۔

عمرو نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: وہ ایک قیمتی غلام تھا جو حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما کی حکومت کے پہلے سال میں فوت ہو گیا۔

ابوزبیر نامی راوی نے یہ بیان کیا ہے' اس غلام کا نام یعقوب تھا۔

1096–قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : هٰكَذَا سَمِعْتُهُ مِنْهُ عَامَّةَ دَهْرِيْ، ثُمَّ وَجَدْتُ فِيْ كِتَابِيْ : دَبَّرَ رَجُلٌ مِّنَّا غُلامًا لَهُ فَمَاتَ، فَاِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ خَطَأً مِّنْ كِتَابِيْ، اَوْ خَطَأً مِّنْ سُفْيَانَ، فَاِنْ كَانَ مِنْ سُفْيَانَ فَابْنُ جُرَيْجٍ اَحْفَظُ لِحَدِيْثِ اَبِي الزُّبَيْرِ مِنْ سُفْيَانَ، وَمَعَ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدِيْثُ اللَّيْثِ وَغَيْرُهُ،

وَاَبُو الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ الْحَدِيْثَ تَحْدِيْدًا، يُخْبِرُ فِيْهِ حَيَاةَ الَّذِيْ دَبَّرَهُ، وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ مَّعَ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَغَيْرِهِ اَحْفَظُ لِحَدِيْثِ عَمْرٍو مَعَ سُفْيَانَ وَحْدَهُ،

وَقَدْ يُسْتَدَلُّ عَلٰى حِفْظِ الْحَدِيْثِ مِنْ خَطَئِهِ بِاَقَلَّ مِمَّا وَجَدْتُ فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَّاللَّيْثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، وَفِيْ حَدِيْثِ حَمَّادٍ، عَنْ عَمْرٍو، وَغَيْرُ حَمَّادٍ يَرْوِيْهِ، عَنْ عَمْرٍو كَمَا رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ،

وَقَدْ اَخْبَرَنِيْ غَيْرُ وَاحِدٍ مِمَّنْ لَقِيَ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ قَدِيمًا، اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُدْخِلُ فِيْ حَدِيْثِهِ : مَاتَ، وَعَجِبَ بَعْضُهُمْ حِيْنَ اَخْبَرْتُهُ اَنِّيْ وَجَدْتُ فِيْ كِتَابِيْ : مَاتَ، قَالَ : وَلَعَلَّ هٰذَا خَطَأٌ عَنْهُ اَوْ زَلَّةٌ مِنْهُ حَفِظْتُهَا عَنْهُ

✧✧ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' میں نے کافی عرصہ پہلے اس روایت کو اسی طرح سنا تھا پھر میں نے اپنی کتاب میں

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1095**:

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **4928**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **308/10**

دارقطنی' امام' علی بن عمر'' السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **137/4**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **3336**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان'' الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **3339**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الامّ''، دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **452/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **307/9**

Marfat.com

یہ تحریر پائی کہ ہم میں سے ایک شخص نے اپنے غلام کو مدبر کے طور پر آزاد کر دیا پھر وہ غلام فوت ہو گیا۔

اب یا تو یہ میری تحریر میں کوئی غلطی ہے یا سفیان نامی راوی سے غلطی ہوتی ہے اگر یہ سفیان نامی راوی سے غلطی ہوئی ہے تو ابوزبیر سے منقول احادیث کو ابن جریج' سفیان سے زیادہ اچھے طریقے سے یاد رکھے ہوئے ہیں اور ابن جریج کے ساتھ لیث ہے اور اگر دیگر راویوں نے بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

ابوزبیر نے اس روایت کو مخصوص حد تک نقل کیا ہے۔ جس میں اس مدبر غلام کے زندہ ہونے کا ذکر ہے۔ حماد بن سلمہ اور دیگر کے حوالے سے عمرو سے منقول رواات کو حماد بن زید نے زیادہ بہتر طور پر یاد رکھا بہ نسبت ان کے جنہیں صرف سفیان نے نقل کیا ہے۔

(امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) حدیث کو یاد رکھنے کے حوالے سے خطاء ہو جانے کے حوالے سے اس سے کم درجے کی حدیث سے بھی استدلال کیا جاتا ہے جو میں نے ابن جریج اور لیث نے ابوزبیر سے جو حدیث نقل کی ہے اس میں پائی ہے۔

حماد نے عمرو کے حوالے سے اور حماد کے علاوہ جن راویوں نے اس روایت کو نقل کیا ہے وہ اسی طرح ہے جس طرح حماد بن زید نے اس نقل کیا ہے۔

سفیان بن عیینہ سے ملاقات کرنے والے ایک سے زیادہ افراد نے کافی پہلے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ انہوں نے اپنی روایت میں لفظ ''مات'' کا ذکر نہیں کیا اور جب میں نے انہیں یہ بات بتائی کہ مجھے اپنی تحریر میں لفظ ''مات'' ملا ہے تو ان میں سے ایک نے حیرانگی کا اظہار کیا اور بولے ہو سکتا ہے کہ یہ کوئی خطا ہو یا پھسلن ہو جو ان کے حوالے سے ہو اور تم نے ان کے حوالے سے اسے یاد رکھ لیا ہو۔

1097 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِی الرِّجَالِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اُمِّهٖ عَمْرَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا دَبَّرَتْ جَارِيَةً لَّهَا فَسَحَرَتْهَا فَاعْتَرَفَتْ بِالسِّحْرِ وَاَمَرَتْ بِهَا عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا اَنَّ تُبَاعَ مِنَ الْاَعْرَابِ مِمَّنْ يُسِیْءُ مَلَكَتَهَا فَبِيْعَتْ .

✦✦ عمرہ بیان کرتی ہیں' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اپنی کنیز کو مدبر کر لیا اس کنیز نے ان پر جادو کر دیا پھر بعد میں اس نے جادو کا اعتراف بھی کر لیا تو پھر بعد میں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حکم دیا اسے کسی دیہاتی کے ہاتھوں فروخت کیا جائے جو اس کے

حدیث نمبر **1097**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **843**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **1667**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **40/6**

دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **140/4**

نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **129/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **243/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **680/8**

Marfat.com

ساتھ بُرا سلوک کرے۔

اخرج الخمسة الاحاديث ' وقول الشافعى من كتاب صفة نهى النبى صلى الله عليه وسلم وكتاب المدبر وهوى جميع ما فيهما ' والسابع فى كتاب اختلاف مالك والشافعى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی پانچ روایات اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اپنا بیان ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ممانعت کی صفت'' میں نقل کیا ہے اور کتاب المدبر میں نقل کیا ہے اور دونوں کتابوں میں صرف یہی ہے جبکہ ساتویں روایت کو کتاب مالک وشافعی میں نقل کیا ہے۔

باب المكاتب

باب: مکاتب کا بیان

1098 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عنِ ابْنُ اَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ فِى الْمُكَاتَبِ هُوَ عَبْدٌ مَا بَقِىَ عَلَيْهِ دِرْهَمٌ .

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ مکاتب کے بارے میں فرماتے ہیں جب تک اس پر ایک درہم کی ادائیگی بھی لازم ہو وہ غلام شمار ہوگا۔

1099 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ اَنَّ نَافِعًا اَخْبَرَ اَنَّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَاتَبَ غُلَامًا لَّهٗ عَلٰى ثَلَاثِيْنَ اَلْفًا ثُمَّ جَائَهٗ فَقَالَ اِنِّىْ قَدْ عَجِزْتُ فَقَالَ اِذَا اُمْحُ كِتَابَتَكَ فَقَالَ قَدْ عَجِزْتُ فَامْحُهَا اَنْتَ قَالَ نَافِعٌ فَاَشَرْتُ اِلَيْهِ امْحُهَا وَهُوَ يَطْمَعُ اَنْ يُّعْتِقَهٗ فَمَحَاهَا الْعَبْدُ وَلَهٗ ابْنَانِ اَوْ اِبْنٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ اعْتَزِلْ جَارِيَتِىْ قَالَ فَاَعْتَقَ ابْنُ عُمَرَ ابْنَهٗ بَعْدُ .

حدیث نمبر **1098**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **15717**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **10559**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **112/3**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **324/10**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **104/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **385/9**

حدیث نمبر **1099**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **15723**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **21538**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **341/10**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **410/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **428/9**

Marfat.com

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے غلام کو تیس ہزار کے عوض میں مکاتب کرلیا پھر وہ غلام ان کے پاس آیا اور بولا میں یہ ادائیگی نہیں کرسکتا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: پھر تم اس کتابت کے معاہدے کو مٹا دو وہ بولا میں یہ نہیں کرسکتا آپ اسے مٹا دیں نافع کہتے ہیں میں نے اسے اشارہ کیا کہ تم اُسے مٹا دو! وہ غلام یہ چاہتا تھا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس کو آزاد کردیں۔اس غلام نے اسے مٹا۔اس غلام کے دو بیٹے تھے یا شاید ایک بیٹا تھا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میری کنیز سے الگ رہو!اس کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس کے بعد بیٹے کو آزاد کردیا۔

اخرج الحديثين من كتاب المكاتب وهما ما فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب المکاتب میں نقل کی ہیں اور اس میں موجود یہ ہی روایات ہیں۔

باب حسن الملكة

باب 10: زیرملکیت کے ساتھ اچھا سلوک کرنا

1100 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَجْلاَنَ اَبِىْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهُ وَكِسْوَتُهُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلا مَا يُطِيْقُ .

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: زیرملکیت کے لئے مناسب طریقے سے خوراک اور لباس ہوگا اور اسے اسی کام کا پابند کیا جائے گا جس کی وہ طاقت رکھتا ہے۔

1101 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِىْ خِدَاشِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ اَبِىْ لَهَبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ فِى لِلْمَمْلُوْكِيْنَ : اَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ وَاَلْبِسُوْهُمْ مِمَا تَلْبِسُوْنَ .

حدیث نمبر **1100**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**2806**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**17967**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**1155**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**247/2**
بخاری' امام' محمد بن اسماعیل' "الادب المفرد" مطبعہ مصطفیٰ البابی الحلبی' قاہرہ' طبع رابع **1955**ء	**192**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	**1662**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**357/4**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4318**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**4313**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**101/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**261/6**

Marfat.com

✧✧ ابراہیم بن ابوخداش بن عتبہ بن ابولہب بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو غلاموں کے بارے میں یہ بیان کرتے ہوئے سنا: تم انہیں وہی کھلاؤ جو تم خود کھاتے ہو اور انہیں وہی پہناؤ جو تم خود پہنتے ہو۔

1102 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِذَا كَفَى اَحَدَكُمْ خَادِمُهُ طَعَامَهُ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ فَلْيَدْعُهُ فَلْيُجْلِسْهُ، فَاِنْ اَبِی فَلْيُرَوِّغْ لَهُ لُقْمَةً فَيُنَاوِلُهُ اِيَّاهَا، اَوْ يُعْطِهِ اِيَّاهَا اَوْ كَلِمَةً هٰذَا مَعْنَاهَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کسی شخص کا خادم اس کا کھانا پکانے کے لئے اس کی گرمی اور دھوئیں کو برداشت کرے تو اسے چاہیے کہ اس خادم کو بلا کر بٹھائے اور اگر وہ نہ مانے تو اسے لقمہ دیدے یا اس کی طرف بڑھادے یا اسے عطا کردے یا اس کی مانند کوئی اور کلمہ آپ نے ارشاد فرمایا:

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب القرعة والنفقة على الاقارب وهى جميع ما فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تینوں روایات کتاب القرعہ والنفقہ علی الارقاب میں نقل کی ہیں اور اس باب میں یہی روایات منقول ہیں۔

حدیث نمبر **1101**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **878**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **101/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **262/6**

حدیث نمبر **1102**:

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **357/4**
طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **2369**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **19565**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **1070**
مروزی' امام' اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' **1412**ھ-**1991**ء — **92**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **145/2**
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2073**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **2557**
بخاری' امام' محمد بن اسماعیل' ''الادب المفرد'' مطبعہ مصطفیٰ البابی الحلبی' قاہرہ' طبع رابع **1955**ء — **200**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1163**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **3289**
سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **3846**
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1853**
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **6320**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **357/4**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **8/8**

Marfat.com

کتاب النکاح

نکاح کا بیان

باب زواج النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم عائشة رضی اللّٰہ عنہا

باب 1: نبی اکرم ﷺ کا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کرنا

1103 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ : تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا بِنْتُ سَبْعٍ وَّبَنٰى بِيْ وَاَنَا بِنْتُ تِسْعٍ، وَكُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ، وَكُنَّ جَوَارِيَّ يَاْتِيْنَنِيْ فَاِذَا رَاَيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقَمَّعْنَ مِنْهُ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسِرُّ بِهِنَّ اِلَيَّ .

✦✦ ہشام اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جب میرے ساتھ شادی کی تب میری عمر سات سال تھی اور جب میری رخصتی ہوئی اس وقت میری عمر نو سال تھی اور میں گڑیوں کے ساتھ کھیلا کرتی تھی میری سہیلیاں تھیں وہ میرے پاس آجاتی تھیں جب وہ نبی اکرم ﷺ کو دیکھتی تھیں تو پردے کے پیچھے چھپ جایا کرتی تھیں پھر

حدیث نمبر **1103**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **10349**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل''' المسند''' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **42/6**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن''' السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2266**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل''' الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **3894**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج''' الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1422**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ''' السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **1876**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **82/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب''' السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5365**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ''' المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **4673**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **7106**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان''' الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **7097**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب''' المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **41/23**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **114/7**

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میری طرف بھجوادیتے تھے۔

1104 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا قَالَتْ : تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا بِنْتُ سَبْعِ سِنِيْنَ، وَبَنٰى بِيْ وَاَنَا بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب میرے ساتھ شادی کی تو میری عمر سات سال تھی اور جب میری رخصتی ہوئی اس وقت میری عمر 9 سال تھی۔

اخرج الاوّل من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث ' والثانی من کتاب احکام القرآن .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں اور دوسری روایت کتاب احکام روایت میں نقل کی ہے۔

باب زواج اُم سلمة رضی اللّٰه عنها

باب 2: سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کرنا

1105 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، اَنَّ عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو، وَالْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، اَخْبَرَاهُ اَنَّهُمَا سَمِعَا اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا لَمَّا قَدِمَتِ الْمَدِيْنَةَ اَخْبَرَتْهُمْ اَنَّهَا ابْنَةُ اَبِيْ اُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَكَذَّبُوهَا وَقَالُوْا : مَا اَكْذَبَ الْغَرَائِبَ، حَتّٰى اَنْشَاَ اِنْسَانٌ مِّنْهُمُ الْحَجَّ، فَقَالُوْا : اَتَكْتُبِينَ اِلٰى اَهْلِكِ، فَكَتَبَتْ مَعَهُمْ فَرَجَعُوْا اِلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَتْ : فَصَدَّقُونِيْ وَازْدَدْتُ عَلَيْهِمْ كَرَامَةً، فَلَمَّا حَلَلْتُ جَائَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَنِيْ، فَقُلْتُ لَهُ : مَا مَثَلِي نُكِحَ، اَمَّا اَنَا فَلا وَلَدَ لِي وَاَنَا غَيُورٌ ذَاتُ عِيَالٍ، قَالَ : اَنَا اَكْبَرُ مِنْكِ، وَاَمَّا الْغَيْرَةُ فَيُذْهِبُهَا اللّٰهُ، وَاَمَّا الْعِيَالُ فَاِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهِ، فَتَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث نمبر **1105**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **10644**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **295/6**
نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **8926**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **29/3**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4067**
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **585/23**
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **16/4**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **301/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **192/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **489/6**

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَأْتِيهَا وَيَقُوْلُ : اَيْنَ زُنَابُ؟ حَتّٰى جَاءَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَاخْتَلَجَهَا، وَقَالَ : هٰذِهِ تَمْنَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ تُرْضِعُهَا، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اَيْنَ زُنَابُ؟، فَقَالَتْ قَرِيْبَةُ بِنْتُ اَبِىْ اُمَيَّةَ وَوَافَقَهَا عِنْدَهَا : اَخَذَهَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنِّىْ اٰتِيْكُمُ اللَّيْلَةَ، قَالَتْ : فَقُمْتُ فَوَضَعْتُ ثِفَالِى، وَاَخْرَجْتُ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيْرٍ كَانَتْ فِىْ جَرٍّ، وَاَخْرَجْتُ شَحْمًا فَعَصَدْتُهُ، اَوْ صَعَدْتُهُ، قَالَتْ : فَبَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْبَحَ، فَقَالَ حِيْنَ اَصْبَحَ : اِنَّ لَكِ عَلٰى اَهْلِكِ كَرَامَةً، فَاِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ، وَاِنْ اُسَبِّعْ اُسَبِّعْ لِنِسَائِى

✧✧ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جب وہ (مکہ سے ہجرت کر کے) مدینہ منورہ آئیں اور انہوں نے وہاں کے رہنے والوں کو بتایا کہ وہ ابوامیہ بن مغیرہ کی صاحبزادی ہیں تو لوگوں نے ان کی بات کو غلط قرار دیا اور بولے یہ عجیب باتوں میں سب سے جھوٹی بات ہے' یہاں تک کہ ان میں سے ایک شخص حج کے لئے جانے لگا تو ان لوگوں نے کہا کیا تم اپنے گھر والوں کو خط لکھو گی؟ تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے ان کے ہاتھوں خط بھجوا دیا۔

جب وہ لوگ مدینہ منورہ واپس آئے تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں انہوں نے میری بات کی تصدیق کی تو ان لوگوں کے سامنے میری عزت اور مرتبے میں اضافہ ہوا۔

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جب میری عدت ختم ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور آپ نے مجھے نکاح کا پیغام دیا میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: مجھ جیسی عورت کے ساتھ نکاح نہیں کیا جا سکتا' کیونکہ اب میں اولاد کو جنم نہیں دے سکتی اور مزاج میں بھی تیزی ہے اور بال بچے دار ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں عمر میں تم سے بڑا ہوں جہاں تک مزاج میں تیزی کا تعلق ہے تو اللہ تعالیٰ اسے ختم کر دے گا جہاں تک بچوں کا تعلق ہے وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد ہیں۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شادی کر لی آپ ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا دلہن کہاں ہے؟

یہاں تک کے عمار بن یاسر آئے اور اپنے ساتھ لے گئے انہوں نے کہا کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو انکار کرتی ہے سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں دودھ پلایا ہوا تھا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ نے فرمایا: دلہن کہاں ہے تو قریبہ بنت ابی امیہ نے جواب دیا: وہ ان کے ساتھ ٹھہری ہوئی تھی' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ انہیں لے گئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں رات کے وقت تم لوگوں کے پاس آؤں گا۔

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں اٹھی میں نے اپنا کپڑا رکھا اور جو کے کچھ دانے نکالے جو مٹکے کے اندر موجود تھے پھر کچھ چربی نکالی (اسے نچوڑ لیا) اور کھانا تیار کیا۔

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات وہاں رہے پھر صبح کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے شوہر کے نزدیک صاحب حیثیت ہو اگر تم چاہو تو میں سات دن تمہارے پاس رہوں اور سات' سات دن دیگر ازواج کے پاس رہوں گا۔

Marfat.com

1106 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تَزَوَّجَ اُمَّ سَلَمَةَ وَاَصْبَحَتْ عِنْدَهُ، قَالَ : لَيْسَ بِكِ عَلٰى اَهْلِكِ هَوَانٌ، اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ عِنْدَكِ وَسَبَّعْتُ عِنْدَهُنَّ، وَاِنْ شِئْتِ ثَلَّثْتُ عِنْدَكِ وَدُرْتُ، قَالَتْ : ثَلِّثْ .

1196 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ هَرَبَ مِنَ الْاِسْلَامِ ثُمَّ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَهِدَ حُنَيْنًا وَالطَّائِفَ مُشْرِكًا وَامْرَاَتُهُ مُسْلِمَةٌ، وَاسْتَقَرَّا عَلَى النِّكَاحِ .

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ : وَكَانَ بَيْنَ اِسْلَامِ صَفْوَانَ وَامْرَاَتِهِ نَحْوٌ مِنْ شَهْرٍ .

✧✧ ابن شہاب بیان کرتے ہیں' حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ اسلام سے ڈر کر بھاگ گئے۔ پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ مشرک کے طور پر غزوہ حنین اور غزوۂ طائف میں شریک ہوئے تھے۔ ان کی اہلیہ مسلمان تھیں تو نبی اکرم ﷺ نے (صفوان کے اسلام قبول کرنے کے بعد ان کے نکاح کو برقرار رکھا)

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: حضرت صفوان اور ان کی اہلیہ کے اسلام قبول کرنے کے درمیان' ایک ماہ کا فرق ہے۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب احكام القرآن ' والخامس من كتاب التعريض بالخطبة والسادس في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی چار روایات کتاب احکام قرآن میں نقل کی ہیں پانچویں کتاب التعریض بالخطبہ'' جبکہ چھٹی روایت اختلاف مالک وشافعی رحمۃ اللہ علیہما میں نقل کی ہے۔

Marfat.com

کتاب عشرة النساء والایلاء والخلع

خواتین کے ساتھ طرز سلوک، ایلاء اور خلع کا بیان

باب مباشرة الحائض

باب 1: حائضہ عورت کے ساتھ مباشرت کرنا

1197 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلٰى عَآئِشَةَ يَسْاَلُهَا هَلْ يُبَاشِرُ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ وَهِىَ حَآئِضٌ فَقَالَتْ لِتَشُدَّ اِزَارَهَا عَلٰى اَسْفَلِهَا ثُمَّ يُبَاشِرُهَا اِنْ شَآءَ .

✧✧ نافع بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف پیغام بھیجا کہ کیا کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ مباشرت کرسکتا ہے جبکہ وہ عورت حائضہ ہوتو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اس عورت کو چاہئے اپنے تہبند کو زیریں حصے پر اچھی طرح باندھ لے پھر اگر وہ شخص چاہے تو اس کے ساتھ مباشرت کرلے۔

اخرجه من كتاب احكام القرآن .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب ''احکام قرآن'' میں نقل کیا ہے۔

باب النهى عن اتيان النساء فى ادبارهن

باب 2: خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں مباشرت کرنے کی ممانعت

1198 - اَخْبَرَنَا عَمِّىْ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَافِعٍ، اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اُحَيْحَةَ بْنِ الْحَلاجِ، اَوْ عَنْ عَمْرِو بْنِ فُلان بْنِ اُحَيْحَةَ بْنِ الْحَلاجِ، (قَالَ الشَّافِعِىُّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ : اَنَا شَكَكْتُ)، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَآءِ فِىْ اَدْبَارِهِنَّ، اَوْ اِتْيَانِ الرَّجُلِ امْرَاَتَهٗ فِىْ دُبُرِهَا، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حَلالٌ، فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ دَعَاهُ، اَوْ اَمَرَ بِهٖ

حدیث نمبر **1197**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **73**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **1241**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **148**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **173/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **442/6**

Marfat.com

لدُعِیَ، فَقَالَ : کَیْفَ قُلْتَ فِیْ اَیِّ الْخُرْبَتَیْنِ، اَوْ فِیْ اَیِّ الْخَرَزَتَیْنِ، اَوْ فِیْ اَیِّ الْخَصْفَتَیْنِ، اَمِنْ دُبُرِهَا فِیْ قُبُلِهَا، نَعَمْ، اَمْ مِنْ دُبُرِهَا فِیْ دُبُرِهَا فَلا، فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیِی مِنَ الْحَقِّ، لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِیْ اَدْبَارِهِنَّ .

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : قَالَ : فَمَا تَقُوْلُ؟ قُلْتُ : عَمِّیْ ثِقَةٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِیٍّ ثِقَةٌ، وَقَدْ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدٌ عَنِ الْاَنْصَارِیِّ الْمُحَدِّثِ بِهَا اَنَّهُ اَثْنٰی عَلَیْهِ خَیْرًا وَّخُزَیْمَةَ مِمَّنْ لَا یَشُكُّ عَالِمٌ فِیْ ثِقَتِهٖ، فَلَسْتُ اُرَخِّصُ فِیْهِ، بَلْ اَنْهٰی عَنْهُ

✦✦ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: حلال ہے۔ جب وہ شخص مڑ کر چلا گیا تو آپ نے اسے بلایا' شاید اس کے بارے میں ہدایت کی اور اسے بلایا گیا تو آپ نے فرمایا: تم نے کیا کہا تھا؟ تم نے کس مقام کے بارے میں دریافت کیا تھا؟ (راوی کو شک ہے کہ یہاں پر شاید لفظ خرتین، خرزتین، خصفتین ہے) کیا پیچھے کی طرف سے اگلی شرمگاہ میں؟ یہ تو ٹھیک ہے' اگر پیچھے کی طرف سے پچھلی شرمگاہ کے بارے میں پوچھا تھا تو یہ ٹھیک نہیں ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیاء نہیں کرتا خواتین سے اس کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو۔

امام شافعی فرماتے ہیں: انہوں نے دریافت کیا: تم کیا کہتے ہو؟ میں نے جواب دیا:

میرے چچا ثقہ ہیں' عبداللہ بن علی (نامی راوی) ثقہ ہیں۔

انہوں نے بتایا' محمد (نامی راوی) نے انصاری' جو اس حدیث کے راوی ہیں' انہوں نے ان کے بارے میں اچھی رائے بیان کی ہے اور حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ وہ ہیں جن کے ثقہ ہونے کے بارے میں کوئی عالم شک نہیں کر سکتا۔

اس لیے میں اس کی اجازت نہیں دوں گا' بلکہ اس سے منع کروں گا۔

اخرجه من كتاب احكام القرآن .

حدیث نمبر 1198:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	436
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	18604
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر	213/5
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	148
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	1924
نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	8982
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء	4201
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' 1988ء	4198
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر"، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	7316
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	173/5
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء	444/6

Marfat.com

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب ''احکام القرآن'' میں نقل کیا ہے۔

باب فی العزل عن الولائد

باب3: کنیزوں کے ساتھ عزل کرنا

1199 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : مَا بَالُ رِجَالٍ يُطَؤُوْنَ وَلَائِدَهُمْ ثُمَّ يَعْزِلُوْنَ لَا تَاْتِيْنِيْ وَلِيْدَةٌ يَعْتَرِفُ سَيِّدُهَا اَنْ قَدْ اَلَمَّ بِهَا اِلَّا قَدْ اَلْحَقْتُ بِهٖ وَلَدَهَا فَاعْزِلُوْا بَعْدُ اَوِ اتْرُكُوْا .

✧✧ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مردوں کو کیا ہو گیا ہے؟ کہ وہ اپنی کنیزوں کے ساتھ صحبت کرتے ہیں پھر وہ عزل کرتے ہیں جو بھی کنیز میرے پاس آئے گی جس کا آقا یہ اعتراف کرتا ہو کے اس نے اس کے ساتھ صحبت کی ہے تو میں اس کنیز کے بچے کو اس کی طرف منسوب کر دوں گا اب تمہاری مرضی ہے اس کے بعد عزل کرو یا نہ کرو۔

1200 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ اِرْسَالِ الْوَلَائِدِ يُوْطَئْنَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ

✧✧ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند سے منقول ہے۔ جوان کنیزوں کی اولاد کی نسبت کے بارے میں ہے جن کے ساتھ صحبت کی جاتی ہے۔

حدیث نمبر **1199**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**551**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**2863**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**12522**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**114/3**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**12523**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**17491**

حدیث نمبر **1200**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**552**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**2164**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**12521**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**114/3**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**143/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**229/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**634/8**

Marfat.com

اخرج الحديثين فی کتاب اختلاف مالك والشافعی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب اختلاف امام شافعی و مالک رحمۃ اللہ علیہما میں نقل کی ہیں۔

باب الولد للفراش

باب 4: بچہ بستر والے کا ہوگا

1201 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، اَوْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، الشَّكُّ مِنْ سُفْيَانَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بچہ بستر والے کا ہوگا اور زانی کو محرومی ملے گی۔

1202 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ وَسَعْدًا، اخْتَصَمَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ابْنِ اَمَةِ زَمْعَةَ ذَكَرَهُ، فَقَالَ سَعْدٌ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَوْصَانِیْ اَخِیْ اِذَا قَدِمْتُ مَكَّةَ اَنِ انْظُرْ اِلٰی ابْنِ زَمْعَةَ فَاقْبِضْهُ فَاِنَّهُ ابْنِیْ، فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ : اَخِیْ وَابْنُ اَمَةِ اَبِیْ،

حدیث نمبر **1201**:

2488 طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان

13821 صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء

17680 کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ

53 مروزی' امام' اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' **1412**ھ-**1991**ء

2241 دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء

6750 بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)

1458 نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر

2006 قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء

1157 ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء

180/6 نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء

5676 نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء

404/3 طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر

5132 طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء

282 القضاعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر' ''المسند''، تحقیق: حمدی عبدالمجید سلفی' موسسۃ الرسالۃ' **1986**ء

412/7 بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ

1085 حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر

239/2 شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر

Marfat.com

وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِ اَبِیْ، فَرَاَی شَبَهًا بِعُتْبَةَ، فَقَالَ : هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ، اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَاحْتَجِبِیْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' عبد بن زمعہ اور سعد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مقدمہ پیش کیا جو زمعہ کی کنیز کے بیٹے کے بارے میں تھا حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے بھائی نے مجھے یہ وصیت کی تھی جب میں مکہ آیا تھا کہ میں زمعہ کی کنیز کے بیٹے کو اپنی تحویل میں لے لوں کیوں کہ وہ میرا (یعنی میرے بھائی کا) بیٹا ہے عبد بن زمعہ بولے یہ میرا بھائی ہے اور میرے باپ کی کنیز کا بیٹا ہے۔ میرے باپ کے بستر پر پیدا ہوا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کی عتبہ کے ساتھ واضح مشابہت ملاحظہ کی آپ نے فرمایا: اے عبد بن زمعہ یہ تمہیں ہی ملے گا کیونکہ بچہ بستر والے کا ہوتا ہے' پھر آپ نے اپنی زوجہ

حدیث نمبر **1202**:

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **104/**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **4245**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **86/6**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **845**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2157**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **1444**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **13818**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **238**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1388**ھ — **17678**

مروزی' امام' اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' **1412**ھ-**1991**ء — **726**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **37/6**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2242**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **2053**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1457**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **180/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5678**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **104/**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **4244**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4107**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4105**

دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **41/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **254/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **25/10**

Marfat.com

سے فرمایا (اے سودہ) تم اس سے پردہ کرو۔

1203 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ يَزِيدَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ اَرْسَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلٰی شَيْخٍ مِنْ بَنِیْ زُهْرَةَ كَانَ يَسْكُنُ دَارَنَا، فَذَهَبْتُ مَعَهُ اِلٰی عُمَرَ فَسَاَلَهُ عَنْ وِلَادِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ : اَمَّا الْفِرَاشُ فَلِفُلَانٍ، وَاَمَّا النُّطْفَةُ فَلِفُلَانٍ، فَقَالَ عُمَرُ يَعْنِیْ ابْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : صَدَقْتَ، وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰی بِالْفِرَاشِ .

✦✦ عبداللہ بن ابویزید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بنوزہرہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو بلوایا جو ہمارے محلے میں رہتا تھا میں بھی اس کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے زمانہ جاہلیت کے بچوں کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے کہا: بستر تو فلاں کا تھا اور نطفہ فلاں کا ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کہا ہے' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بستر والے کے حق میں فیصلہ دیا ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من الجزء الثانی من اختلاف الحديث .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے تینوں روایات کتاب اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں۔

باب انكار لون الولد واستقرار النكاح على الشبهة

باب 5: بچے کے رنگ کا انکار کرنا اور شبہ کی وجہ سے نکاح برقرار رکھنا

1204 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَجُلاً مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اِنَّ امْرَاَتِیْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

حدیث نمبر **1203**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**601**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**409/2**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	**5305**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**103/3**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**410/7**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**12371**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**23/2**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2261**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	**178/6**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**1085**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**132/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**341/6**

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ؟ قَالَ : نَعَمْ، قَالَ : مَا اَلْوَانُهَا؟، قَالَ : حُمْرٌ، قَالَ : هَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ؟ قَالَ : نَعَمْ، قَالَ : اَنّٰى تَرٰى ذٰلِكَ؟ قَالَ : عِرْقٌ نَزَعَهٗ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَلَعَلَّ هٰذَا نَزَعَهٗ عِرْقٌ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' دیہات سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری بیوی نے ایک سیاہ فام کو جنم دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں۔اس نے کہا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ان کا رنگ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: سرخ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ان میں کوئی خاکستری بھی ہے؟ اس نے جواب دیا: ان میں خاکستری بھی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کہاں سے آ گیا؟ اس نے عرض کی: شاید کسی رگ نے اسے کھینچ لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ہوسکتا ہے اسے (یعنی تمہارے بچے کو) بھی کسی رگ نے کھینچ لیا ہو۔

1205 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ اَعْرَابِيًّا مِّنْ بَنِيْ فَزَارَةَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ؟ فَقَالَ : نَعَمْ، قَالَ : فَمَا اَلْوَانُهَا؟ قَالَ : حُمْرٌ، قَالَ : هَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ؟ قَالَ : اِنَّ فِيْهَا لَوُرْقًا، قَالَ : فَاَنّٰى اَتَاهَا ذٰلِكَ؟ قَالَ : لَعَلَّهٗ نَزَعَهٗ عِرْقٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَهٰذَا لَعَلَّهٗ نَزَعَهٗ عِرْقٌ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' بنوفزراہ سے تعلق رکھنے والا ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری بیوی نے ایک سیاہ فام لڑکے کو جنم دیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کا رنگ کیا ہے۔اس نے عرض کی: سرخ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' کیا ان

حدیث نمبر **1205**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**1084**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**239/2**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج'' الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	**112/4**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2260**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	**2002**
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ'' الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء	**2128**
نسائی' امام' احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**178/6**
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ'' المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء	**5869**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**103/3**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4108**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**252/8**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**132/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**424/6**

Marfat.com

میں کوئی خاکستری بھی ہے۔اس نے کہا جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا وہ کہاں سے آ گیا؟ اس نے عرض کی: ہوسکتا ہے کسی رگ نے اسے کھینچ لیا ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو ہوسکتا ہے اس (بچے) کو بھی کسی رگ نے کھینچ لیا ہو۔

1206 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هَارُوْنَ بْنِ رِيَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ : اَتٰى رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيَ امْرَاَةٌ لَّا تُرَدُّ يَدَ لَامِسٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَطَلِّقْهَا، قَالَ : اِنِّيْ اُحِبُّهَا، قَالَ : فَاَمْسِكْهَا اِذًا

✦✦ حضرت عبداللہ بن عبیداللہ بن عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص' نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: میری بیوی چھونے والے کے ہاتھ کو واپس نہیں کرتی نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کو طلاق دے دو۔اس نے عرض کی: میں اس سے محبت کرتا ہوں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم اس کو اپنے ساتھ رہنے دو۔

اخرج الحديثين من كتاب احكام القرآن ' والثالث من كتاب عشرة النساء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات ''احکام قرآن'' میں نقل کی ہیں جبکہ تیسری روایت ''عشرۃ النساء'' میں نقل کی ہے۔

باب الاذن للنساء فی الخروج الی المساجد

باب 6: خواتین کو مسجد جانے (کے لئے گھر سے نکلنے) کی اجازت دینا

1207 - اَخْبَرَنَا بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ

حدیث نمبر **1206**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**16343**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	**67/6**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**5339**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**12/5**

حدیث نمبر **1207**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**5121**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**978**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**7609**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**438/2**
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**1282**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**565**
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء	**5915**
نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء	**1679**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**2213**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1989**ء	**2214**

Marfat.com

اللّٰہُ عَنْہُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا تَمْنَعُوْا اِمَاءَ اللّٰہِ مَسَاجِدَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ، وَاِذَا خَرَجْنَ فَلْیَخْرُجْنَ تَفِلاتٍ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی کنیزوں کو اللہ کی مسجدوں میں جانے سے نہ روکو لیکن جب وہ نکلیں تو خوشبو لگائے بغیر نکلیں۔

1208 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِیْہِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا تَمْنَعُوْا اِمَاءَ اللّٰہِ مَسَاجِدَ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ .

✧✧ سالم اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی کنیزوں کو اللہ کی مسجدوں میں جانے سے نہ روکو۔

اخرج الحدیثین من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1208**:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **1892**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **5107**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **612**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **7608**

الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' ''مسند''، تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء **805**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **448**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **865**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **442**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **556**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **16**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **570**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء **42/2**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **785**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء **5426**

نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء **1677**

اسفرائینی' امام' ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند''، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **56/2**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **2207**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء **2208**

Marfat.com

باب فی النفقات

باب 7: خرچ کا بیان

1209 - اَخْبَرَنَا الربیع، اَخْبَرَنَا الشافعی، اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ عِیَاضٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ اَنَّ هِنْدًا اُمَّ مُعَاوِیَةَ جَائَتْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا سُفْیَانَ رَجُلٌ شَحِیحٌ، وَاِنَّهُ لَا یُعْطِیْنِیْ مَا یَکْفِیْنِیْ وَوَلَدِی اِلا مَا اَخَذْتُ مِنْهُ سِرًّا وَّهُوَ لَا یَعْلَمُ، فَهَلْ عَلَیَّ فِیْ ذٰلِكَ مِنْ شَیْءٍ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : خُذِیْ مَا یَکْفِیْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوفِ .

✦✦ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' معاویہ کی والدہ ''ہند'' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوسفیان کنجوس آدمی ہے وہ مجھے اتنا خرچ نہیں دیتا جو میرے اور میرے بچوں کے لئے کافی ہو مجھے چھپ کر لینا پڑتا ہے جو اس کی لاعلمی میں ہوتا ہے تو کیا مجھے اس پر کوئی گناہ ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے اور اپنے بچوں کے لئے مناسب طور پر لے لیا کرو۔

1210 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا سُفْیَانَ رَجُلٌ شَحِیحٌ، وَلَیْسَ لِی مِنْهُ

حدیث نمبر **1209**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **166/2**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **50/6**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2264**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **2211**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1714**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **3532**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2293**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **246/8**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **598**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **4636**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **1833**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4259**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4255**

دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **234/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **100/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **442/6**

Marfat.com

اِلا مَا يَدْخُلُ عَلَيَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خُذِيْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوفِ .

✧✧ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ہند بنت عتبہ بیان کرتی ہیں وہ نبی کریم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہے مجھے اس کی طرف سے اتنا نہیں ملتا جو میری ضرورت کے لئے کافی ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مناسب طور پر اتنا لے لیا کرو جو تمہارے اور تمہاری اولاد کے لئے کافی ہو۔

1211 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عِنْدِيْ دِيْنَارٌ، قَالَ : اَنْفِقْهُ عَلٰى نَفْسِكَ، قَالَ : عِنْدِيْ اٰخَرُ، قَالَ : اَنْفِقْهُ عَلٰى وَلَدِكَ، قَالَ : عِنْدِيْ اٰخَرُ، قَالَ : اَنْفِقْهُ عَلٰى اَهْلِكَ، قَالَ : عِنْدِيْ اٰخَرُ، قَالَ : اَنْفِقْهُ عَلٰى خَادِمِكَ، قَالَ : عِنْدِيْ اٰخَرُ، قَالَ : اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ، قَالَ سَعِيْدٌ : ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ

حدیث نمبر **1210**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**242**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر'	**39/6**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4258**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**4254**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**100/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**442/6**

حدیث نمبر **1211**:

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء	**5485**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**1176**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر'	**251/2**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**5355**
بخاری' امام' محمد بن اسماعیل' ''الادب المفرد'' مطبعہ مصطفیٰ البابی الحلبی' قاہرہ' طبع رابع **1955**ء	**197**
سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**1691**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	**62/5**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**2314**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**6616**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء	**5483**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**3337**
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	**415/1**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**466/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**87/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**445/6**

Marfat.com

اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ : يَقُوْلُ وَلَدُكَ : اَنْفِقْ عَلَيَّ، اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ؟ تَقُوْلُ زَوْجَتُكَ : اَنْفِقْ عَلَيَّ اَوْ طَلِّقْنِيْ، يَقُوْلُ خَادِمُكَ : اَنْفِقْ عَلَيَّ اَوْ بِعْنِيْ .

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے کہا میرے پاس کچھ دینار ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے اوپر خرچ کرو۔ اس نے فرمایا: میرے پاس اور بھی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی اولاد پر خرچ کرو۔ اس نے عرض کی: میرے پاس اور بھی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی بیوی پر خرچ کرو اس نے عرض کی: میرے پاس اور بھی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے غلام پر خرچ کرو۔ اس نے عرض کی: میرے پاس اور بھی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تم بہتر طور پر جانتے ہو)۔

سعید نامی راوی بیان کرتے ہیں' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جب یہ حدیث بیان کی تو پھر ارشاد فرمایا: تمہارا بیٹا کہے گا مجھ پر خرچ کرو اس وقت تک جب تک میں خود (اپنا خرچ اٹھانے کے قابل نہیں ہو جاتا)۔ تمہاری بیوی یہ کہے گی یا تو مجھ پر خرچ کر دو یا مجھے طلاق دے دو۔ تمہارا خادم یہ کہے گا تم مجھ پر خرچ کرو یا مجھے فروخت کر دو۔

1212 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، قَالَ : سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ عَنِ الرَّجُلِ لَا يَجِدُ مَا يُنْفِقُ عَلٰى امْرَاَتِهٖ قَالَ : يُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا، قَالَ اَبُو الزِّنَادِ قُلْتُ : سُنَّةٌ، فَقَالَ سَعِيْدٌ : سُنَّةٌ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَالَّذِيْ يُشْبِهُ قَوْلَ سَعِيْدٍ سُنَّة اَنْ يَّكُوْنَ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✦✦ ابوزناد بیان کرتے ہیں' میں نے سعید بن مسیب سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جس کے پاس اپنی بیوی کو دینے کے لئے خرچ نہیں ہوتا تو سعید نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی۔ ابوزناد کہتے ہیں میں نے کہا کیا یہ سنت ہے۔ سعید نے فرمایا: یہ سنت ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں سعید کا یہ کہنا کے یہ سنت ہے اس کے بارے میں زیادہ گمان یہ ہی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

1213 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَتَبَ اِلٰى اُمَرَاءِ الْاَجْنَادِ فِيْ رِجَالٍ غَابُوْا عَنْ نِسَائِهِمْ فَاَمَرُوْهُمْ اَنْ يَّاْخُذُوْهُمْ بِاَنْ يُنْفِقُوْا اَوْ يُطَلِّقُوْا فَاِنْ طَلَّقُوْا بَعَثُوْا بِنَفَقَةِ مَا حَبَسُوْا .

حدیث نمبر **1212**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1724**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**12356**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**19006**
دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**297/3**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**470/7**

Marfat.com

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لشکروں کے امیروں کو یہ حکم دیا تھا ان مردوں کے بارے میں جو اپنی بیویوں سے دور ہوتے ہیں کہ وہ امیر انہیں یہ ہدایت کریں کہ وہ اتنی آمدن حاصل کریں جسے وہ خرچ (کے طور پر اپنی بیویوں کو بھجوائیں) یا پھر وہ اپنی بیویوں کو طلاق دے دیں اگر وہ طلاق دیتے ہیں تو پھر وہ خرچ بھی بھجوائیں جو انہوں نے ابھی تک ادا نہیں کیا ہے۔

اخرج الاوّل من کتاب عشرة النساء والٰی اخر الخامس من کتاب احکام القرآن وحی اوّل ما فیه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب عشرت النساء میں نقل کی ہے اس کے بعد پانچویں روایت تک کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہے۔

باب النفقة علی الاقارب

باب 8: قریبی رشتہ داروں پر خرچ کرنا

1214 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : اِنَّ لِی مَالا وَعِيَالا ، وَاِنَّ لاَبِیْ مَالا وَعِيَالا ، وَاِنَّهُ يُرِيْدُ اَنْ يَأْخُذَ مَالِی فَيُطْعِمَهُ عِيَالَهُ ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَنْتَ وَمَالُكَ لاَبِيْكَ .

✧✧ محمد بن منکدر بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میرے پاس کچھ مال بھی ہے اور بال بچے بھی ہیں میرے والد کا بھی مال ہے اور بال بچے بھی ہیں' وہ (یعنی والد) یہ چاہتے ہیں کے وہ میرا مال حاصل

حدیث نمبر **1213**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12346**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **19013**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **107/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **271/6**

حدیث نمبر **1214**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **16628**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **22686**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2291**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **158/4**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **1598**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الاوسط''، تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ' (طبع اوّل) — **3534**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **103/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **253/7**

Marfat.com

کریں اور اپنے بال بچوں کو کھلائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کی ملکیت ہے۔

اخرجه من كتاب جراح العمد امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب جراح عمد میں بیان کیا ہے۔

باب فی النشوز

باب 9: (شوہر کی بیوی میں) عدم دلچسپی

1215 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ اَنَّ بِنْتَ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلَمَةَ كَانَتْ عِنْدَ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ فَكَرِهَ مِنْهَا اَمْرًا اِمَّا كِبَرًا اَوْ غَيْرَهُ فَاَرَادَ طَلَاقَهَا فَقَالَتْ لَا تُطَلِّقْنِيْ وَاَمْسِكْنِيْ وَاَقْسِمْ لِيْ مَا بَدَا لَكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ : "وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا" الْاٰيَةَ .

✧✧ ابن مسیب بیان کرتے ہیں' حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں رافع نے اس خاتون میں کوئی ناپسندیدہ بات دیکھی۔ شاید عمر زیادہ تھی یا اس کے علاوہ کوئی اور بات تھی تو اسے طلاق دینے کا فیصلہ کیا اس عورت نے کہا آپ مجھے طلاق نہ دیں آپ مجھے اپنے ساتھ رہنے دیں اور جو آپ مناسب سمجھتے ہیں میرے حصے میں کر دیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا "اور اگر عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے ناپسندیدگی کا اندیشہ ہو"۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب عشرة النساء .

امام شافعی نے ان تینوں روایات کو کتاب عشرۃ النساء میں نقل کیا ہے۔

باب الاذن فی ضرب النساء

باب 10: خواتین کی پٹائی کرنے کی اجازت

1216 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ سَمِعَهُ يَقُوْلُ : تَزَوَّجَ عَقِيْلُ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَاطِمَةَ بِنْتَ عُتْبَةَ فَقَالَتْ : لَهُ اصْبِرْ لِيْ وَاُنْفِقُ عَلَيْكَ فَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا تَقُوْلُ لَهُ اَيْنَ عُتْبَةُ وَشَيْبَةُ فَسَكَتَ عَنْهَا فَدَخَلَ يَوْمًا بَرِمًا فَقَالَتْ اَيْنَ عُتْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ فَقَالَ عَلٰى يَسَارِكِ فِي النَّارِ اِذَا دَخَلْتِ فَشَدَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابَهَا فَجَاءَتْ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذَكَرَتْ لَهُ ذٰلِكَ فَاَرْسَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَمُعَاوِيَةَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَاُفَرِّقَنَّ بَيْنَهُمَا وَقَالَ مُعَاوِيَةُ مَا كُنْتُ لَاُفَرِّقَ بَيْنَ شَيْخَيْنِ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ قَالَ فَاَتَيَاهُمَا فَوَجَدَاهُمَا

حدیث نمبر **1215**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**1646**
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم "المستدرک" مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	**308/2**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**189/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**281/6**

Marfat.com

قَدْ شَدَّا عَلَيْهِمَا اَثْوَابَهُمَا وَاَصْلَحَا اَمْرَهُمَا .

✧✧ ابن ابی ملیکہ بیان کرتے ہیں' حضرت عقیل بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت عتبہ کے ساتھ شادی کرلی اس خاتون نے اس سے کہا آپ مجھ پر صبر کریں میں آپ پر خرچ کروں گی وہ صاحب جب بھی اس خاتون کے ہاں تشریف لے جاتے تھے تو خاتون ان سے دریافت کرتی تھیں عتبہ اور شیبہ کہاں ہیں تو وہ خاموش رہتے تھے ایک مرتبہ وہ غصے کے ساتھ ان کے ہاں تشریف لائے اس نے دریافت کیا عتبہ بن ربیعہ کہاں ہیں؟ اور شیبہ بن ربیعہ کہاں ہیں؟ تو عقیل نے جواب دیا: جب تم جہنم میں داخل ہوگی تو وہ تمہارے بائیں طرف ہوں گے۔

اس خاتون نے اپنی چادر اوڑھی اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اس بات کا تذکرہ کیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادوں گا۔

جبکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں عبد مناف سے تعلق رکھنے والے دو عمر رسیدہ لوگوں کے درمیان علیحدگی نہیں کرواسکتا۔

راوی بیان کرتے ہیں' یہ دونوں حضرات ان دونوں میاں بیوی کے پاس آئے اور ان دونوں کو اس حالت میں پایا کہ ان دونوں نے (ناراضگی کے عالم میں) اپنا' اپنا کپڑا لپیٹا ہوا تھا پھر انہوں نے ان کے درمیان صلح کروادی۔

1217 - اَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عُبَيْدَةَ اَنَّهُ قَالَ : فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ "وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا" قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ وَامْرَاَةٌ اِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَمَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَاَمَرَهُمْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَبَعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ثُمَّ قَالَ لِلْحَكَمَيْنِ تَدْرِيَانِ مَا عَلَيْكُمَا اِنْ رَاَيْتُمَا اَنْ تَجْمَعَا وَاِنْ رَاَيْتُمَا اَنْ تُفَرِّقَا قَالَ قَالَتِ الْمَرْاَةُ رَضِيْتُ بِكِتَابِ اللّٰهِ بِمَا عَلَيَّ فِيْهِ وَلِيَ وَقَالَ الرَّجُلُ اَمَّا الْفُرْقَةُ فَلَا فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَذَبْتَ وَاللّٰهِ حَتّٰى تُقِرَّ بِمِثْلِ الَّذِيْ اَقَرَّتْ بِهٖ .

حدیث نمبر **1216**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **11887**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **116/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **496/6**

حدیث نمبر **1217**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **11883**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **4678**
دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **295/3**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **308/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **195/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **496/6**

Marfat.com

✦✦ عبیدہ اس آیت کے بارے میں فرماتے ہیں:

''اور اگر تمہیں اندیشہ ہو دونوں کے درمیان کسی اختلاف کا تو تم ایک ثالث مرد کے گھر والوں کی طرف سے بھیجو اور ایک ثالث عورت کے گھر والوں کی طرف سے بھیجو''۔

وہ بیان کرتے ہیں' ایک مرد اور عورت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ان میں سے ہر ایک کے ساتھ کچھ لوگ تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں ہدایت کی کہ وہ مرد کے گھر والوں کی طرف سے ایک ثالث بھیجیں اور عورت کے گھر والوں کی طرف سے ایک ثالث بھیجیں۔ پھر آپ نے دونوں ثالثوں سے فرمایا: تم دونوں جانتے ہو تمہارے اوپر کون سی چیز لازم ہے؟ اور اگر تم دونوں مناسب سمجھو گے یہ دونوں اکٹھے رہیں تو ٹھیک ہے اور اگر تم دونوں یہ سمجھو یہ دونوں علیحدہ ہو جائیں تو یہ بھی ٹھیک ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' وہ عورت بولی: میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کے فیصلے پر راضی ہوں جو بھی میرے اوپر لازم ہوتا ہے یا جو بھی میرا حق ہے۔ مرد بولا: میں علیحدگی نہیں چاہتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جھوٹ کہہ رہے ہو۔ اللہ کی قسم! تم بھی اسی طرح اقرار کرو گے جس طرح اس عورت نے اقرار کیا۔

1218 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بن عيينة، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ : كَانَتْ بِنْتُ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلَمَةَ عِنْدَ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ فَكَرِهَ مِنْهَا شَيْئًا اِمَّا كِبْرًا وَاِمَّا غَيْرَهُ، فَاَرَادَ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فَقَالَتْ : لَا تُطَلِّقْنِىْ وَاَنَا اَحِلُّ لَكَ فَنَزَلَ فِىْ ذٰلِكَ ''وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِن بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا'' الْاٰيَةَ قَالَ : فَمَضَتْ بِذٰلِكَ السُّنَّةُ

✦✦ سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے: محمد بن مسلمہ کی صاحبزادی حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں رافع نے اس میں کوئی چیز ناپسند کی' زیادہ عمر تھی یا کوئی اور وجہ تھی تو اسے طلاق دینے کا ارادہ کیا تو اس خاتون نے کہا کہ آپ مجھے طلاق نہ دیں میں آپ کے لئے حلال کرتی ہوں تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''اگر عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے ناپسندیدگی یا لاتعلقی کا اندیشہ ہو''۔

راوی بیان کرتے ہیں' اس کے بعد یہ سنت بن گئی۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب الخلع والنشوز والرابع من كتاب النكاح من الاملاء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات خلع ونشور میں نقل کی ہیں جبکہ چوتھی روایت کتاب النکاح میں نقل کی ہے۔ یہ املاء سے تعلق رکھتی ہے۔

باب الحضانة

باب 11: حضانت کا بیان

1219 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ ذُبَابٍ، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَضْرِبُوْا اِمَاءَ اللّٰهِ، قَالَ : فَاَتَاهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ذَئِرَ النِّسَآءُ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ، فَاَذِنَ فِىْ ضَرْبِهِنَّ، فَاَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ

Marfat.com

كَثِيْرٌ كُلُّهُنَّ يَشْكُوْنَ اَزْوَاجَهُنَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَقَدْ اَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ سَبْعُوْنَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ يَشْكِيْنَ اَزْوَاجَهُنَّ، وَلَا تَجِدُوْنَ اُوْلٰئِكَ خِيَارَكُمْ

✧✧ حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی کنیزوں کو نہ مارو۔

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! خواتین اپنے شوہروں کے مقابلے میں شیر ہوگئی ہیں۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کی پٹائی کی اجازت دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے پاس بہت سی خواتین آنے لگیں' ان میں سے ہر ایک اپنے شوہر کی شکایت کر رہی تھی۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: محمد کے گھر والوں کے پاس ستر خواتین آئیں ہیں ان میں سے ہر ایک نے اپنے شوہر کی شکایت کی ہے تم ان لوگوں کو اپنے میں بہتر نہیں پاؤ گے۔ (یعنی ان لوگوں کا طرز عمل ٹھیک نہیں ہے)۔

اخرجه من كتاب الخلع والنشوز .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی روایت کو کتاب خلع ونشوز میں نقل کیا ہے۔

باب الايلاء

باب 12: ایلاء کا بیان

1220 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ : اَظُنُّهُ عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ غُلَامًا بَيْنَ اَبِيْهِ وَاُمِّهِ .

حدیث نمبر **1219**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**17945**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**876**
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**2225**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	**1985**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2146**
نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**9167**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4192**
1291 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ وَزَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، اَنَّ الْاَحْوَصَ هَلَكَ بِالشَّامِ حِيْنَ دَخَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِى الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ وَقَدْ كَانَ طَلَّقَهَا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ اِلٰى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَكَتَبَ اِلَيْهِ زَيْدٌ اِنَّهَا اِذَا دَخَلَتْ فِى الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ وَبَرِىْءَ مِنْهَا وَلَا تَرِثُهٗ وَلَا يَرِثُهَا

✧✧ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں احوص نامی صاحب کا شام میں انتقال ہو گیا اس وقت جب ان کی اہلیہ تیسرے حیض کے خون میں داخل ہوئی ان صاحب نے اس خاتون کو طلاق دے دی تھی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو خط لکھا تھا کہ ان سے اس بارے میں دریافت کریں؟ تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے جواب میں لکھا: وہ عورت جب تیسرے حیض کے خون میں داخل ہوئی تو مرد اس سے لاتعلق ہو گیا اور وہ عورت اس سے تعلق ہو گئی اس لئے وہ عورت اس مرد کی وارث نہیں بنے گی اور وہ مرد اس عورت کا وارث نہیں بنے گا۔

حدیث نمبر **1289**:

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ''' شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **61/3**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **41/7**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام'' المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **11005**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ'' المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **18885**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس''' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **209/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس''' الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **530/6**

حدیث نمبر **1291**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس'' المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1686**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام'' المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **11006**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ'' المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **18992**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس''' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **209/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس''' الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **530/6**

Marfat.com

1292 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانَ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ : اِذَا طَعَنَتِ الْمُطَلَّقَةُ فِي الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ .

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب طلاق یافتہ عورت تیسرے حیض میں داخل ہوجائے تو وہ مرد سے لاتعلق ہوجاتی ہے۔

1593 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ نَّافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: اِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ فَدَخَلَتْ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ وَبَرِئَ مِنْهَا لَا تَرِثُهُ وَلَا يَرِثُهَا .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دیدے اور وہ تیسرے حیض کے خون میں داخل ہوجائے تو وہ عورت اس سے مرد سے لاتعلق ہوجاتی ہے اور مرد اس سے لاتعلق ہوجاتا ہے وہ عورت اس مرد کی وارث نہیں بنے گی اور وہ مرد اس عورت کا وارث نہیں بنے گا۔

اخرج الستة الاحاديث من كتاب العدد .

اماشافعی نے ان چھ روایات کو کتاب ''العدد'' میں نقل کیا ہے۔

باب عدة الامة

باب 2: کنیز کی عدت کا حکم

1294 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلَى اٰلِ طَلْحَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ : يَنْكِحُ الْعَبْدُ امْرَاَتَيْنِ وَيُطَلِّقُ تَطْلِيْقَتَيْنِ وَتَعْتَدُّ الْاَمَةُ

حدیث نمبر **1292**:

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر	61/3
صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم، بیروت، 1970ء	11003
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1386ھ	18883
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان	209/5
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، 2001ء	531/6

حدیث نمبر **1293**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) 1996ء	1688
صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم، بیروت، 1970ء	11004
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1386ھ	8886
طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر	61/3
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان	209/5
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، 2001ء	531/6

Marfat.com

حَيْضَتَيْنِ فَإِنْ لَّمْ تَكُنْ تَحِيْضُ فَشَهْرَيْنِ اَوْ شَهْرًا وَنِصْفًا، قَالَ سُفْيَانُ : وَكَانَ ثِقَةً .

✧✧ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: غلام' صرف دو عورتوں کے ساتھ بیک وقت نکاح کر سکتا ہے اور وہ دو مرتبہ طلاق دے سکتا ہے اسی طرح کنیز دو حیض تک عدت بسر کرے گی اگر اسے حیض نہیں آتا تو وہ دو ماہ تک (راوی کو شک ہے یا یہ الفاظ ہیں) ڈیڑھ ماہ تک عدت بسر کرے گی۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں: وہ ثقہ ہیں۔

1295 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِّنْ ثَقِيْفَ اَنَّهٗ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ لَوِ اسْتَطَعْتُ لَجَعَلْتُهَا حَيْضَةً وَنِصْفًا فَقَالَ رَجُلٌ فَاجْعَلْهَا شَهْرًا وَّنِصْفًا فَسَكَتَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

✧✧ عمرو بن اوس ثقفی' ثقیف قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے بارے میں بتاتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اگر میرے پاس اس کا اختیار ہوتا تو میں کنیز کی عدت ڈیڑھ حیض مقرر کرتا' ایک صاحب بولے آپ اسے ڈیڑھ ماہ مقرر کر دیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ خاموش رہے۔

1296 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ فِيْ اُمِّ الْوَلَدِ يُتَوَفّٰى عَنْهَا سَيِّدُهَا قَالَ : تَعْتَدُّ بِحَيْضَةٍ

حدیث نمبر **1294**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12872**

دارقطنی' امام علی بن عمر "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **308/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **1275**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام"، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **552/6**

حدیث نمبر **1295**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12874**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **18768**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **217/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام"، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **553/6**

حدیث نمبر **1296**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **596**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1735**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **1287**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **16747**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **447/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **218/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام"، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **554/8**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ' اُمّ ولد کے بارے میں فرماتے ہیں: جس کا آقا فوت ہو جائے وہ حیض کے حساب سے عدت بسر کرے گی۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تین روایات کو کتاب العدد میں نقل کیا ہے۔

باب من رفعتها حيضة

باب 3: جس عورت کا حیض آنا ختم ہو جائے

1297 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَّحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَّيَزِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَسِيْطٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ قَالَ : قَالَ عُمَرَ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : اَيُّمَا امْرَاَةٍ طَلَّقَتْ فَحَاضَتْ حَيْضَةً اَوْ حَيْضَتَيْنِ ثُمَّ رَفَعَتْهَا حَيْضَةٌ فَاِنَّهَا تَنْتَظِرُ تِسْعَةَ اَشْهُرٍ فَاِنَّ بِاَنَّ بِهَا حَمْلٌ فَذٰلِكَ وَاِلَّا اعْتَدَّتْ بَعْدَ التِّسْعَةِ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ ثُمَّ حَلَّتْ .

✧✧ ابن مسیّب بیان کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: جس عورت کو طلاق دی جائے پھر اسے ایک یا دو مرتبہ حیض آ جائے اور پھر اسے حیض آنا بند ہو جائے وہ 9 ماہ تک انتظار کرے اگر اس کا حمل ظاہر ہو جاتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ 9 ماہ گزرنے کے بعد تین ماہ تک عدت بسر کرے گی اور پھر وہ (دوسرا نکاح کرنے کے لیے) حلال ہو گی۔

اخرجه من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب ''العدد'' میں نقل کیا ہے۔

باب عدة من نكحت فى العدة

باب 4: جو عورت عدت کے دوران نکاح کر لیتی ہے اس کی عدت کا حکم

1298 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنُ الْمُسَيِّبِ، وَسُلَيْمَانُ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ طُلَيْحَةَ كَانَتْ تَحْتَ رُشَيْدٍ الثَّقَفِيِّ فَطَلَّقَهَا الْبَتَّةَ فَنَكَحَتْ فِيْ عِدَّتِهَا فَضَرَبَهَا عُمَرَ بْنُ الْخَطَّابِ اَوْ ضَرَبَ زَوْجَهَا بِالْمِخْفَقَةِ ضَرَبَاتٍ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نَكَحَتْ فِيْ عِدَّتِهَا فَاِنْ كَانَ زَوْجُهَا الَّذِيْ

حدیث نمبر **1297**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	611
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء	1703
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	1109
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	18990
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	213/5
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء	539/6

Marfat.com

تَزَوَّجَهَا لَمْ يَدْخُلْ بِهَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ اعْتَدَّتْ بَقِيَّةَ عِدَّتِهَا مِنْ زَوْجِهَا الْاَوَّلِ وَكَانَ خَاطِبًا مِّنَ الْخُطَّابِ وَاِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ اعْتَدَّتْ بَقِيَّةَ عِدَّتِهَا مِنَ الْاَوَّلِ ثُمَّ اعْتَدَّتْ مِنَ الْاٰخِرِ ثُمَّ لَمْ يَنْكِحْهَا اَبَدًا

قَالَ سَعِيْدٌ وَلَهَا مَهْرُهَا بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْهَا .

✦✦ ابن مسیب اور سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں طلیحہ نامی خاتون رشید ثقفی کی اہلیہ تھیں ان صاحب نے اس عورت کو طلاق ''بتہ'' دے دی اس عورت نے اپنی عدت کے دوران دوسری شادی کر لی تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اسے سزا دی اور اس کے (دوسرے) شوہر کو بھی درّے کے ذریعے مارا اور ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادی۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرمایا: جو عورت اپنی عدت کے دوران شادی کرے گی تو اگر اس کے دوسرے شوہر نے اس کے ساتھ صحبت نہیں کی تو ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی اور پھر وہ عورت اپنے پہلے شوہر کی بقیہ رہ جانے والی عدت بسر کرے گی اور وہ مرد صرف نکاح کا پیغام دینے والا شمار ہوگا لیکن مرد نے اگر اس کے ساتھ صحبت کر لی تو ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروالی جائے گی پھر وہ عورت پہلے شوہر کی بقیہ عدت پوری کرے گی پھر دوسرے شوہر کی عدت بسر کرے گی پھر وہ مرد اس عورت کے ساتھ کبھی شادی نہیں کر سکے گا۔

سعید بیان کرتے ہیں: دوسرے مرد نے جو اس کے ساتھ صحبت کی ہے اس کی وجہ سے اسے مہر ملے گا۔

1299 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ زَاذَانَ اَبِىْ عُمَرَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَضٰى فِى الَّتِىْ تَزَوَّجَ فِىْ عِدَّتِهَا اَنَّهُ يُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا وَلَهَا الصَّدَاقُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا وَتُكْمِلُ مَا افْسَدَتْ مِنْ عِدَّةٍ، وَتَعْتَدُّ مِنَ الْاٰخِرِ

✦✦ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس عورت کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا جس نے اپنی عدت کے دوران شادی کر لی تھی: ان

حدیث نمبر **1298**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **545**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1532**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **10539**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **441/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **233/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **589/6**

حدیث نمبر **1299**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **10532**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **18786**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **11417**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **233/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **590/6**

Marfat.com

دونوں میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی تاہم مرد نے اس کی شرمگاہ کو استعمال کیا ہے اس وجہ سے اس عورت کو مہر ملے گا اور اس نے جس عدت کو خراب کیا تھا وہ اسے مکمل کرے گی پھر دوسرے شوہر کی عدت مکمل کرے گی۔

اخرج الحديثين من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو کتاب ''العدد'' میں نقل کیا ہے۔

باب عدة المتوفى عنها زوجها وهى حامل

باب 5: وہ بیوہ' جو حاملہ ہو' اس کی عدت کا بیان

1300 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ سُبَيْعَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَمَرَّ بِهَا اَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ، فَقَالَ : قَدْ تَصَنَّعْتِ لِلاَزْوَاجِ اِنَّهَا اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرٌ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ سُبَيْعَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : كَذَبَ اَبُو السَّنَابِلِ، اَوْ لَيْسَ كَمَا قَالَ اَبُو السَّنَابِلِ، قَدْ حَلَلْتِ فَتَزَوَّجِى .

✧✧ عبیداللہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' سبیعہ بنت حارث نے اپنے شوہر کی وفات کے چند دن بعد بچے کو جنم دیا ابوسنابل' ان کے پاس سے گزرے اور بولے: تم نے شادی کے لئے تیاری کرلی ہے (تمہاری عدت تو) چار ماہ دس دن ہے سبیعہ نامی خاتون نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے فرمایا ابوسنابل نے غلط بیان کیا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) ایسا نہیں ہے جیسا ابوسنابل نے کہا ہے تمہاری عدت ختم ہو چکی ہے تم اب دوسری شادی کرسکتی ہو۔

1301 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ : سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّاَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِىَ حَامِلٌ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : اٰخِرُ الْاَجَلَيْنِ، وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ : اِذَا وَلَدَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، فَدَخَلَ اَبُوْ سَلَمَةَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ،

حدیث نمبر **1300**:

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**3991**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	**1484**
سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2306**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	**194/6**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4297**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**4294**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**428/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**224/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**586/6**

Marfat.com

فَقَالَتْ : وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِنِصْفِ شَهْرٍ فَخَطَبَهَا رَجُلاَنِ اَحَدُهُمَا شَابٌّ وَّالْاٰخَرُ كَهْلٌ، فَخُطِبَتْ اِلَى الشَّابِّ، فَقَالَ الْكَهْلُ : لَمْ تَحِلِّ، وَكَانَ اَهْلُهَا غُيَّبًا وَّرَجَا اِذَا جَاءَ اَهْلُهَا اَنْ يُؤْثِرُوهُ بِهَا، فَجَائَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : قَدْ حَلَلْتِ، فَانْكِحِي مَنْ شِئْتِ .

✧✧ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حاملہ بیوہ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا' دونوں طرح کی عدت میں جو بعد میں ختم ہوگی (اسی کا حساب ہوگا) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جیسے ہی وہ عورت بچے کو جنم دے گی اس کی عدت ختم ہو جائے گی۔

ابوسلمہ نامی راوی اُم المؤمنین سیّدہ اُمّ سلمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: سبیعہ اسلمیہ نے اپنے شوہر کی وفات کے پندرہ دن بعد بچے کو جنم دیا پھر دو آدمیوں نے اسے نکاح کا پیغام بھیجا ان میں سے ایک جوان تھا اور دوسرا بڑی عمر کا تھا تو اس عورت نے جوان شخص کے ساتھ نکاح کے پیغام کو قبول کر لیا تو بڑی عمر کے شخص نے کہا: تمہاری عدت ابھی ختم نہیں ہوئی' اس عورت کے میکے والے وہاں موجود نہیں تھے اس بڑی عمر کے شخص نے یہ سوچا' جب اس کے میکے والے آئیں گے تو اس عورت کے ساتھ شادی کے لئے اسے ترجیح دیں گے وہ عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ نے ارشاد فرمایا: تمہاری عدت ختم ہو چکی ہے تم جس کے ساتھ چاہو شادی کر سکتے ہو۔

1302 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَّاَبَا سَلَمَةَ اخْتَلَفَا فِي

حدیث نمبر **1301**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1728**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **319/6**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **191/6**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء — **5702**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4300**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4297**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **224/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **566/6**

حدیث نمبر **1302**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان — **1593**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء — **11724**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2284**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **298/6**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **4909**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — **1485**

Marfat.com

الْمَرْاَةِ تُنْفَسُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : اٰخِرُ الْاَجَلَيْنِ، وَقَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ : اِذَا نُفِسَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، فَجَاءَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ : اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِيْ، يَعْنِيْ اَبَا سَلَمَةَ، فَبَعَثُوْا كُرَيْبًا مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ يَسْاَلُهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَجَائَهُمْ فَاَخْبَرَهُمْ، اَنَّهَا قَالَتْ : وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا : قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِي .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے درمیان کسی ایسی عورت کے بارے میں اختلاف ہوگیا جو اپنے شوہر کی وفات کے چند دن بعد بچے کو جنم دیدے، تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: دونوں طرح کی عدت میں جو بعد میں ختم ہو گی (اسی حساب سے شمار کیا جائے گا) ابوسلمہ نے بیان کیا: جیسے ہی وہ بچے کو جنم دے گی اس کی عدت ختم ہو جائے گی۔

راوی بیان کرتے ہیں اسی دوران حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آئے اور وہ بولے: میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہوں! یعنی ابوسلمہ کے ساتھ ہوں۔

ان لوگوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غلام ''کریب کو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا تا کہ وہ ان سے اس بارے میں دریافت کرے وہ غلام واپس آیا اور ان حضرات کو بتایا:

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: سبیعہ اسلمیہ نامی خاتون نے اپنے شوہر کی وفات کے کچھ عرصے بعد بچے کو جنم دے دیا اس خاتون نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے اس سے ارشاد فرمایا: تمہاری عدت ختم ہو چکی ہے تم (دوسری) شادی کر سکتی ہو۔

1303 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، اَنَّ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةَ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1302**:

ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت **1996**ء — **1194**

نسائی، امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن''، دار الحدیث، قاہرہ، مصر، **1407**ھ-**1987**ء — **192/6**

نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ، **1991**ء — **5705**

تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل، **1996**ء — **4298**

الفارسی، امام امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان''، موسسۃ الرسالہ، بیروت، طبع اوّل، **1988**ء — **4295**

طبرانی، امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی، مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، موصل، عراق، (طبع ثانی) — **572/23**

بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدر آباد دکن، ہندوستان، **1344**ھ — **4297**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **224/5**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **567/6**

حدیث نمبر **1303**:

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دار القلم، بیروت، **1970**ء — **11734**

شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند''، المطبعۃ المیمنیہ، مصر — **321/4**

بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **5320**

Marfat.com

فِسَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَجَائَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَتْهُ فِيْ اَنْ تُنْكَحَ، فَاَذِنَ لَهَا .

✦✦ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں سبیعہ اسلمیہ نامی خاتون اپنے شوہر کی وفات کے چند دن بعد نفاس والی ہوگئی (یعنی اس نے اپنے بچے کو جنم دیا) پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شادی کرنے کے لئے اجازت مانگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دیدی۔

1304 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِاَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْمَرْاَةِ يُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا وَضَعَتْ حَمْلَهَا فَقَدْ حَلَّتْ فَاَخْبَرَهُ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَوْ وَلَدَتْ وَزَوْجُهَا عَلٰى سَرِيْرِهٖ لَمْ يُدْفَنْ لَحَلَّتْ

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: ان سے ایسی بیوہ کے بارے میں دریافت کیا جو حاملہ بھی ہو، تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جیسے ہی وہ بچے کو جنم دے گی اس کی عدت ختم ہو جائے گی تو انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انہیں بتایا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: اگر وہ عورت بچے کو اس وقت جنم دے جب کہ اس کے شوہر کی میت چار پائی پر پڑی ہو اسے دفن نہ کیا گیا ہو تو بھی اس عورت کی عدت ختم ہو جائے گی۔

اخرج الاوّل من كتاب الرسالة ' والىٰ اٰخر الخامس من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب ''الرسالہ'' میں نقل کی ہے اس کے بعد پانچویں روایت تک کتاب العدد میں نقل کی ہے۔

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1303**:

قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الجیل، بیروت، **1998**ء — **2029**

نسائی، امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن''، دار الحدیث، قاہرہ، مصر، **1407**ھ-**1987**ء — **190/6**

نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ، **1991**ء — **5699**

موصلی، امام ابو یعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد، دار المامون للتراث، طبع اوّل، **1987**ء — **/100**

تمیمی، امام ابو حاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل، **1996**ء — **4301**

الفارسی، امام امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان''، موسسۃ الرسالہ، بیروت، طبع اوّل، **1988**ء — **4298**

شافعی، امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **224/5**

شافعی، امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **568/6**

حدیث نمبر **1304**:

اصبحی، ابو عبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1726**

صنعانی، امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دار القلم، بیروت، **1970**ء — **11718**

کوفی، امام ابو بکر عبداللہ بن محمد بن ابو شیبہ ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ، حیدر آباد دکن، ہندوستان، **1386**ھ — **17090**

شافعی، امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **224/5**

شافعی، امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **568/6**

Marfat.com

باب المتوفی عنها قبل انقضاء عدتها

باب 6: جوعورت اپنی عدت ختم ہونے سے پہلے بیوہ ہوجائے

1305 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهٗ حَبَّانُ بْنُ مُنْقِذٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَهُوَ صَحِيْحٌ وَّهِیَ تُرْضِعُ ابْنَتَهٗ فَمَكَثَتْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا لَا تَحِيْضُ يَمْنَعُهَا الرَّضَاعُ اَنْ تَحِيْضَ ثُمَّ مَرِضَ حَبَّانُ بَعْدَ اَنْ طَلَّقَهَا بِسَبْعَةِ اَشْهُرٍ اَوْ ثَمَانِيَةِ اَشْهُرٍ فَقُلْتُ لَهٗ اِنَّ امْرَاَتَكَ تُرِيْدُ اَنْ تَرِثَ فَقَالَ لِاَهْلِهٖ احْمِلُوْنِیْ اِلٰی عُثْمَانَ فَحَمَلُوْهُ اِلَيْهِ فَذَكَرَ لَهٗ شَاْنَ امْرَاَتِهٖ وَعِنْدَهٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَقَالَ لَهُمَا عُثْمَانُ مَا تَرَيَانِ فَقَالَا نَرٰی اَنَّهَا تَرِثُهٗ اِنْ مَّاتَ وَيَرِثُهَا اِنْ مَاتَتْ فَاِنَّهَا لَيْسَتْ مِنَ الْقَوَاعِدِ اللَّاتِیْ قَدْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ وَلَيْسَتْ مِنَ الْاَبْكَارِ اللَّاتِیْ لَمْ يَبْلُغْنَ الْمَحِيْضَ ثُمَّ هِیَ عَلٰی عِدَّةِ حَيْضِهَا مَا كَانَ مِنْ قَلِيْلٍ اَوْ كَثِيْرٍ فَرَجَعَ حَبَّانُ اِلٰی اَهْلِهٖ وَاَخَذَ ابْنَتَهٗ فَلَمَّا فَقَدَتِ الرِّضَاعَ حَاضَتْ حَيْضَةً ثُمَّ حَاضَتْ حَيْضَةً اُخْرٰی ثُمَّ تُوُفِّیَ حَبَّانُ قَبْلَ اَنْ تَحِيْضَ الثَّالِثَةَ فَاعْتَدَّتْ عِدَّةَ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا وَوَرِثَتْهُ .

قال الاصم : فی کتابی حبان بالباء

✧✧ عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب جن کا نامی حبان بن منقذ تھا انہوں نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی تو وہ صاحب اس وقت تندرست تھے اور وہ عورت ان صاحب کی صاحبزادی کو دودھ پلا رہی تھیں سترہ ماہ گزر گئے لیکن اس عورت کو حیض نہیں آیا بچے کو دودھ پلانے کی وجہ سے حیض نہیں آ رہا تھا پھر حبان بیمار ہو گئے یہ ان کے اس عورت کو طلاق دینے کے سترہ یا اٹھارہ ماہ کے بعد کی بات ہے میں نے ان سے کہا: آپ کی وہ بیوی یہ چاہتی ہے کہ وہ آپ کی وارث بن جائے تو انہوں نے اپنے گھر والوں سے کہا مجھے اٹھا کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس لے جاؤ۔

وہ لوگ انہیں اٹھا کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے انہوں نے اپنی بیوی کے معاملے کا تذکرہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کیا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ان کے پاس موجود تھے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان دونوں حضرات سے کہا: آپ لوگوں کی کیا رائے ہے؟ ان دونوں نے یہ کہا کہ اگر یہ فوت ہو جاتے ہیں تو ہمارے خیال میں وہ عورت ان کی وارث بنے گی اور اگر وہ عورت فوت ہو جاتی ہے تو یہ اس کے وارث بنیں گے کیونکہ یہ ان عورتوں میں سے نہیں ہے جن کے حیض آنے کی عمر گزر چکی ہے اور یہ کنواری بھی نہیں ہے کہ جو حیض کی عمر تک پہنچی ہی نہ ہو اس لئے یہ حیض کے حساب سے عدت میں باقی رہے گی خواہ وہ تھوڑی ہو یا زیادہ حبان واپس اپنی بیوی کے پاس گئے انہوں نے اپنی بیٹی کو حاصل کیا جب رضاعت ختم ہو گئی تو اس عورت کو حیض آ گیا دوسری مرتبہ حیض آ گیا پھر اسے تیسری مرتبہ حیض آنے سے پہلے حبان کا انتقال ہو گیا تو اس عورت نے ایک بیوہ کی طرح عدت بسر کی اور ان صاحب کی وارث بنی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں یہ بات تحریر کی ہے کہ لفظ حبان بن منقذ ''ب'' کے ساتھ ہے۔

1306 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَی بْنِ حَبَّانَ اَنَّهٗ كَانَ عِنْدَ جَدِّهٖ هَاشِمِيَّةٌ وَاَنْصَارِيَّةٌ فَطَ

Marfat.com

نْصَارِيَّةَ وَهِيَ تُرْضِعُ فَمَرَّتْ بِهَا سَنَةٌ ثُمَّ هَلَكَ وَلَمْ تَحِضْ فَقَالَتْ اَنَا اَرِثُهُ لَمْ اَحِضْ فَاخْتَصَمُوْا اِلٰى عُثْمَانَ
ضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَضٰى لِلْاَنْصَارِيَةِ بِالْمِيْرَاثِ فَلَامَتِ الْهَاشِمِيَّةُ عُثْمَانَ فَقَالَ هٰذَا عَمَلُ ابْنِ عَمِّكَ هُوَ اَشَارَ عَلَيْنَا
ذَا يَعْنِيْ عَلِيَّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

✧✧ محمد بن یحییٰ بیان کرتے ہیں ان کے دادا کی ایک بیگم ہاشمی تھی اور ایک انصاری تھی انہوں نے انصاری بیگم کو طلاق
ے دی وہ خاتون بچے کو دودھ پلا رہی تھیں ایک سال گزر گیا پھر وہ صاحب انتقال کر گئے لیکن اس خاتون کو حیض نہ آیا وہ خاتون
لی: میں ان صاحب کی وارث ہوں گی مجھے حیض نہیں آیا یہ لوگ اپنا مقدمہ لے کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو حضرت
ثمان رضی اللہ عنہ نے انصاری خاتون کے حق میں فیصلہ دے دیا تو ہاشمی خاتون نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ملامت کی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
نے فرمایا: یہ آپ کے چچازاد (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کا عمل ہے۔
راوی بیان کرتے ہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مراد حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تھے (کیونکہ انہوں نے ہی یہ فیصلہ دیا تھا)

اخرج الحديثين من كتاب العدد .

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے ان دونوں روایات کو کتاب العدد میں نقل کیا ہے۔

باب عدة المتوفى عنها زوجها ولم يدخل بها

باب 7: اس بیوہ کی عدت جس کے شوہر نے اس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو

1307 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي
الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ ثُمَّ يَمُوْتُ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا اَنَّ لَهَا الْمِيْرَاثَ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَا
صَدَاقَ لَهَا .

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایسے مرد کے بارے میں فرماتے ہیں: جو کسی عورت کے ساتھ شادی کرے اور فوت ہو جائے اور اس
نے اس عورت کے ساتھ صحبت نہیں کی نہ ہی کوئی مہر مقرر کیا تو ایسی عورت کو وراثت میں حق ملے گا اور اس عورت پر عدت گزارنا لازم
ہوگا۔

1308 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ ابْنَةَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَاُمَّهَا بِنْتَ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ كَانَتْ تَحْتَ

حدیث نمبر **1306**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	601
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	1664
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	1102
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	419/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	121/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	375/6

Marfat.com

ابْنِ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَمَاتَ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَلَمْ يُسَمِّ لَهَا صَدَاقًا فَاتَّبَعَتْ اُمُّهَا صَدَاقَهَا فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ : لَيْسَ لَهَا صَدَاقٌ وَلَوْ كَانَ لَهَا صَدَاقٌ لَمْ نَمْنَعْكُمُوْهُ وَلَمْ نَظْلِمْهَا فَاَبَتْ اَنْ تَقْبَلَ ذٰلِكَ فَجَعَلُوْا بَيْنَهُمْ زَيْدُ بْنَ ثَابِتٍ فَقَضٰى اَنْ لَّا صَدَاقَ لَهَا وَلَهَا الْمِيْرَاثُ .

✧✧ نافع بیان کرتے ہیں حضرت عبید اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی صاحبزادی' جس کی والدہ حضرت زید بن خطاب رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی تھیں' عبید اللہ کی وہ صاحبزادی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بیٹے کی بیوی تھیں وہ بیٹا فوت ہوگیا اس نے اس خاتون کے ساتھ صحبت نہیں کی تھی اور اس کا کوئی مہر مقرر نہیں کیا تھا اس لڑکی کی ماں نے اس کا مہر حاصل کرنا چاہا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا: اس لڑکی کو مہر نہیں ملے گا اگر اس کو مہر ملنا ہوتا تو ہم اس کی ادائیگی کو نہ روکتے اور اس لڑکی کے ساتھ زیادتی نہ کرتے اس عورت نے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا تو لوگوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو ثالث مقرر کیا' انہوں نے یہ فیصلہ کیا: اس لڑکی کو مہر نہیں ملے گا بلکہ وراثت میں حصہ ملے گا۔

اخرج الاوّل من كتاب اختلاف على و عبد الله مما لم يسمع الربيع من الشافعى ' والثانى من كتاب الصداق والايلاء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ و حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہے یہ ان روایات میں شامل ہے جنہیں امام ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا ہے۔

دوسری روایت کتاب الصداق وایلاء میں نقل کی ہے۔

باب الاحداد

باب 8: سوگ کرنا

1309 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِىْ سَلَمَةَ، اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثَ الثَّلَاثَةَ، قَالَ : قَالَتْ زَيْنَبُ : دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّىَ اَبُوْ سُفْيَانَ، فَدَعَتْ اُمُّ حَبِيْبَةَ بِطِيْبٍ فِيْهِ صُفْرَةٌ، خَلُوْقٌ اَوْ غَيْرُهُ فَدَهَنَتْ مِنْهُ جَارِيَةً ثُمَّ مَسَحَتْ بِعَارِضَيْهَا، ثُمَّ قَالَتْ : وَاللّٰهِ مَالِىْ بِالطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ اِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ : لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا .

حدیث نمبر **1308**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء	1498
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	246/7
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	69/5
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء	176/6

Marfat.com

✦✦ سیّدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا نے درج ذیل تین روایات نقل کی ہیں۔

سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اُمّ المؤمنین سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھیں یہ اس ت کی بات ہے جب حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے خوشبو منگوائی جس میں زرد رنگ کی خوشبو بھی تھی دوسری بھی تھی انہوں نے ایک کنیز کے ذریعے اسے تیل میں ملوایا اور پھر اس کو اپنے رخساروں پر لگالیا پھر انہوں نے فرمایا: اللہ کی م! مجھے اس خوشبو کو لگانے کی ضرورت نہیں تھی وجہ صرف یہ ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والے کسی بھی عورت کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ کسی کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے البتہ وہ اپنے شوہر کا سوگ چار ماہ دس دن تک کرے گی''۔

1310 - وَقَالَتْ زَيْنَبُ : دَخَلْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِيْنَ تُوُفِّيَ اَخُوهَا عَبْدُ اللّٰهِ، فَدَعَتْ بِطِيْبٍ مَسَّتْ مِنْهُ ثُمَّ قَالَتْ : مَالِي بِالطِّيبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ : لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا .

حدیث نمبر **1309**:

ک' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1747**

عانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12130**

بدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر''' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **306**

بانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل''' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **325/6**

ری' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن''' ''السنن''' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2289**

اری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل''' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **1280**

شاپوری' امام' مسلم بن حجاج''' ''الجامع الصحیح''' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1486**

ستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث''' ''السنن''' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2299**

ذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ''' ''الجامع الکبیر''' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1195**

ائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **188/6**

ائی' امام' احمد بن شعیب''' ''السنن الکبریٰ''' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5693**

حاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ''' ''شرح معانی الآثار''' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **75/3**

تی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' ''صحیح ابن حبان''' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **84307**

فارسی' امام' امیر ابن بلبان''' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4302**

یہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **437/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس''' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **30/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس''' ''الام''' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **583/6**

Marfat.com

✧✧ سیّدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں میں اُم المؤمنین سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس آئی ان کے بھائی کا انتقال ہوا تھا انہوں نے خوشبو منگوائی اور اسے لگالیا پھر وہ بولیں: اللہ کی قسم! مجھے خوشبو لگانے کی ضرورت نہیں تھیں وجہ صرف یہ ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر یقین رکھنے والی کسی بھی عورت کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ کسی کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے البتہ وہ اپنے شوہر کا سوگ چار ماہ دس دن تک کرے گی''۔

1311 - قَالَتْ زَيْنَبُ وَسَمِعْتُ اُمِّیْ اُمَّ سَلَمَةَ، تَقُوْلُ : جَائَتِ امْرَاَةٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ ابْنَتِی تُوُفِّیَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدِ اشْتَكَتْ عَيْنَيْهَا، اَفَنَكْحُلُهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، كُلُّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ : لَا، ثُمَّ قَالَ : اِنَّمَا هِیَ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا، وَقَدْ كَانَتْ اِحْدَاكُنَّ فِی الْجَاهِلِيَّةِ تَرْمِی بِالْبَعْرَةِ عَلٰی رَاْسِ الْحَوْلِ، قَالَ حُمَيْدٌ : فَقُلْتُ لِزَيْنَبَ : وَمَا تَرْمِی بِالْبَعْرَةِ عَلٰی رَاْسِ الْحَوْلِ؟ فَقَالَتْ زَيْنَبُ : كَانَتِ الْمَرْاَةُ اِذَا تُوُفِّیَ عَنْهَا زَوْجُهَا دَخَلَتْ حِفْشًا وَّلَبِسَتْ شَرَّ ثِيَابِهَا وَلَمْ تَمَسَّ طِيْبًا وَّلَا شَيْئًا حَتّٰی تَمُرَّ بِهَا سَنَةٌ، ثُمَّ تُؤْتٰی بِدَابَّةٍ حِمَارٍ اَوْ شَاةٍ اَوْ طَيْرٍ فَتَقْبِضُ بِهٖ، فَقَلَّمَا تَقْبِضُ بِشَیْءٍ اِلَّا مَاتَ، ثُمَّ تَخْرُجُ فَتُعْطٰی بَعْرَةً فَتَرْمِی بِهَا، ثُمَّ تُرَاجِعُ بَعْدُ مَا شَائَتْ مِنْ طِيْبٍ اَوْ غَيْرِهٖ .

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : الْحِفْشُ : الْبَيْتُ الصَّغِيْرُ الذَّلِيْلُ مِنَ الشَّعْرِ وَالْبِنَاءِ وَغَيْرِهٖ، وَالْقَبْصُ : اَنْ

حدیث نمبر **1310** :

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء **1748**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء **12130**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **324/6**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **1281**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1487**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2299**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء **1196**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء **201/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء **5727**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **75/3**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء **4307**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' 1988ء **4304**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ **437/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **231/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء **584/6**

Marfat.com

تَأْخُذَ مِنَ الدَّابَّةِ مَوْضِعًا بِاَطْرَافِ اَصَابِعِهَا، وَالْقَبْضُ : اَلْاَخْذُ بِالْكَفِّ كُلِّهَا

✦✦ سیّدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نے اپنی والدہ اُم المؤمنین سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری بیٹی بیوہ ہوگئی ہے اس کی آنکھوں میں تکلیف ہے کیا ہم اسے سرمہ لگا دیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! اس نے دو یا تین مرتبہ یہ بات دریافت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مرتبہ یہی ارشاد فرمایا: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تو چار ماہ دس دن ہیں' اس سے پہلے زمانہ جاہلیت میں عورت ایک سال گزرنے کے بعد مینگنی پھینکتی تھی۔

سیّدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا (اس کی وضاحت کرتے ہوئے بیان کرتی ہیں) پہلے جب کوئی عورت بیوہ ہو جاتی تو وہ ایک کوٹھڑی میں چلی جاتی تھی اور وہ سب سے گندے کپڑے پہن لیتی تھی وہ خوشبو استعمال نہیں کر سکتی تھی اور اس طرح کی کوئی اور چیز استعمال نہیں کر سکتی تھی یہاں تک کہ ایک سال گزر جاتا تھا پھر ایک جانور یا گدھے یا بکرے یا پرندے کو لایا جاتا تھا وہ اسے پکڑ لیتی تھی تو اکثر ایسا ہوتا تھا جسے وہ چھوتی تھی وہ مر جاتا تھا پھر وہ عورت کوٹھڑی سے باہر آتی تھی اور اسے ایک مینگنی دی جاتی تھی جسے وہ پھینکتی تھی

حدیث نمبر **1311**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1749**

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان — **1596**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء — **12130**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **304**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **291/6**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2290**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **5336**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — **1488**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2299**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء — **2084**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1197**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **188/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء — **5694**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **75/3**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4307**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4304**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **437/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **231/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **584/6**

Marfat.com

اس کے بعد وہ جو چاہے خوشبو وغیرہ استعمال کر سکتی تھی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں (اس روایت میں استعمال ہونے والے) لفظ ''الحفش'' سے مراد چھوٹا کمرہ ہے جس میں بال اینٹیں وغیرہ (کاٹھ کباڑ پڑا ہو)

لفظ ''قبص'' کا مطلب یہ ہے کہ جانور کی ٹانگوں کے کناروں میں کسی ایک کنارے کو پکڑ لیا جائے۔

لفظ ''قبص'' کا مطلب یہ ہے کہ پوری ہتھیلی کے ذریعے پکڑا جائے۔

1312 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِىْ عُبَيْدٍ، عَنْ عَآئِشَةَ اَوْ حَفْصَةَ، اَوْ حَفْصَةَ وَعَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، اِلا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا .

✧✧ صفیہ بنت عبید' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے اور سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے' یا شاید صرف سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے' یا شاید صرف سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے' یہ بات نقل کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والی کسی بھی عورت کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ کسی کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے' البتہ اپنے شوہر کا سوگ چار ماہ دس دن تک کرے گی۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چاروں روایات کتاب العدد میں نقل کی ہیں۔

باب فی امرأة المفقود

باب 9: جو شخص لاپتہ ہو اس کی بیوی کا حکم

1313 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ اَبِىْ عَوَانَةَ، عَنْ مَّنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِىِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ فِى امْرَاَةِ الْمَفْقُوْدِ اَنَّهَا لَا تَتَزَوَّجُ .

حدیث نمبر **1312**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**590**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1750**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**4305**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**4302**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**1213**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**286/6**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	**1490**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**438/7**

Marfat.com

✦✦ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں' جو شخص لاپتہ ہو اس کی بیوی کا حکم یہ ہے کہ وہ عورت (دوسری) شادی نہیں کر سکتی۔

1314 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ هُشَيْمِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ سَيَّارٍ اَبِى الْحَكَمِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِى امْرَاَةِ الْمَفْقُوْدِ اِذَا قَدِمَ وَتَزَوَّجَتِ امْرَاَتُهُ اِنْ شَآءَ طَلَّقَ وَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَ وَلَا تُخَيَّرُ .

✦✦ حضرت علی رضی اللہ عنہ لاپتہ شخص کی بیوی کے بارے میں فرماتے ہیں: جب وہ شخص آ جائے اور اس دوران وہ عورت دوسری شادی کر چکی ہو تو اگر وہ شخص چاہے تو اسے طلاق دیدے یا اپنے ساتھ رکھ لے اس عورت کو کوئی اختیار نہیں ہوگا۔

اخرج الحديثين من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب العدد میں نقل کی ہیں۔

باب فى سكنى المطلقة

باب 10: طلاق یافتہ عورت کو رہائش دینا

1315 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

حدیث نمبر **1313**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12330**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **214/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **612/6**

حدیث نمبر **1314**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **444/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **241/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **613/6**

حدیث نمبر **1315**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1697**

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **1645**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **1201**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **363**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **1865**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **373/6**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1480**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2284**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **1869**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1135**

Marfat.com

عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ بِالشَّامِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَالَ فِيْهِ : فَجَائَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ : لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ، وَاَمَرَهَا اَنْ تَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ اُمِّ شَرِيْكٍ، ثُمَّ قَالَ : تِلْكَ امْرَاَةٌ يَغْشَاهَا اَصْحَابِيْ، فَاعْتَدِّيْ عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَاِنَّهُ رَجُلٌ اَعْمٰى، تَضَعِيْنَ ثِيَابَكِ .

✧✧ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ابوعمرو بن حفص نے انہیں طلاق ''بتہ'' دے دی وہ وہاں موجود نہیں تھے' وہ شام میں تھے' راوی نے اس کے بعد پوری حدیث نقل کی ہے' جس میں یہ بات بیان کی کہ وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں خرچ دینا اس پر لازم نہیں ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو یہ ہدایت کی: وہ اُم شریک کے ہاں عدت بسر کرے! پھر آپ نے ارشاد فرمایا: یہ تو وہ عورت ہے جس کے ہاں میرے اصحاب آتے جاتے ہیں تم ابن مکتوم کے ہاں عدت بسر کرو چونکہ وہ نابینا شخص ہیں (تم وہاں سر سے چادر اتار سکتی ہو)

1316 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ يَحْيٰى، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ : قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1315**:

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **70/6**
نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5351**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **64/3**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **2643**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4052**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4049**
دارقطنی' امام' علی بن عمر ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **22/4**
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **55/4**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **39/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **280/6**

حدیث نمبر **1316**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12037**
مروزی' امام' اسحاق بن ابراہیم ''المسند'' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' **1412**ھ-**1991**ء — **1703**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2296**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **69/3**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **433/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **236/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **599/6**

Marfat.com

فَسَاَلْتُ عَنْ اَعْلَمِ، اَهْلِهَا فَدُفِعْتُ اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، فَسَاَلْتُهٗ عَنِ الْمَبْتُوْتَةِ، فَقَالَ : تَعْتَدُّ فِىْ بَيْتِ زَوْجِهَا، فَقُلْتُ : فَاَيْنَ حَدِيْثُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ؟ فَقَالَ : هَاهْ، فَوَصَفَ اَنَّهٗ تَغَيَّظَ، وَقَالَ : فَتَنَتْ فَاطِمَةُ النَّاسَ، وَكَانَ لِلِسَانِهَا ذَرَابَةٌ فَاسْتَطَالَتْ عَلٰى اَحْمَائِهَا، فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَعْتَدَّ فِىْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ .

✦✦ عمرو بن میمون' اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں مدینہ منورہ میں آیا میں نے وہاں موجود سب سے زیادہ علم والے شخص کے بارے میں دریافت کیا: تو مجھے سعید بن مسیب کے پاس بھیجا گیا میں نے ان سے اس عورت کے بارے میں دریافت کیا جسے طلاق ''بتہ'' دی گئی ہو انہوں نے فرمایا: وہ اپنے شوہر کے گھر میں عدت بسر کرے گی' میں نے کہا: پھر حدیث فاطمہ بنت قیس کہاں جائے گی؟ تو وہ بولے: یعنی انہوں نے غصے کا اظہار کیا پھر بولے: فاطمہ نے لوگوں کو ہلاک کر دیا ہے اصل میں اس کی زبان میں کچھ تیزی تھی اور وہ اپنے دیوروں کے ساتھ بدزبانی کا مظاہرہ کرتی تھیں' اس لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہدایت کی تھی کہ وہ (ابن) ام مکتوم کے ہاں عدت بسر کرے۔

1317 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّهٗ سَمِعَهُمَا يَذْكُرَانِ اَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ طَلَّقَ ابْنَةَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَكَمِ الْبَتَّةَ فَانْتَقَلَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَكَمِ فَاَرْسَلَتْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اِلٰى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ وَهُوَ اَمِيْرُ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَتْ اتَّقِ اللّٰهَ يَا مَرْوَانُ وَارْدُدِ الْمَرْاَةَ اِلٰى بَيْتِهَا فَقَالَ مَرْوَانَ فِىْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ اِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ غَلَبَنِىْ وَقَالَ مَرْوَانُ فِىْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ اَوْ مَا بَلَغَكِ شَاْنُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَقَالَتْ عَائِشَةَ لَا عَلَيْكَ اَنْ لَا تَذْكُرَ شَاْنَ فَاطِمَةَ فَقَالَ اِنْ كَانَ اِنَّمَا بِكِ الشَّرُّ فَحَسْبُكِ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ مِنَ الشَّرِّ

✦✦ قاسم اور سلیمان یہ بیان کرتے ہیں' یحییٰ بن سعید بن العاص نے عبدالرحمٰن بن حکم کی صاحبزادی کو طلاق ''بتہ'' دے دی عبدالرحمٰن بن حکم نے (اس لڑکی کو اس کے شوہر کے گھر سے منتقل کروایا) تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے مروان بن حکم کو پیغام بھجوایا

حدیث نمبر **1317**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **591**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1693**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **4437**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **5321**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2295**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **68/3**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **18829**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **236/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**. **599/6**

Marfat.com

جوان دنوں مدینہ منورہ کا گورنر تھا۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے مروان! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اس عورت کو اس کے گھر واپس بھیج دو۔

تو سلیمان نامی راوی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: مروان بولا: عبدالرحمٰن مجھ پر اس بارے میں غالب آ گئے ہیں

اور قاسم نامی راوی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: مروان بولا: آپ کو فاطمہ بنت قیس کے واقعہ کا پتہ نہیں ہے؟

تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر تم فاطمہ کے واقعہ کا تذکرہ نہ بھی کرتے تو تمہیں کوئی حرج نہیں ہونا تھا۔ تو مروان نے کہا: اگر یہ بات آپ کو بری لگی ہے تو ان دونوں کے درمیان جو خرابی ہے (بُرے ہونے کے لیے) آپ کے نزدیک وہی کافی ہونی چاہیے۔

1318 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ عَآئِشَةَ كَانَتْ تَقُوْلُ اتَّقِ اللّٰهَ يَا فَاطِمَةُ فَقَدْ عَلِمْتِ فِيْ اَيِّ شَيْءٍ كَانَ ذٰلِكَ .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں: اے فاطمہ رضی اللہ عنہا! اللہ سے ڈرو تم یہ بات جانتی ہو کہ ایسا کس وجہ سے ہوا تھا؟

1319 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى : "اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ" قَالَ : اَنْ تَبْذُوَ عَلٰى اَهْلِ زَوْجِهَا فَاِذَا بَذَتْ فَقَدْ حَلَّ اِخْرَاجُهَا .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے بارے میں فرماتے ہیں:

حدیث نمبر **1318**:

بخاری، امام، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**5322**
نیشاپوری، امام، مسلم بن حجاج، ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی، دارالحدیث، قاہرہ، مصر	**1481**
نسائی، امام، احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن''، دارالحدیث، قاہرہ، مصر، **1407**ھ-**1987**ء	**2293**
شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان	**235/5**
شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، **2001**ء	**598/6**

حدیث نمبر **1319**:

صنعانی، امام، ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام، ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم، بیروت، **1970**ء	**211021**
کوفی، امام، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ، ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1386**ھ	**19198**
مروزی، امام، اسحاق بن ابراہیم، ''المسند''، مکتبۃ الایمان، مدینہ منورہ، طبع اوّل، **1412**ھ-**1991**ء	**3768**
طحاوی، امام، ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ، ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر	**71/3**
بیہقی، امام، ابوبکر احمد بن حسین بن علی، ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1344**ھ	**431/7**
شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان	**235/5**
شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، **2001**ء	**597/6**

Marfat.com

''ماسوائے اس کے کہ وہ واضح فحاشی کا ارتکاب کرے''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے کہ وہ عورت اپنے شوہر کے گھر والوں کے ساتھ بدتمیزی کرے اگر وہ ایسا کرے گی تو اسے گھر سے نکالنا جائز ہوگا۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب العدد ' والخامس من كتاب احكام القرآن .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی چار روایات کتاب العدد میں نقل کی ہیں اور پانچویں روایت کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہے۔

باب فی نفقة المطلقة

باب 11: طلاق یافتہ عورت کا خرچ

1320 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ مَّوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ بِالشَّامِ، فَبَعَثَ اِلَيْهَا وَكِيلَهُ بِشَعِيْرٍ فَسَخِطَتْ، فَقَالَ : وَاللّٰهِ مَالَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَىْءٍ، فَجَائَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ : لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ

✧✧ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابوعمرو رضی اللہ عنہ بن حفص نے طلاق ''بتہ'' دے دی وہ اس وقت وہاں موجود نہیں تھے وہ شام میں تھے انہوں نے اپنے وکیل کو کچھ ''جو'' کے ہمراہ ان کے پاس بھیجا وہ خاتون اس وکیل پر ناراض ہوگئیں تو وہ وکیل بولا: اللہ کی قسم! آپ کو کوئی ادائیگی کرنا ہم پر لازم نہیں ہے وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اس بات کا تذکرہ آپ سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں خرچ دینا اس پر لازم نہیں ہے۔

1321 - اَخْبَرَنَا عبد المجيد، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدُ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ نَفَقَةُ الْمُطَلَّقَةِ مَا لَمْ تَحْرُمْ فَاِذَا حَرُمَتْ فَمَتَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ .

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: طلاق یافتہ عورت کو خرچ اس وقت ملے گا جب وہ حرام نہیں ہوتی یعنی (تین طلاقیں نہیں دی جاتیں) لیکن جب وہ حرام ہو جاتی ہیں (یعنی اسے تین طلاقیں دے دی جائیں) تو اسے مناسب طریقے سے ساز وسامان دے دیا جائے گا۔

1322 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : قَالَ عَطَاءٌ لَيْسَتِ الْمَبْتُوْتَةُ الْحُبْلٰى مِنْهُ فِىْ شَىْءٍ اِلَّا اَنْ يُنْفِقَ عَلَيْهَا مِنْ اَجَلِ الْحَبَلِ فَاِذَا كَانَتْ غَيْرَ حُبْلٰى فَلَا نَفَقَةَ لَهَا .

حدیث نمبر **1321**:

18657 — کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1386**ھ

238/5 — شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان

604/6 — شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اوّل **2001**ء

Marfat.com

✧✧ عطاء بیان کرتے ہیں جس عورت کو طلاق ''بتہ'' دی گئی ہو اور وہ حاملہ ہو اسے کوئی چیز نہیں ملے گی البتہ اس کے حاملہ ہونے کی وجہ سے اس کا شوہر اس پر خرچ کرے گا لیکن اگر وہ حاملہ نہ ہو تو اسے کوئی خرچ نہیں ملے گا۔

اخرج الاوّل من کتاب احکام القرآن والثانی والثالث من کتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب احکام القرآن میں کی ہے جب کہ دوسری اور تیسری روایت کتاب العدد میں نقل کی ہے۔

باب فی سکنی المتوفی عنها ونفقتها

باب 12: بیوہ عورت کی رہائش اور اس کا خرچ

1323 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ عَمَّتِهٖ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ اَنَّ الْفُرَيْعَةَ

حدیث نمبر **1322**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12015**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **238/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **604/6**

حدیث نمبر **1323**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **593**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1729**

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **664**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12073**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **18851**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **2292**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2300**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2031**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **2104**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **1996**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5722**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **71/3**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **3638**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4295**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **1074**

نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **208/2**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **434/7**

Marfat.com

بِنْتَ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَتْهَا اَنَّهَا جَائَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ اَنْ تَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهَا فِيْ بَنِيْ خُدْرَةَ، فَاِنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْبُدٍ لَهُ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِطَرَفِ الْقَدُّومِ لَحِقَهُمْ فَقَتَلُوْهُ، فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِي فَاِنَّ زَوْجِيْ لَمْ يَتْرُكْنِيْ فِيْ مَسْكَنٍ يَمْلِكُهُ، قَالَتْ : فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نَعَمْ، فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ اَوْ فِي الْمَسْجِدِ دَعَانِيْ، اَوْ اَمَرَ بِيْ فَدُعِيْتُ لَهُ فَقَالَ : كَيْفَ قُلْتِ، فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ الَّتِيْ ذَكَرْتُ لَهُ مِنْ شَاْنِ زَوْجِيْ، فَقَالَ : امْكُثِيْ فِيْ بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ، قَالَتْ : فَاعْتَدَدْتُ فِيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا، فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ اَرْسَلَ اِلَيَّ فَسَاَلَنِيْ عَنْ ذٰلِكَ، فَاَخْبَرْتُهُ فَاتَّبَعَهُ وَقَضٰى بِهِ

✦✦ سیّدہ زینب بنت کعب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں (فریعہ بنت مالک بن سنان) نے انہیں بتایا: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اوران سے دریافت کیا کہ وہ اپنے گھر والوں کے پاس ''بنوخدرہ'' (کے قبیلے) میں جاسکتی ہے؟ کیونکہ اس کا شوہر اپنے کچھ غلاموں کو پکڑنے کے لئے گیا تھا۔

''طرف قدوم'' کے مقام پر وہ غلاموں تک پہنچ گیا تو ان غلاموں نے اسے قتل کر دیا۔

وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' کہ کیا میں اپنے میکے والوں کے پاس واپس جاسکتی ہوں؟ کیونکہ میرے شوہر نے میری رہائش کے لئے کوئی چیز نہیں چھوڑی جس کا وہ مالک ہو۔

وہ خاتون بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! میں وہاں سے مڑی ابھی میں حجرے میں ہی تھی یا شاید مسجد میں پہنچی تھی کہ آپ نے مجھے بلایا' یا آپ کے حکم کے تحت مجھے بلایا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے کیا کہا تھا؟ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دوبارہ واقعہ بتایا جو اپنے شوہر کے بارے میں سنایا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے گھر میں رہو! جب تک تمہاری عدت پوری نہیں ہو جاتی۔

وہ خاتون بیان کرتی ہے: میں نے چار ماہ دس دن تک اس گھر میں عدت بسر کی۔

(فریعہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو انہوں نے مجھے پیغام دے کر اس بارے میں دریافت کیا تو میں نے انہیں اس بارے میں بتایا انہوں نے اس کی پیروی کی اور اس کے مطابق فیصلہ دیا۔

1324 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ : فِي الْمَرْاَةِ الْبَادِيَةِ يُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اِنَّهَا تَنْتَوِيْ حَيْثُ يَنْتَوِيْ اَهْلُهَا .

✦✦ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' دیہات کی رہنے والی جو عورت بیوہ ہو جائے تو اس کے میکے والے

حدیث نمبر **1324**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1732**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **229/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **581/6**

Marfat.com

جہاں رہتے ہوں وہ وہاں رہ سکتی ہے۔

1325 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ مِثْلَه اَوْ مِثْلَ مَعْنَاهُ لَا يُخَالِفُهُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند (کے ہمراہ بھی منقول ہے) ہشام کے حوالے سے ان کے والد سے منقول ہے اور عبید اللہ بن عبداللہ سے بھی اس کی مانند منقول ہے یا اسی مفہوم سے متعلق منقول ہے جو اس کی مخالف نہیں ہے۔

1326 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ : لَيْسَ لِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا نَفَقَةٌ حَسْبُهَا الْمِيْرَاث .

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: بیوہ عورت کو خرچ نہیں ملے گا اس کے لئے وراثت ہی کافی ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الرسالة ' والٰى اخر الرابع من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب ''رسالہ'' میں نقل کیا ہے اس کے بعد چوتھی روایت تک کتاب العدد میں نقل کی ہیں۔

1327 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ لَا يَصْلَحُ لِلْمَرْاَةِ تَبِيْتُ لَيْلَةً وَّاحِدَةً اِذَا كَانَتْ فِيْ عِدَّةِ وَّفَاةٍ اَوْ طَلَاقٍ اِلَّا فِيْ بَيْتِهَا .

✧✧ حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ ارشاد فرماتے ہیں: کسی بھی عورت کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ جب وہ (شوہر کی) وفات کی وجہ سے یا طلاق کی وجہ سے عدت گزار رہی ہو تو وہ اپنے (شوہر کے) گھر کے علاوہ کہیں اور ایک بھی رات بسر کرے۔

حدیث نمبر **1326**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**12085**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**18970**
دارقطنی' امام' علی بن عمر ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**21/4**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**431/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**224/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**569/6**

حدیث نمبر **1327**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**12061**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**80/3**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1733**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**235/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**597/6**

Marfat.com

1328 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، اَنَّ ابْنَةَ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ كَانَتْ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ فَطَلَّقَهَا الْبَتَّةَ فَخَرَجَتْ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا .

✦✦ نافع بیان کرتے ہیں حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے انہیں طلاق ''بتہ'' دے دی وہ خاتون (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ) کے گھر سے نکل گئیں تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس پر اعتراض کیا تھا۔

اخرج الحديثين من كتاب العدد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب العدد میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1328**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**592**
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1694**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**80/3**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**236/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**559/6**

Marfat.com

کتاب اللعان

لعان کا بیان

باب سنة اللعان

باب 1: لعان کا طریقہ

1329 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، قَالَ : حَدَّثَنِیْ ابْنُ شِهَابٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِیَّ، اَخْبَرَهٗ اَنَّ عُوَیْمِرًا الْعَجْلَانِیَّ جَاءَ اِلٰی عَاصِمِ بْنِ عَدِیٍّ الْاَنْصَارِیِّ، فَقَالَ لَهٗ : اَرَاَیْتَ یَا عَاصِمُ لَوْ اَنَّ رَجُلاً وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً، اَیَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ، اَمْ كَیْفَ یَفْعَلُ؟ سَلْ لِیْ یَا عَاصِمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَسَاَلَ عَاصِمٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا حَتّٰی كَبُرَ عَلٰی عَاصِمٍ مَّا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ اِلٰی اَهْلِهٖ جَائَهٗ عُوَیْمِرٌ، فَقَالَ : یَا عَاصِمُ، مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ لِّعُوَیْمِرٍ : لَمْ تَاْتِنِیْ بِخَیْرٍ، قَدْ كَرِهَ

حدیث نمبر **1329**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) 1996ء	1642
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل، ''المسند''، المطبعۃ المیمنیہ، مصر	336/5
دارمی، امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن، ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی، دار المحاسن، قاہرہ، 1966ء	2235
بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	5259
نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج، ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی، دار الحدیث، قاہرہ، مصر	1492
سجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث، ''السنن''، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان	2245
نسائی، امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن''، دار الحدیث، قاہرہ، مصر، 1407ھ-1987ء	143/6
نسائی، امام احمد بن شعیب، ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ، 1991ء	5595
تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان، ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل، 1996ء	4287
الفارسی، امام امیر ابن بلبان، ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان''، موسسۃ الرسالہ، بیروت، طبع اوّل، 1988ء	4284
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان	5675
بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی، ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1344ھ	399/7
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان	125/5
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، 2001ء	322/6

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْاَلَةَ الَّتِى سَاَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ : وَاللّٰهِ لَا انْتَهِى حَتّٰى اَسْاَلَهُ عَنْهَا، فَاَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ حَتّٰى اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسْطَ النَّاسِ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلاً وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلاً، اَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْكَ وَفِىْ صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ فَاْتِ بِهَا، فَقَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ : فَتَلاعَنَا، وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلاعُنِهِمَا، قَالَ عُوَيْمِرٌ : كَذَبْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ اَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَّاْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ : فَكَانَتْ تِلْكَ سُنَّةُ الْمُتَلاعِنَيْنِ

✧✧ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں عویمر عجلانی' عاصم بن عدی انصاری کے پاس آئے اور ان سے کہا، اے عاصم! آپ کا کیا خیال ہے؟ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے شخص کو پاتا ہے اور اسے قتل کر دیتا ہے تو آپ لوگ اسے قتل کر دیں گے اب اس شخص کو کیا کرنا چاہیے؟ اے عاصم! آپ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے لئے دریافت کریں۔

عاصم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کرنے کو ناپسند کیا اور ناراضگی ظاہر کی۔ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں جو سنا تھا وہ انہیں بہت گراں گزرا۔

جب عاصم اپنے گھر واپس آئے تو عویمر ان کے پاس آئے اور پوچھا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو کیا کہا؟ تو عاصم نے عویمر سے کہا: تمہاری طرف سے مجھے اچھائی نہیں ملی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسند کیا جو اس بارے میں تم نے مجھ سے کیا تھا۔

تو عویمر بولے: اللہ کی قسم! میں اس سے باز نہیں آؤں گا جب تک میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت نہیں کر لیتا۔

پھر عویمر' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان موجود تھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے شخص کو پاتا ہے اگر وہ اس کو قتل کر دیتا ہے تو آپ اسے قتل کر دیں گے؟ اس شخص کو کیا کرنا چاہیے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی کے لئے اللہ تعالیٰ نے حکم نازل کر دیا ہے تم جاؤ اور اس عورت کو لے آؤ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ان دونوں نے لعان کیا' میں لوگوں کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا وہ دونوں لعان کر کے فارغ ہوئے تو عویمر نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اب اگر میں اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں تو اس کا مطلب ہے کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے تو عویمر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ ہدایت کرنے سے پہلے ہی اس عورت کو تین طلاقیں دے دیں۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان یہی طریقہ چل پڑا۔

1330 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، اَخْبَرَهُ، قَالَ : جَاءَ عُوَيْمِرٌ

Marfat.com

الْعَجْلَانِيُّ اِلٰى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ : يَا عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ، سَلْ لِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً فَيَقْتُلُهٗ، اَيُقْتَلُ بِهٖ اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَسَاَلَ عَاصِمٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَابَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ، فَلَقِيَهٗ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ : مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ : صَنَعْتُ اِنَّكَ لَمْ تَاْتِنِيْ بِخَيْرٍ، سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَابَ الْمَسَائِلَ، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ : وَاللّٰهِ لَآتِيَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَاَسْاَلَنَّهٗ، فَاَتَاهُ فَوَجَدَهٗ قَدْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ فِيْهِمَا، فَدَعَاهُمَا فَلَاعَنَ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ : لَاِنِ انْطَلَقْتُ بِهَا لَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا، فَفَارَقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْمُرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : انْظُرُوْهَا، فَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَسْحَمَ، اَدْعَجَ، عَظِيْمَ الْاِلْيَتَيْنِ فَلَا اُرَاهُ اِلَّا قَدْ صَدَقَ، وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اُحَيْمِرَ كَاَنَّهٗ وَحَرَةٌ فَلَا اُرَاهُ اِلَّا كَاذِبًا، فَجَائَتْ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الْمَكْرُوْهِ .

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ : فَصَارَتْ سُنَّةُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ .

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں عویمر عجلانی' عاصم بن عدی کے پاس آئے اور بولے: اے عاصم بن عدی! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے بارے میں دریافت کریں ایسا شخص جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے قتل کر دیتا ہے تو کیا جواب میں اسے قتل کر دیا جائے گا؟ ایسے شخص کو کیا کرنا چاہیے؟ عاصم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو ناپسند کیا۔

پھر عویمر کی ملاقات ان سے ہوئی انہوں نے دریافت کیا کہ آپ نے کیا کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: میں نے ویسا ہی کیا تھا مگر تمہاری طرف سے مجھے بھلائی نہیں ملی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا تو آپ نے اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا عویمر بولے: اللہ کی قسم! میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں گا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کروں گا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ کو اس حالت میں پایا کہ آپ پر ان دونوں کے بارے میں حکم نازل ہو رہا تھا آپ نے ان دونوں کو بلایا اور ان دونوں (میاں بیوی) کے درمیان لعان کروا دیا۔

عویمر بولے: اگر میں اس عورت کو ساتھ لے کر جاتا ہوں تو اس کا مطلب ہے کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے تو عویمر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انہیں کوئی ہدایت کرنے سے پہلے ہی' اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی (یعنی طلاق دے دی) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

حدیث نمبر **1330**:

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر' **334/5**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2248**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2066**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) **5690**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **125/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **322/6**

Marfat.com

''اس عورت کا خیال رکھنا اگر یہ سیاہ فام اور بڑی سرین والے بچے کو جنم دیتی ہے تو میرا خیال ہے کہ عویمر نے ٹھیک کہا ہے اور اگر یہ سرخ رنگت کے بچے کو جنم دیتی ہے جو چھپکلی کی طرح ہو تو میرا خیال ہے کہ عویمر نے غلط بیان کیا ہے''

راوی بیان کرتے ہیں: تو اس عورت نے اس ناپسندیدہ شکل والے بچے کو جنم دیا ہے۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان یہی طریقہ چل نکلا۔

1331 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّ عُوَيْمِرًا جَاءَ اِلٰى عَاصِمٍ، فَقَالَ : اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ رَجُلاً وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً فَقَتَلَهٗ، اَتَقْتُلُوْنَهٗ؟ سَلْ لِیْ يَا عَاصِمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَرَجَعَ عَاصِمٌ اِلٰى عُوَيْمِرٍ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ : وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ وَقَدْ نَزَلَ الْقُرْآنُ خِلَافَ عَاصِمٍ، فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : قَدْ نَزَلَ فِيْكُمَا الْقُرْآنُ، فَتَقَدَّمَا فَتَلَاعَنَا، ثُمَّ قَالَ : كَذَبْتُ عَلَيْهَا اِنْ اَمْسَكْتُهَا، فَفَارَقَهَا وَمَا اَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَضَتْ سُنَّةُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اُنْظُرُوْهَا، فَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اُحَيْمِرَ قَصِيرًا كَاَنَّهٗ وَحَرَةٌ فَلَا اَحْسِبُهٗ اِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا، وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَسْحَمَ، اَعْيَنَ، ذَا اَلْيَتَيْنِ، فَلَا اَحْسِبُهٗ اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، فَجَائَتْ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الْمَكْرُوْهِ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں عویمر' عاصم کے پاس آئے اور بولے: آپ کا کیا خیال ہے؟ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے کو دیکھ لیتا ہے اور اسے قتل کر دیتا ہے تو کیا آپ لوگ اس کے بدلے میں اس کو قتل کر دیں گے؟ اے عاصم! آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے بارے میں یہ سوال کریں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سوال ناپسند کیا اور اس پر ناراضگی کا اظہار کیا وہ واپس عویمر کے پاس آئے اور بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسند کیا اور ناراضگی کا اظہار کیا ہے عویمر بولے: اللہ تعالیٰ کی قسم! میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں گا اور آپ سے اس بارے میں دریافت کروں گا وہ آئے اور اسی دوران عاصم کے پیچھے قرآن کا حکم نازل ہو چکا تھا عویمر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا (تم) دونوں (میاں بیوی) کے بارے میں قرآن نازل ہو چکا ہے تم دونوں آؤ اور لعان کرو۔

حدیث نمبر **1331**:

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	7304
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	102/3
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	400/7
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	125/5
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	323/6

Marfat.com

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر اس کے بعد عویمر بولے: اگر میں اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں تو اس کا مطلب ہے میں نے اس عورت پر جھوٹا الزام لگایا ہے تو انہوں نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی (یعنی اسے طلاق دے دی)۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس کی ہدایت نہیں کی تھی لیکن اس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان یہی رواج ہو گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

اس عورت کا دھیان رکھنا اگر یہ سرخ رنگ والے دبلے پتلے بچے کو جنم دیتی ہے جو چھپکلی کی مانند ہو تو میرا خیال ہے کہ مرد نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے لیکن اگر یہ سیاہ فام بڑی آنکھوں والے بڑی سرین والے بچے کو جنم دیتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مرد نے اس کے بارے میں سچ کہا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو اس عورت نے ناپسندیدہ شکل والے بچے کو جنم دیا۔

1332 - سَمِعْتُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِنْ جَائَتْ بِهٖ اَشْقَرَ سَبِطًا فَهُوَ لِزَوْجِهَا، وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اُدَيْعِجَ فَهُوَ لِلَّذِيْ يَتَّهِمُهُ، قَالَ : فَجَائَتْ بِهٖ اُدَيْعِجَ

✧✧ سعید بن مسیّب اور عبید اللہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ عورت چھوٹی آنکھوں والے سیدھے بالوں والے بچے کو جنم دیتی ہے تو یہ اس کے شوہر کا ہوگا اور اگر یہ بڑی آنکھوں والے بچے کو جنم دیتی ہے تو یہ اس شخص کا ہوگا جس پر الزام لگایا ہے راوی بیان کرتے ہیں اس عورت نے بڑی آنکھوں والے بچے کو جنم دیا۔

1333 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَخِيْ بَنِيْ سَاعِدَةَ، اَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْاَنْصَارِ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلاً وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً، اَيَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ، اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ شَاْنِهٖ مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنْ اَمْرِ الْمُتَلاعِنَيْنِ، قَالَ : فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قَدْ قُضِيَ فِيْكَ وَفِيْ امْرَاَتِكَ، قَالَ : فَتَلاعَنَا وَاَنَا شَاهِدٌ ثُمَّ فَارَقَهَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَتْ سُنَّةً بَعْدَهُمَا اَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلاعِنَيْنِ، وَكَانَتْ حَامِلا فَاَنْكَرَهَا،

حدیث نمبر **1333**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12446**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **423**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1492**

دارقطنی' امام' علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **274/3**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **400/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **125/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **324/6**

Marfat.com

فَكَانَ ابْنُهَا يُدْعٰى اِلٰى اُمِّهٖ .

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ، جن کا تعلق بنوساعدہ سے ہے، بیان کرتے ہیں انصار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے فرد کو پائے؟ اگر وہ اسے قتل کر دیتا ہے تو کیا اس کے بدلے میں اس شخص کو آپ قتل کر دیں گے؟ اس شخص کو کیا کرنا چاہیے؟ راوی بیان کرتے ہیں تو ان صاحب کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم نازل کیا جس کا تذکرہ قرآن میں کیا ہے؟ جس میں لعان کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہارے بارے میں اور تمہاری بیوی کے بارے میں حکم نازل ہو گیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ان دونوں نے لعان کیا میں اس وقت وہاں موجود تھا پھر ان صاحب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجودگی میں اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی (یعنی اس کو طلاق دیدی) اس کے بعد طریقہ یہی ہو گیا کہ لعان کرنے والوں کے درمیان علیحدگی کروادی جائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت حاملہ تھی اس کے شوہر نے اس کے نسب کا انکار کیا تو اس عورت کے بچے کو اس کی ماں کے حوالے سے بلایا جاتا تھا۔

1334 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ : شَهِدْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ بِحَدِيْثِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ شَدَّادٍ : اَهِىَ الَّتِى قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا اَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ رَجَمْتُهَا، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : لَا، تِلْكَ امْرَاَةٌ قَدْ اَعْلَنَتْ .

حدیث نمبر **1334**:

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم بیروت **1970**ء — **12452**

حمیدی، امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب بیروت، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر — **519**

شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ، مصر — **335/1**

قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالجیل بیروت **1998**ء — **2560**

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالغرب الاسلامی بیروت، لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **171/6**

نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دارالکتب العلمیہ **1991**ء — **5561**

موصلی، امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد، دارالمامون للتراث، طبع اوّل **1987**ء — **514**

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر — **100/3**

طبرانی، امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی، مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، موصل، عراق (طبع ثانی) — **10711**

بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان **1344**ھ — **407/7**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان — **16/5**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل **2001**ء — **326/6**

Marfat.com

✧✧ قاسم بن محمد بیان کرتے ہیں: میں' ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھا جب وہ لعان کرنے والوں کے بارے میں حدیث بیان کررہے تھے' ابن شداد نے ان سے دریافت کیا: یہ وہی عورت ہے؟ جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اگر میں نے ثبوت کے بغیر کسی کو سنگسار کرنا ہوتا تو اس عورت کو کروادیتا' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نہیں! یہ تو وہ عورت تھی جو اعلانیہ گناہ کیا کرتی تھی اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا۔

1335 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَذَكَرَ حَدِيْثَ الْمُتَلاعِنَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَبْصِرُوهَا، فَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَسْحَمَ اَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ، عَظِيمَ الْاِلْيَتَيْنِ فَلا اُرَاهُ اِلا قَدْ صَدَقَ، وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَحْمَرَ كَاَنَّهٗ وَحَرَةٌ فَلا اُرَاهُ اِلا كَاذِبًا، فَجَائَتْ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الْمَكْرُوهِ .

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث منقول ہے جس میں انہوں نے لعان کرنے والوں کے واقعے کا تذکرہ کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس عورت کا جائزہ لینا اگر یہ سیاہ فام موٹی آنکھوں والے بڑی سرین والے بچے کو جنم دیتی ہے تو میرا خیال ہے کہ مرد نے ٹھیک کہا ہے اور اگر یہ سرخ رنگت کے بچے جو چھپکلی کی مانند ہو' کو جنم دیتی ہے تو میرا خیال ہے کہ اس مرد نے جھوٹ بولا ہے

(راوی بیان کرتے ہیں) اس عورت نے ناپسندیدہ شکل والے بچے کو جنم دیا۔

1336 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ان النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِنْ جَائَتْ اُمَيْغِرَ سَبِطًا فَهُوَ لِزَوْجِهَا، وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اُدَيْعِجَ جَعْدًا فَهُوَ لِلَّذِيْ يَتَّهِمُهٗ، فَجَائَتْ بِهٖ اُدَيْعِجَ

✧✧ سعید بن مسیّب اور عبید اللہ بن عبد اللہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ عورت سرخ رنگت والے سیدھے بالوں والے بچے کو جنم دیتی ہے تو یہ اس کے شوہر کا ہوگا اور اگر یہ سیاہ رنگت والے گھنگریالے بالوں والے بچے کو جنم دیتی ہے تو یہ اس شخص کا ہوگا جس سے اس نے الزام لگایا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو اس عورت نے سیاہ آنکھوں والے بچے کو جنم دیا۔

1337 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، وَجَاءَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْلانِيُّ وَهُوَ اَحْيَمِرُ سَبِطٌ نِضْوُ الْخَلْقِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْتَ شَرِيْكَ بْنَ السَّحْمَاءِ يَعْنِى ابْنَ عَمِّهٖ وَهُوَ رَجُلٌ عَظِيْمُ الْاَلْيَتَيْنِ اَدْعَجُ الْعَيْنَيْنِ حَالُ الْخَلْقِ يُصِيْبُ فُلَانَةَ يَعْنِى امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حُبْلٰى وَمَا قَرِبْتُهَا مُنْذُ كَذَا فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِيْكًا فَجَحَدَهٗ وَدَعَا الْمَرْاَةَ فَجَحَدَتْ فَلَا عَنْ بَيْنَهَا وَبَيْنَ زَوْجِهَا وَهِيَ حُبْلٰى ثُمَّ قَالَ تُبْصِرُوْهَا فَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَدْعَجَ عَظِيْمَ الْاَلْيَتَيْنِ فَلَا اَرَاهُ اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَحْيَمِرَ كَاَنَّهٗ وَحْرَةٌ فَلَا اَرَاهُ اِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا

فَجَائَتْ بِهٖ اُدَعَجَ عَظِيْمَ الْاَلْيَتَيْنِ

Marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا بَلَغَنَا اِنَّ امْرَءَ لَبَيِّنٌ لَوْلاَ مَا قَضَى اللّٰهُ يَعْنِىْ اَنَّهُ لِمَنْ زَنٰى لَوْ لَا مَا قَضَى اللّٰهَ مِنْ اَنْ لَّا يَحْكُمَ عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا بِاِقْرَارٍ اَوِ اعْتِرَافٍ عَلٰى نَفْسِهٖ لَا يَحِلُّ بِدَلاَلَةِ غَيْرِ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا وَاِنْ كَانَتْ بَيِّنَةً فَقَالَ لَوْلاَ مَا قَضَى اللّٰهُ لَكَانَ لِىْ فِيْهَا قَضَاءٌ غَيْرُهٗ وَلَمْ يَعْرِضْ لِشَرِيْكٍ وَلاَ لِلْمَرْاَةِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَاَنْفَذُ لِلْحُكْمِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَهُمَا كَاذِبٌ ثُمَّ عَلِمَ بَعْدُ اَنَّ الزَّوْجَ هُوَ الصَّادِقُ .

✦✦ ہشام بن عروہ بیان کرتے ہیں: عجلانی' نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ سرخ رنگت کے مالک سیدھے بالوں والے دبلے پتلے آدمی تھے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ نے شریک بن سحاء کا جائزہ لیا ہے' انہوں نے اپنے چچازاد کے بارے میں یہ بات کہی' جو بڑی سرین کے مالک تھے اوران کی آنکھیں بھی بڑی بڑی تھی اور جسم بھی بھاری تھا' اس نے فلاں عورت کے ساتھ صحبت کر لی ہے' ان کی مراد ان کی اپنی بیوی تھی' اور وہ عورت حاملہ بھی ہوگئی ہے حالانکہ میں نے فلاں عرصے سے اس کے ساتھ صحبت نہیں کی' نبی اکرم ﷺ نے شریک کو بلایا تو انہوں نے اس بات کا انکار کر دیا پھر آپ نے اس عورت کو بلایا تو اس نے بھی انکار کر دیا پھر نبی اکرم ﷺ نے اس عورت اور اس کے شوہر کے درمیان لعان کروایا حالانکہ وہ عورت حاملہ تھی پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

اس عورت کا جائزہ لینا اگر یہ سیاہ فام بڑی سرین والے بچے کو جنم دیتی ہے تو میرا خیال ہے مرد نے اس کے بارے میں ٹھیک کہا ہے اور اگر یہ سرخ رنگت کے مالک بچے کو جنم دیتی ہے جو چھپکلی کی طرح ہو تو میرا خیال ہے اس مرد نے اس کے بارے میں جھوٹ کہا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' تو اس عورت نے بڑی آنکھوں والے سیاہ فام بچے کو جنم دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم تک پہنچنے والی روایت کے مطابق نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کا معاملہ واضح ہو گیا ہے اگر اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں فیصلہ نہ دیا ہوتا۔

نبی اکرم ﷺ کی مراد یہ تھی: یہ اس شخص کا بچہ ہے جس نے زنا کیا ہے اگر اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ فیصلہ نہ دیا ہوتا کہ اقرار یا اعتراف کے بغیر کسی پر حکم جاری نہیں کیا جا سکتا اور ان دونوں کے علاوہ اور کسی طریقے کے ساتھ بھی ثبوت پیش کرنا حلال نہیں ہے اگر چہ وہ کتنا ہی واضح کیوں نہ ہو؟ تو اگر اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ فیصلہ نہ دیا ہوتا تو میرا اس عورت کے بارے میں فیصلہ مختلف ہوتا۔

نبی اکرم ﷺ نے شریک اور اس عورت کو کوئی سزا نہیں دی' باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

اور وہ حکم کو سب سے زیادہ نافذ کرنے والے تھے اور وہ یہ جانتے تھے دونوں میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے پھر آپ کو بعد میں پتہ بھی چلا گیا کہ اس عورت کا شوہر ہی سچا ہے۔

1338 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَنْ يَّحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، حَدَّثَهٗ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا لِىْ عَهْدٌ بِاَهْلِىْ

Marfat.com

مُنْذُ عَفَارِ النَّخْلِ، قَالَ : وَعَفَارُهَا اَنَّهَا اِذَا كَانَتْ تُؤَبَّرُ تُعْفَرُ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا لَا تُسْقٰى بَعْدَ الْاِبَارِ، قَالَ : فَوَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِى رَجُلاً، قَالَ : وَكَانَ زَوْجُهَا مُصْفَرًّا، حَمْشَ السَّاقَيْنِ، سَبِطَ الشَّعْرِ، وَالَّذِىْ رُمِيَتْ بِهٖ خَدْلًا اِلَى السَّوَادِ، جَعْدًا، قَطَطًا، مُسْتَهًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ، ثُمَّ لاعَنَ بَيْنَهُمَا، فَجَائَتْ بِرَجُلٍ يُشْبِهُ الَّذِىْ رُمِيَتْ بِهٖ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک صاحب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے کھجوروں کی پیوندکاری کے موسم سے لے کر اب تک اپنی بیوی سے صحبت نہیں کی' راوی بیان کرتے ہیں۔

لفظ ''عفار'' کا مطلب یہ ہے کہ جب ان میں پیوندکاری کی جائے اور یہ تقریباً چالیس دن تک ہوتی ہے اس کے بعد اسے پانی نہیں دیا جاتا۔

راوی بیان کرتے ہیں' ان صاحب نے کہا: میں نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک شخص کو پایا۔

راوی بیان کرتے ہیں' اس عورت کا شوہر زرد رنگ کا مالک تھا پتلی پنڈلیوں والا تھا سیدھے بالوں والا تھا اور جس شخص پر الزام لگایا گیا تھا وہ سیاہ فام رنگت کا مالک تھا' بکھرے ہوئے بالوں والا تھا بھاری بھرکم جسم کا مالک تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ! اس معاملے کو واضح کر دے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے درمیان لعان کروا دیا پھر اس عورت نے جس بچے کو جنم دیا وہ اس شخص کے ساتھ مشابہت رکھتا تھا جس کے بارے میں اس عورت پر الزام لگایا گیا تھا۔

1339 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ لاعَنَ بَيْنَ الْمُتَلاعِنَيْنِ اَمَرَ رَجُلاً اَنْ يَّضَعَ يَدَهٗ عَلٰى فِيْهِ عِنْدَ الْخَامِسَةِ، وَقَالَ : اِنَّهَا مُوجِبَةٌ .

حدیث **1338**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **12451**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **357/1**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **174/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5665**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **100/3**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **107/4**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **107/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **126/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **326/6**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وہ دولعان کرنے والوں کے درمیان لعان کروایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد کو یہ حکم دیا: وہ پانچویں مرتبہ اپنا ہاتھ اپنے منہ کے اوپر رکھ لے (یعنی لعان کرنے سے پہلے سوچ لے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ (جہنم کو واجب کرنے والی چیز ہے (اس لئے احتیاط سے بولنا)

1340 - حَدَّثَنَا سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ : شَهِدْتُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً ثُمَّ سَاقَ الْحَدِيْثَ فَلَمْ يُتْقِنْهُ اِتْقَانَ هٰؤُلَاءِ .

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لعان کرنے والوں کے واقعہ میں موجود تھا میری عمر اس وقت پندرہ سال تھی' اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث بیان کی ہے' تاہم اس کے الفاظ دیگر روایتوں کی طرح یقینی نہیں ہیں۔

اخرج الستة الاحاديث من كتاب الظهار واللعان ' والسابع والثامن من الجزء الثانى من اختلاف الحديث ' والتاسع من كتاب ابطلاب الاستحسان وهو اوّل حديث فيه ' والٰى اٰخر الثانى عشر من كتاب احكام القرآن .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی چھ روایات کتاب ''ظہار ولعان'' میں بیان کی ہیں ساتویں اور آٹھویں روایت اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے نویں روایت استحسان کے ابطال میں نقل کی ہے یہ اس میں موجود پہلی روایت ہے اس کے بعد بارہویں روایت تک کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1339**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **518**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **2255**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **175/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5665**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **125/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **732/6**

حدیث نمبر **1340**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **173/6**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **6854**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **2251**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **5687**

✧✧ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے انہوں نے نماز جنازہ پڑھائی پھر سائب نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا: مجھے عبیداللہ اوراس کے ساتھیوں سے شراب کی بوآئی تھی' میں اس بات کی تصدیق کروں گا کہ انہوں نے کیا پیا ہے؟ اگر وہ نشہ آور چیز ہوئی تو میں ان پر ''حد'' جاری کروں گا۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں' معمر نے زہری کے حوالے سے سائب بن یزید کی یہ بات بیان کی ہے: سائب بھی وہاں موجود تھے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان پہ ''حد'' جاری کروائی تھی۔

1567 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدِ الزَّنْجِیُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : قُلْتُ لِعَطَاءٍ : اَيُجْلَدُ فِیْ رِيْحِ الشَّرَابِ؟ فَقَالَ عَطَاءٌ : اِنَّ الرِّيْحَ لَتَكُوْنُ مِنَ الشَّرَابِ الَّذِیْ لَيْسَ فِيْهِ بَاْسٌ فَاِذَا اجْتَمَعُوْا جَمِيْعًا عَلٰی شَرَابٍ وَّاحِدٍ فَسَكِرَ اَحَدُهُمْ جُلِدُوْا جَمِيْعًا الْحَدَّ تَامًّا .

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَقَوْلُ عَطَاءٍ مِثْلُ قَوْلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يُخَالِفُهٗ .

✧✧ ابن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے عطاء سے دریافت کیا' کیا شراب کی بو کی وجہ سے کوڑے لگائے جائیں گے؟ تو عطاء نے جواب دیا: بعض اوقات ''بو'' اس شراب کی ہوتی ہے جسے پینے میں حرج ہے۔ اگر سب لوگ ایک ہی طرح کی شراب پی رہے ہوں تو ان میں سے کسی ایک کو نشہ ہو جائے تو تمام لوگوں پر مکمل حد جاری کی جائے گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' عطاء کا قول حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی رائے کی مانند ہے' اس کے مخالف نہیں ہے۔

1568 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِیْ يَحْيٰی، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عَلِیَّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : لَا اُوْتٰی بِاَحَدٍ شَرِبَ خَمْرًا وَّلَا نَبِيْذًا مُسْكِرًا اِلَّا جَلَدْتُهُ الْحَدَّ .

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی: میرے پاس جو بھی ایسا شخص لایا جائے جس نے شراب پی ہو یا نشہ آور نبیذ پی ہو تو میں اس پر حد جاری کروں گا۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چاروں روایات کتاب الاشربہ میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1567**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **17307**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **180/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **446/7**

Marfat.com

باب حد الزنا

باب 7: زنا کی حد

1569 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُبَادَةَ يَعْنِىْ ابْنَ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : خُذُوْا عَنِّىْ، خُذُوْا عَنِّىْ، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلا، اَلْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِئَةٍ وَّتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِئَةٍ وَّالرَّجْمُ،

✦✦ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم نے ارشاد فرمایا: مجھ سے (شرعی احکام) حاصل کرلو' مجھ سے (شرعی احکام) حاصل کرلو! اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کے لئے حکم جاری کر دیا ہے' زنا کرنے والے کنوارے مرد اور کنواری عورت کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے گا۔ (زنا) کرنے والے شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت کو کوڑے لگائے جائیں گے اور سنگسار کیا جائے گا۔

1570 - وَقَدْ حَدَّثَنِى الثِّقَةُ، اَنَّ الْحَسَنَ كَانَ يُدْخِلُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عُبَادَةَ حِطَّانَ الرَّقَاشِىَّ، فَلا اَدْرِىْ اَدْخَلَهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ بَيْنَهُمَا، فَتُرِكَ مِنْ كِتَابِىْ حِيْنَ حُوِّلْتُ وَهُوَ فِى الْاَصْلِ اَوْ لا، وَالاَصْلُ يَوْمَ كَتَبْتُ هٰذَا الْكِتَابَ غَائِبٌ عَنِّى .

✦✦ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ایک ثقہ راوی نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے جس میں حسن نامی راوی نے اپنے اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے درمیان حطّان رقاشی نامی راوی کا اضافہ کیا ہے' مجھے یہ نہیں معلوم کہ یہ عبدالوہاب نامی راوی نے

حدیث نمبر **1569**:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **584**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4417**

حدیث نمبر **1570**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **584**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **13360**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **3611**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **313/5**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2332**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4415**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1434**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **7142**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **83/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **205/10**

Marfat.com

شامل کیا ہے یا نہیں کیا ہے؟ کیونکہ میں نے جب اپنی تحریر کو دوسری جگہ منتقل کیا تھا تو اس دوران یہ بات مجھ سے رہ گئی تھی اب یہ یاد نہیں ہے کہ وہ اصل میں تھی یا نہیں تھی؟ جن دنوں میں نے تحریر کو لکھا ہے اس وقت اصل میرے پاس موجود نہیں تھی۔

1571 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ : اَلرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ زَنٰى اِذَا اَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ اِذَا قَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ وَالْاِعْتِرَافُ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ''رجم'' کا حکم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے اور ''حق'' ہے اس شخص کے لئے جو ''محصن'' ہونے کے باوجود زنا کے ارتکاب کرے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو یا یہ بات ثبوت کے ذریعے ثابت ہو جائے یا عورت (حاملہ) ہو جائے یا مجرم اعتراف کر لے

1572 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ : قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : اِيَّاكُمْ اَنْ تَهْلِكُوْا عَنْ اٰيَةِ الرَّجْمِ اَنْ يَقُوْلَ قَائِلٌ : لَا نَجِدُ حَدَّيْنِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَقَدْ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا، فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنْ يَقُوْلَ النَّاسُ زَادَ عُمَرُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَتَبْتُهَا : اَلشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوْهُمَا الْبَتَّةَ، فَاِنَّا قَدْ قَرَاْنَاهَا

حدیث نمبر **1571**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف، المکتبۃ العلمیہ	692
اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) 1996ء	2381
صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دار القلم، بیروت، 1970ء	9758
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1386ھ	28767
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل، ''المسند''، المطبعۃ المیمنیہ، مصر	40/1
دارمی، امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن، ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی، دار المحاسن، قاہرہ، 1966ء	2327
بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	6829
نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج، ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی، دار الحدیث، قاہرہ، مصر	6191
سجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث، ''السنن''، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان	4418
قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ، ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الجیل، بیروت، 1998ء	2553
ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ، ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت 1996ء	1432
نسائی، امام احمد بن شعیب، ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ، 1991ء	7156
موصلی، امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ، ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد، دار المامون للتراث، طبع اوّل، 1987ء	151
تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان، ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل، 1996ء	415
بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی، ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1344ھ	211/8
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان	154/8
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، 2001ء	203/10

Marfat.com

✦✦ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ''رجم'' سے متعلق آیت کے بارے میں ہلاکت سے بچنا اور کوئی شخص یہ نہ کہے: ہمیں ان دونوں طرح کی ''حد'' کا حکم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں نہیں ملتا' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا ہے اور ہم نے سنگسار کیا ہے اور اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں' میری جان ہے' اگر اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ کہیں گے ''عمر'' نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اضافہ کیا تو میں اس کو تحریر کرواتا۔

''پختہ عمر کا مرد اور پختہ عمر کی عورت (شادی شدہ) انہیں ضرور سنگسار کرو''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے یہ تلاوت کی ہوئی ہے۔

1573 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ وَّزَادَ سُفْيَانُ، وَشِبْلٌ، اَنَّ رَجُلاً ذَكَرَ اَنَّ ابْنَهٗ زَنٰى بِامْرَاَةِ رَجُلٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَجَلَدَ ابْنَهٗ مِئَةً وَّغَرَّبَهٗ عَامًا، وَاَمَرَ اُنَيْسًا الْاَسْلَمِىَّ اَنْ يَّغْدُوَ عَلٰى امْرَاَةِ الْاٰخَرِ فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا .

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' (سفیان نامی راوی نے ایک اور راوی کا تذکرہ کیا ہے) ایک شخص نے اس بات کا تذکرہ کیا' اس کے بیٹے نے فلاں شخص کی بیوی کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم دونوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا اور پھر آپ نے اس شخص کے بیٹے کو ایک سو

حدیث نمبر **1572**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **693**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2383**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **28770**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **36/1**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **1431**

حدیث نمبر **1573**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **695**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2379**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **4445**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **1433**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **240/8**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **5971**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **135/3**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) **5190**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1346**ھ **212/8**

Marfat.com

کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے اسے جلاوطن کروادیا۔ پھر آپ نے حضرت انیس رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا: وہ اس عورت کے پاس جائیں! اگر وہ اقرار کرے تو اسے سنگسار کروادیں۔

(راوی) بیان کرتے ہیں: اس عورت نے اعتراف کرلیا تو انہوں نے اسے سنگسار کروادیا۔

1574 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُمَا اَخْبَرَاهُ، اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَقَالَ الْاٰخَرُ وَهُوَ اَفْقَهُهُمَا : اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَائْذَنْ لِّىْ فِىْ اَنْ اَتَكَلَّمَ، قَالَ : تَكَلَّمْ، قَالَ : اِنَّ ابْنِىْ كَانَ عَسِيفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَاَتِهٖ، فَاُخْبِرْتُ اَنَّ عَلٰى ابْنِىَ الرَّجْمَ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَّبِجَارِيَةٍ لِىْ، ثُمَّ اِنِّىْ سَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِىْ اَنَّ عَلٰى ابْنِىْ جَلْدَ مِئَةٍ وَّتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَاِنَّمَا الرَّجْمُ عَلٰى امْرَاَتِهٖ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ، لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، اَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ اِلَيْكَ وَجَلَدَ ابْنَهٗ مِئَةً وَّغَرَّبَهٗ عَامًا، وَاَمَرَ اُنَيْسًا الْاَسْلَمِيَّ اَنْ يَّاْتِىَ امْرَاَةَ الْاٰخَرِ فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' دو آدمی اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ایک نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے دوسرا بولا: وہ ان دونوں میں زیادہ سمجھدار تھا' یارسول اللہ آپ ہم دونوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے لیکن مجھے آپ کچھ عرض کرنے کی اجازت دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بولو! وہ بولا: میرا بیٹا اس شخص کے ہاں ملازم تھا اور اس نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کرلیا ہے' مجھے یہ پتہ چلا: میرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا تو میں نے ایک سو بکریاں اور اپنی ایک کنیز فدیے کے طور پر دے دی' میں نے جب اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بتایا: میرے بیٹے کو سو کوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کردیا جائے گا اور سنگسار اس کی بیوی کو کیا جائے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! میں تم دونوں کے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ جہاں تک تمہاری بکریوں اور کنیز کا تعلق ہے تو وہ تمہیں واپس مل جائیں گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کروادیا۔

پھر آپ نے حضرت انیس اسلمی رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی وہ دوسرے شخص کی بیوی کے پاس جائیں اگر وہ اعتراف کرے تو اسے سنگسار کروادیں' اس عورت نے اعتراف کرلیا تو انہوں نے اسے سنگسار کروادیا۔

1575 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُوْدِيَّيْنِ زَنَيَا .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو یہودیوں کو سنگسار کروادیا تھا جنہوں نے ''زنا'' کا

Marfat.com

ارتکاب کیا تھا۔

1576 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، كلاهما عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ رَجُلاً، قَالَ اَحَدُهُمَا : اَجْبَنَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ : مُقْعَدًا، كَانَ عِنْدَ جِدَارِ سَعْدٍ فَاَصَابَ امْرَاَةً حَبَلٌ فَرُمِيَتْ بِهٖ، فَسُئِلَ فَاعْتَرَفَ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ قَالَ اَحَدُهُمَا : فَجُلِدَ بِاِثْكَالِ النَّخْلِ، وَقَالَ الْاٰخَرُ : بِاَثْكُوْلِ النَّخْلِ .

✦✦ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص تھا۔ (یہاں پر ایک راوی نے یہ بات نقل کی ہے جس کا پیٹ بڑا تھا اور دوسرے راوی نے یہ بات بیان کی ہے' اس کی سرین بڑی تھی) وہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پڑوس میں رہتا تھا اسی دوران اس نے ایک حاملہ عورت کے ساتھ زنا کرلیا۔ اس پر اس کا الزام لگایا گیا جب اس سے تفتیش کی گئی تو اس نے اعتراف کرلیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا (یہاں پر ایک راوی نے یہ بات نقل کی ہے) اس شخص کو کھجور کی شاخوں کے ذریعے سزا دی گئی اور دوسرے راوی نے لفظ (''اثکال'' کی جگہ لفظ ''اثکول'') نقل کیا ہے۔

1577 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ

حدیث نمبر **1575**:

694 اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ

2374 اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء

1856 طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان

13331 صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء

696 حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر

1329 نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء

2326 دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء

1699 موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء

2556 قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء

1436 ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء

4542 طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء

141/4 طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر

4441 تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء

حدیث نمبر **1576**:

5565 طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)

100/3 دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر

2574 قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء

136/6 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان

343/6 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء

Marfat.com

بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ : الرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ زَنٰى إِذَا أَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ إِذَا قَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الْإِعْتِرَافِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ''رجم'' کا حکم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں موجود ہے اور یہ ''حق'' ہے اس شخص کے لئے جو محصن مرد یا عورت کا ارتکاب کریں' جب یہ بات ثبوت کے ذریعے ثابت ہو جائے یا عورت حاملہ ہو جائے یا مجرم اعتراف کرے۔

1578 - أَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَتَاهُ رَجُلٌ وَهُوَ بِالشَّامِ فَذَكَرَ لَهُ أَنَّهُ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا فَبَعَثَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ إِلَى امْرَأَتِهِ يَسْأَلُهَا عَنْ ذٰلِكَ فَأَتَاهَا وَعِنْدَهَا نِسْوَةٌ حَوْلَهَا فَذَكَرَ لَهَا الَّذِيْ قَالَ زَوْجُهَا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَأَخْبَرَهَا أَنَّهُ لَا تُؤْخَذُ بِقَوْلِهِ وَجَعَلَ يُلَقِّنُهَا أَشْبَاهَ ذٰلِكَ لِتَنْزِعَ فَأَبَتْ أَنْ تَنْزِعَ وَثَبَتَتْ عَلَى الْإِعْتِرَافِ فَأَمَرَ بِهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا فَرُجِمَتْ

✧✧ حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا وہ اس وقت شام میں موجود تھے' اس شخص نے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' اس نے اپنی بیوی کے ہمراہ ایک شخص کو پایا ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ابو واقد لیثی کو اس شخص کی بیوی کے پاس بھیجا تا کہ اس سے اس بارے میں دریافت کریں۔ ''ابو واقد'' اس خاتون کے پاس آئے وہاں دیگر خواتین بھی موجود تھیں ''ابو واقد'' نے اس عورت کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا جو اس کے شوہر نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہی ہے اور اسے یہ بتایا: اس کے شوہر کے کہنے کی وجہ سے اس عورت کا پکڑا نہیں جائیگا' ''ابو واقد'' نے اس عورت کو اسی نوعیت کی تلقین جاری رکھی' تا کہ وہ (اس الزام سے) لاتعلقی ظاہر کرے لیکن اس عورت نے لاتعلقی ظاہر کرنے سے انکار کر دیا اور اپنے اعتراف پر ثابت رہی۔ تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ہدایت کے مطابق اسے سنگسار کر دیا گیا۔

1579 - أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ يَزِيْدَ ، عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ رَجُلًا تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَلَهَا ابْنَةٌ مِّنْ غَيْرِهِ

حدیث نمبر **1578**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2382**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **141/3**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **154/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **390/7**

حدیث نمبر **1579**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **21793**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **316772**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **12/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **30/6**

Marfat.com

وَلَهُ ابْنٌ مِنْ غَيْرِهَا فَفَجَرَ الْغُلَامُ بِالْجَارِيَةِ وَظَهَرَ بِهَا حَبَلٌ فَلَمَّا قَدِمَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَكَّةَ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَيْهِ فَسَاَلَهُمَا فَاعْتَرَفَا فَجَلَدَهُمَا عُمَرُ الْحَدَّ وَحَرَصَ اَنْ يَجْمَعَ بَيْنَهُمَا فَاَبَى الْغُلَامُ .

✧✧ عبیداللہ بن ابو یزید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' ایک شخص نے ایک عورت کے ساتھ شادی کر لی۔ اس عورت کی ایک بیٹی تھی' جو دوسرے شوہر سے تھی اور اس مرد کا ایک بیٹا تھا' جو دوسری بیوی سے تھا۔ اس لڑکے نے اس لڑکی کے ساتھ زنا کر لیا وہ وہ لڑکی حاملہ ہوگئی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ تشریف لائے اور یہ معاملہ ان کی خدمت میں رکھا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں سے تفتیش کی' ان دونوں نے اعتراف کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ''حد'' کے طور پر انہیں کوڑے لگوائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ چاہتے تھے: وہ دونوں شادی کر لیں لیکن لڑکے نے انکار کر دیا۔

اخرج الخمسة الاحاديث من كتاب اختلاف الحديث ' والسادس والسابع من كتاب الرسالة ' والثامن من كتاب اليمين مع الشاهد ' والتاسع من كتاب الجنائز ' العاشر والحادى عشر من و كتاب القطع فى السرقة ' والثانى عشر من كتاب عشرة النساء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی پانچ روایات کتاب اختلاف الحدیث میں نقل کی ہیں چھٹی اور ساتویں روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہیں۔ آٹھویں روایت کتاب الیمین مع الشاہد میں نقل کی ہے نویں روایت کتاب جنائز میں نقل کی ہے۔ دسویں اور گیارہویں روایت کتاب قطع فی السرقہ میں نقل کی ہیں اور بارہویں روایت کتاب عسترۃ النساء میں نقل کی ہے۔

باب جلد الامة الحد اذا زنت

باب 8: جب کنیز زنا کا ارتکاب کرے تو ''حد'' کے طور پر اسے کوڑے لگوانا

1580 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى

حدیث نمبر **1580**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **13597**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **280**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **269/2**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **2152**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1703**

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4470**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1440**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **7240**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل **1987**ء — **6451**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **181/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء — **464/8**

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ اِنْ عَادَتْ فَزَنَتْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ اِنْ عَادَتْ فَزَنَتْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ مِنْ شَعْرٍ يَعْنِي الْحَبْلَ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کسی شخص کی کنیز زنا کا ارتکاب کرے اور اس کا زنا ثابت ہو جائے تو حد کے طور پر اسے کوڑے لگائے لیکن اسے زبانی کلامی برا نہ کہے۔ اگر وہ اس کا دوبارہ ارتکاب کرے اور یہ بات ثابت ہو جائے تو وہ حد کے طور پر کوڑے لگوائے اور زبانی کلامی اسے برا نہ کہے پھر اگر وہ دوبارہ زنا کا ارتکاب کرے اور پھر اس کا زنا ثابت ہو جائے تو اسے فروخت کر دے، خواہ بالوں سے بنی ہوئی ایک رسی کے عوض میں کرے۔

1581 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّتْ جَارِيَةً لَّهَا زَنَتْ .

✧✧ حسن بن محمد بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ایک کنیز پر حد جاری کروائی تھی، جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔

اخرج الاوّل من كتاب اختلاف على وعبدالله مما لم يسمع الربيع من الشافعي والثاني من كتاب الجنائز

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہے یہ ان روایات میں سے ایک ہے جسے امام ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا ہے اور دوسری روایت کتاب الجنائز میں نقل کی ہے۔

باب منه : ليس الحد الا على من علمه

باب 9: ''حد'' صرف اس پر جاری ہوتی ہے جسے اس کا علم ہو

1582 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ يَحْيَى بْنَ حَاطِبٍ حَدَّثَهُ قَالَ : تُوُفِّيَ حَاطِبٌ فَاَعْتَقَ مَنْ صَلّٰى مِنْ رَقِيْقِهِ وَصَامَ، وَكَانَتْ لَهُ اُمَّةٌ نَوْبِيَّةٌ قَدْ صَلَّتْ وَصَامَتْ وَهِيَ اَعْجَمِيَّةٌ فَلَمْ تَرُعْهُ اِلَّا بِحَبَلِهَا وَكَانَتْ ثَيِّبًا فَذَهَبَتْ اِلٰى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَحَدَّثَهُ، فَقَالَ عُمَرُ : لَاَنْتَ الرَّجُلُ لَا يَاْتِيْ بِخَيْرٍ وَاَفْزَعَهُ ذٰلِكَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا عُمَرُ فَقَالَ اَحَبِلْتِ فَقَالَتْ : نَعَمْ مِنْ مَرْعُوْشَ بِدِرْهَمَيْنِ فَاِذَا هِيَ تَسْتَهِلُّ بِذٰلِكَ لَا تَكْتُمُهُ قَالَ وَصَادَفَهُ عَلِيًّا وَّعُثْمَانُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ فَقَالَ اَشِيْرُوْا عَلَيَّ قَالَ وَكَانَ

حدیث نمبر **1581**:

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم بیروت، **1970**ء — **13602**
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف''، المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان، **1386**ھ — **28269**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، دارالمعرفۃ بیروت لبنان — **135/6**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء طبع اوّل **2001**ء — **341/7**

Marfat.com

عُثْمَانُ جَالِسًا فَاضْطَجَعَ فَقَالَ عَلِيٌّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ قَدْ وَقَعَ عَلَيْهَا الْحَدُّ فَقَالَ اَشِرْ عَلَيَّ يَا عُثْمَانُ فَقَالَ قَدْ اَشَارَ عَلَيْكَ اَخَوَاكَ فَقَالَ اَشِرْ عَلَيَّ اَنْتَ فَقَالَ اَرَاهَا تَسْتَهِلُّ بِهٖ كَاَنَّهَا لَا تَعْلَمُهُ وَلَيْسَ الْحَدُّ اِلَّا عَلٰى مَنْ عَلِمَهُ فَقَالَ صَدَقْتَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا الْحَدُّ اِلَّا عَلٰى مَنْ عَلِمَهُ فَجَلَدَهَا عُمَرُ مِئَةً وَغَرَّبَهَا عَامًا .

✦✦ یحییٰ بن حاطب بیان کرتے ہیں''حاطب'' کا انتقال ہوگیا۔انہوں نے اپنی کنیزوں اور غلاموں میں سے نماز پڑھنے والوں اور روزے رکھنے والوں کو آزاد کر دیا ان کی ایک کنیز تھی جو''نوبیہ'' تھی (یعنی''نوب'' نامی جگہ کی رہنے والی تھی) وہ بھی نماز پڑھتی تھی اور روزے رکھا کرتی تھی وہ عجمی تھی۔لیکن اس کے ساتھ مسئلہ یہ ہوا کہ وہ حاملہ ہوگی۔

حضرت حاطب رضی اللہ عنہ یہ مسئلہ لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور انہیں یہ بتایا تو انہوں نے فرمایا: آپ کوئی بھلائی کی خبر لے کر نہیں آئے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو بلایا اور پوچھا' تم حاملہ ہو؟ اس نے عرض کیا جی ہاں' دو درہم کے عوض میں مرعوش نامی شخص (سے حاملہ ہوئی ہوں) اس عورت نے چلا کر یہ بات کہی۔اس نے چھپانے کی کوشش نہیں کی۔

راوی بیان کرتے ہیں' اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ موجود تھے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ حضرات مجھے مشورہ دیں۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے وہ لیٹ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: اس پر حد جاری ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عثمان! آپ مجھے مشورہ دیں۔انہوں نے کہا: آپ کے دونوں بھائیوں نے آپ کو مشورہ دے تو دیا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ مجھے مشورہ دیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میرا یہ خیال ہے: یہ چلا کر اس لئے کہہ رہی ہے گویا اس کو اس چیز کا علم نہیں تھا اور حد اس شخص پر جاری ہوتی ہے جسے جرم کا پتہ ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے۔اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔حد اس پر جاری ہوگی جس کو اس کا علم ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو ایک سو کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کر دیا۔

اخرجه من كتاب اختلاف الحديث

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کتاب اختلاف الحدیث میں نقل کیا ہے۔

باب حد السرقة و قيمة ما فيه القطع

باب 10: چوری کی حد' اس قیمت کا بیان' جس کی وجہ سے ہاتھ کاٹا جائے

1583 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث نمبر **1583**:

طحاوی' امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **166/3**

نسائی' امام احمد بن شعیب''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **6789**

مروزی' امام اسحاق بن ابراہیم''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' **1412**ھ-**1991**ء **740**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **36/6**

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : الْقَطْعُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چوتھائی دینار یا اس سے قیمتی چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1584 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ سَارِقًا فِيْ مِجَنٍّ قِيمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال چوری کرنے والے شخص کا ہاتھ کٹوا دیا تھا اس ڈھال کی قیمت تین درہم تھی۔

1585 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1583**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **28077**
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1145**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **1461**
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الاوسط''، تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ' (طبع اوّل) — **1023**
دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **189/3**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **130/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **319/7**

حدیث نمبر **1584**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **686**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2406**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **18967**
طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **1847**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **28076**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **6/2**
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2306**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **6795**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **162/3**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4467**
دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن''، مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **1980/3**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **256/8**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **130/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **320/7**

Marfat.com

سَارِقًا سَرَقَ اُتْرُجَّةً فِیْ عَهْدِ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَ بِهَا عُثْمَانَ فَقُوِّمَتْ ثَلَاثَةَ دَرَاهِمَ مِنْ صَرْفِ اثْنَی عَشَرَ بِدِیْنَارٍ فَقَطَعَ یَدَهٗ .

قَالَ مَالِكٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَهِیَ اُتْرُجَّةُ الَّتِیْ یَاْكُلُهَا النَّاسُ .

✦✦ سیّدہ عمرہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں چور نے اترجہ (پھل) کی چوری کی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس کی قیمت کا تعین کیا گیا تو اس کی قیمت تین درہم تھی' وہ درہم جو ایک دینار کے بارہ آتے ہیں' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس شخص کا ہاتھ کٹوا دیا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس ''اترجہ'' سے مراد وہی پھل ہے جو لوگ کھاتے ہیں۔

1586 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ حُمَیْدٍ الطَّوِیْلِ، اَنَّهٗ سَمِعَ قَتَادَةَ یَسْاَلُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ الْقَطْعِ فَقَالَ اَنَسٌ: حَضَرْتُ اَبَا بَكْرِ الصِّدِّیْقَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَطَعَ سَارِقًا فِیْ شَیْءٍ مَّا یَسُرُّنِیْ اَنَّهٗ لِیْ بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ .

✦✦ حمید طویل بیان کرتے ہیں' انہوں نے قتادہ کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہاتھ کاٹنے کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے سنا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' انہوں نے ایک چور کا ہاتھ ایسی چیز کی چوری پر کٹوا دیا تھا اگر وہ چیز مجھے تین درہم کے عوض میں بھی مل جاتی تو مجھے پسند نہیں تھی۔

1587 - اَخْبَرَنَا غَیْرُ وَاحِدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : اَلْقَطْعُ فِیْ رُبْعِ

حدیث نمبر **1585**:

یحیٰی' ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **688**

یحیٰی' ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2408**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **28087**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **18972**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **130/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **320/7**

حدیث نمبر **1586**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **18970**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **26983**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **130/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **320/7**

حدیث نمبر **1587**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **260/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **147/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **320/7**

Marfat.com

دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد اباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے ارشاد فرمایا ہے: ایک چوتھائی دینار یا اس سے قیمتی چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1588 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهَا قَالَتْ : خَرَجَتْ عَآئِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اِلٰی مَكَّةَ وَمَعَهَا مَوْلَاتَانِ وَغُلَامٌ لِابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ فَبَعَثَتْ مَعَ الْمَوْلَاتَيْنِ بِبُرْدٍ مُرَجَّلٍ قَدْ خِيْطَتْ عَلَيْهِ خِرْقَةٌ خَضْرَاءُ قَالَتْ فَاَخَذَ الْغُلَامُ الْبُرْدَ فَفَتَقَ عَنْهُ فَاسْتَخْرَجَهُ وَجَعَلَ مَكَانَهُ لِبْدًا وَفَرْوَةً وَخَاطَ عَلَيْهِ فَلَمَّا قَدِمَتِ الْمَوْلَاتَانِ الْمَدِيْنَةَ دَفَعَتَا ذٰلِكَ اِلٰی اَهْلِهٖ فَلَمَّا فَتَقُوْا عَنْهُ وَجَدُوْا فِيْهِ اللِّبْدَ وَلَمْ يَجِدُوْا فِيْهِ الْبُرْدَ فَكَلَّمُوا الْمَوْلَاتَيْنِ فَكَلَّمَتَا عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَطَعَتْ يَدَهٗ وَقَالَتْ عَآئِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا : اَلْقَطْعُ فِیْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا

✧✧ سیّدہ عمرہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ کے لئے روانہ ہوئیں' ان کے ہمراہ ان کی دو کنیزیں تھیں اور حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کا غلام تھا سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ان دونوں کنیزوں کے ہمراہ کشیدہ کاری کی ہوئی ایک چادر سبز کپڑے میں سلوا کر بھیجی۔ عمرہ بیان کرتی ہیں اس غلام نے وہ کپڑا لیا اسے ادھیڑا اس میں سے چادر نکالی اور اس کی جگہ ایک موٹی چادر یا فروہ رکھ دی اور اسے اوپر سے سی دیا' جب وہ دونوں کنیزیں مدینہ منورہ پہنچی تو انہوں نے وہ کپڑا اس کے مالک کے سپرد کیا جب ان لوگوں نے اس کپڑے کو ادھیڑا تو اس میں موٹی چادر نکلی انہیں اپنی مخصوص چادر اس میں نہیں ملی۔ ان لوگوں نے دونوں کنیزوں سے اس کے بارے میں بات چیت کی تو ان کنیزوں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اس واقعے کے بارے میں بتایا (تحقیق کے بعد جرم ثابت ہوا) تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس غلام کا ہاتھ کٹوا دیا۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ایک چوتھائی دینار یا اس سے قیمتی چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1589 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْيَمَنِ اَقْطَعَ الْيَدِ وَالرِّجْلِ قَدِمَ عَلٰی اَبِیْ بَكْرٍ فَشَكٰی اِلَيْهِ اَنَّ عَامِلَ الْيَمَنِ ظَلَمَهٗ وَكَانَ يُصَلِّیْ مِنَ اللَّيْلِ فَيَقُوْلُ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَبِيْكَ مَا لَيْلُكَ بِلَيْلِ سَارِقٍ ثُمَّ اِنَّهُمُ افْتَقَدُوْا حُلِيًّا لِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ امْرَاَةِ اَبِیْ بَكْرٍ فَجَعَلَ الرَّجُلُ

حدیث نمبر **1588**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **687**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2410**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **280**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **166/3**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **276/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **149/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **380/7**

Marfat.com

يَطُوْفُ مَعَهُمْ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِمَنْ بَيْتَ اَهْلَ هٰذَا الْبَيْتِ الصَّالِحِ فَوَجَدُوا الْحُلِيَّ عِنْدَ صَائِغٍ وَاَنَّ الْاَقْطَعَ جَاءَ بِهٖ فَاعْتَرَفَ الْاَقْطَعُ اَوْ شُهِدَ عَلَيْهِ فَاَمَرَ بِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُطِعَتْ يَدُهُ الْيُسْرٰى وَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهِ لَدُعَاؤُهُ عَلٰى نَفْسِهٖ اَشَدُّ عِنْدِيْ مِنْ سَرِقَتِهٖ .

✦✦ عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں یمن سے تعلق رکھنے والا ایک شخص جس کا ایک ہاتھ اور پاؤں کاٹا جاچکا تھا' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے یہ شکایت کی' یمن کے گورنر نے اس کے ساتھ یہ زیادتی کی ہے' وہ شخص رات کے وقت نمازیں ادا کیا کرتا تھا اس لئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: تمہارے باپ کی قسم! تمہاری راتیں چور کی راتوں کی طرح نہیں گزرتی ہوں گی (راوی بیان کرتے ہیں) اس کے بعد لوگوں کو پتہ چلا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کا ایک زیور گم ہوگیا ہے۔ وہ یمنی شخص بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر اسے ڈھونڈتا رہا اور یہ کہتا رہا' اے اللہ! تو اس شخص پر گرفت کر! جس نے اس نیک گھرانے کے لوگوں کے ساتھ زیادتی کی ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) لوگوں کو وہ زیور ایک سنار کے پاس ملا پھر اس ہاتھ کٹے ہوئے یمنی شخص کو لایا گیا۔ تو اس نے اعتراف کیا یا ثبوت کے ذریعے اس کا جرم ثابت ہوگیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس کا بایاں ہاتھ بھی کاٹ دیا گیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اس کا اپنے لئے بددعا کرنا میرے نزدیک اس کے چوری کرنے سے زیادہ شدید ہے۔

اخرج الستة الاحاديث من كتاب القطع فى السرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چھ روایات کتاب قطع فی السرقہ میں نقل کی ہیں۔

باب اذا وصل الحد الى الامام لم يبق فيه عفو

باب 11: جب ''حد'' کا مقدمہ حاکم تک پہنچ جائے تو معافی کی گنجائش باقی نہیں رہتی

1590 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ، قِيْلَ لَهٗ : مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ هَلَكَ، فَقَدِمَ صَفْوَانُ الْمَدِيْنَةَ، فَنَامَ فِي الْمَسْجِدِ مُتَوَسِّدًا رِدَائَهُ، فَجَاءَ سَارِقٌ فَاَخَذَ رِدَائَهُ مِنْ تَحْتِ رَاْسِهٖ، فَاَخَذَ صَفْوَانُ السَّارِقَ فَجَاءَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث نمبر **1589**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**689**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**2418**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**18769**
دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**183/3**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**150/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**381/7**

Marfat.com

وَسَلَّمَ تُقْطَعُ يَدُهُ، فَقَالَ صَفْوَانُ : اِنِّیْ لَمْ اُرِدْ هٰذَا، هُوَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَهَلا قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَنِیْ بِهِ .

✧✧ صفوان بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہا گیا' جس شخص نے ہجرت نہیں کی وہ ہلاکت کا شکار ہو گیا۔تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آ گئے۔وہ مسجد میں سو گئے۔انہوں نے اپنے سر کے نیچے اپنی چادر کا تکیہ بنالیا ایک چور آیا اور اس نے ان کے سر کے نیچے سے چادر نکال لی۔حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے اس چور کو پکڑ لیا اور اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے عرض کی' میرا یہ مقصد نہیں تھا یہ چادر اس کے لئے صدقہ ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے میرے پاس لانے سے پہلے ایسا کیوں نہیں کیا؟

1591 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاؤُسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ حَدِيْثِ

حدیث نمبر **1590**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **685**
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2416**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **2383**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2595**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **28175**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **401**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **7364**
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **380/4**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **365/8**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **131/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **325/7**

حدیث نمبر **1591**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **18939**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **465/6**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **70/8**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **7670**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **2385**
دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن''' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **205/3**
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **380/3**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **131/3**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **28/7**

Marfat.com

مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب القطع والسرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب القطع والسرقہ میں نقل کی ہیں۔

باب منه : فى القطع ومضاعفة غرم العاقلة

باب 12: (ہاتھ) کاٹنا' خاندان کے تاوان کو دوگنا کرنا

1592 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ اَنَّ رَقِيْقًا لِحَاطِبٍ سَرَقُوْا نَاقَةً لِرَجُلٍ مِّنْ مُزَيْنَةَ فَانْتَحَرُوْهَا فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَ كَثِيْرَ بْنَ الصَّلْتِ اَنْ يَّقْطَعَ اَيْدِيَهُمْ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ اِنِّىْ اَرَاكَ تُجِيْعُهُمْ وَاللّٰهِ لَاُغَرِّمَنَّكَ غُرْمًا يَشُقُّ عَلَيْكَ ثُمَّ قَالَ لِلْمُزَنِيِّ كَمْ ثَمَنُ نَاقَتِكَ قَالَ اَرْبَعُ مِئَةِ دِرْهَمٍ قَالَ عُمَرُ اَعْطِهِ ثَمَانَ مِئَةِ دِرْهَمٍ

✦✦ یحییٰ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کے کچھ غلاموں نے مزینہ قبیلے کی ایک اونٹنی چوری کی اور اسے ذبح کیا یہ مقدمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کثیر بن صلت کو ان غلاموں کا ہاتھ کاٹنے کی ہدایت کی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا خیال ہے تم انہیں زیادہ سخت سزا دو۔ اللہ کی قسم! میں تمہیں ایسے تاوان کا پابند کروں گا۔ جو تمہارے لئے مشقت کا باعث ہوگا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مزینہ قبیلے کے اس شخص سے دریافت کیا' اس اونٹنی کی قیمت کیا تھی؟ تو اس شخص نے جواب دیا: چار سو درہم' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (غلاموں کے مالک سے) فرمایا: تم اسے آٹھ سو درہم ادا کرو۔

1593- اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ نَّافِعٍ وَّعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عَبْدًا لَهٗ سَرَقَ وَهُوَ آبِقٌ فَاَبٰى سَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ اَنْ

حدیث نمبر **1592**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**18977**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**278/8**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**231/7**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**640/8**

حدیث نمبر **1593**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**690**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1793**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**18986**
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**7207/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**150/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**738/9**

Marfat.com

يَقْطَعَهُ فَاَمَرَ بِهِ ابْنُ عُمَرَ فَقُطِعَتْ يَدَهُ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: ان کے ایک غلام نے چوری کی اور مفرور ہو گیا تو حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے اس کا ہاتھ کاٹنے سے انکار کیا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ہدایت کے تحت اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔

اخرج الحديثين فى كتاب اختلاف مالك والشافعى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہیں۔

باب لا يقطع العبد فى مال سيده

باب 13: آقا کے مال کی چوری پر غلام کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا:

1594 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الْحَضْرَمِيَّ جَاءَ بِغُلَامٍ لَهُ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ اقْطَعْ يَدَ هٰذَا فَاِنَّهُ سَرَقَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْمَاذَا سَرَقَ قَالَ سَرَقَ مِرْآةِ لِامْرَاَتِىْ ثَمَنُهَا سِتُّوْنَ دِرْهَمًا فَقَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْسِلْهُ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَطْعٌ خَادِمُكُمْ سَرَقَ مَتَاعَكُمْ .

✧✧ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اپنے غلام کو لے کر' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے' آپ اس کا ہاتھ کٹوا دیں کیونکہ اس نے چوری کی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' اس نے کیا چوری کی ہے؟ تو انہوں نے بتایا: اس نے میری بیوی کا آئینہ چرا لیا ہے جس کی قیمت ساٹھ درہم تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اسے چھوڑ دو کیونکہ اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا کیونکہ یہ تمہارا خادم ہے جس نے تمہارا ہی سامان چرایا ہے۔

اخرجه فى كتاب اختلاف مالك والشافعى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کیا ہے۔

باب ما لا قطع فيه

باب 14: جس چیز کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

حدیث نمبر **1594**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **682**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — **433**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — **11886**

دار قطنی' امام' علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **118/3**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **151/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — **370/7**

Marfat.com

1595 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ حُسَیْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهٗ قَالَ : لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ مُعَلَّقٍ، فَاِذَا اٰوَاهُ الْجَرِیْنُ فَفِیْهِ الْقَطْعُ .

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: لٹکے ہوئے پھل (کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا) جب اسے گودام وغیرہ میں محفوظ کرلیا جائے تو اس کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1596 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَبَّانَ، اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِیْجٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ : لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ .

✦✦ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے: پھل وغیرہ کی

حدیث نمبر **1595**:

683 اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ

2407 اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء

1870/2 شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر

1710 بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان

296 قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء

84/8 نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء

7445 نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء

173/3 طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر

194/3 دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر

381/4 نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت

15/4 بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ

148/6 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان

376/7 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء

حدیث نمبر **1596**:

684 اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ

2432 اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء

2874 کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ

2309 بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)

7449 نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء

172/3 طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر

4339 طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر"' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)

133/6 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان

332/7 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء

Marfat.com

چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

1597 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمِثْلِهِ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب القطع فى السرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تینوں روایات کتاب قطع فی السرقہ میں نقل کی ہیں۔

باب فى اهل اللقاح وقطاع الطريق والمحارب

باب 15: غارت گری کرنے والے، ڈاکوؤں، جنگجولوگوں کے احکام

1598 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ يَحْيَى، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ : لَا وَاللّٰهِ، مَا سَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنًا، وَلَا زَادَ اَهْلَ اللِّقَاحِ عَلٰى قَطْعِ اَيْدِيهِمْ وَاَرْجُلِهِمْ

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے امام زید العابدین رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی آنکھوں میں گرم سلاخیں نہیں پھروائیں۔ آپ نے غارت گروں کے صرف ہاتھ اور پاؤں کٹوائے تھے۔

1599 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ قُطَّاعِ الطَّرِيْقِ اِذَا قَتَلُوْا وَاَخَذُوا

حدیث نمبر **1597**:

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر **172/3**
طیالسی، امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ، بیروت لبنان **958**
حمیدی، امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب، بیروت، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر **407**
دارمی، امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی، دارالمحاسن، قاہرہ، **1966**ء **2311**
قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالجیل، بیروت، **1998**ء **2593**
ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دارالغرب الاسلامی، بیروت **1996**ء **1449**
اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **87/8**
نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دارالکتب العلمیہ، **1991**ء **7456**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان **133/6**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، **2001**ء **333/7**

حدیث نمبر **1599**:

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم، بیروت، **1970**ء **18544**
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1386**ھ **29009**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان **151**

Marfat.com

الْمَالَ قُتِلُوْا اَوْ صُلِبُوْا وَاِذَا قَتَلُوْا وَلَمْ يَاْخُذُوا الْمَالَ قُتِلُوْا وَلَمْ يُصْلَبُوْا وَاِذَا اَخَذُوا الْمَالَ وَلَمْ يَقْتُلُوْا قُطِعَتْ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَاِذَا اَخَافُوا السَّبِيْلَ وَلَمْ يَاْخُذُوْا مَالاً نُفُوا مِنَ الْاَرْضِ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ڈاکو جب لوگوں کو قتل کر دیں اور ان کے مال پر قبضہ کر لیں تو ان ڈاکوؤں کو قتل بھی کیا جائے گا اور سولی پر بھی لٹکایا جائے گا۔ اگر وہ لوگوں کو قتل کر دیں ان کے مال پر قبضہ نہ کریں تو ان کو صرف قتل کیا جائے گا سولی پر نہیں لٹکایا جائے گا لیکن اگر وہ صرف مال حاصل کرتے ہیں قتل نہیں کرتے تو ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت میں کاٹ دیئے جائیں گے۔ اگر وہ راستے میں لوگوں کو خوف زدہ کرتے ہیں اور لوگوں کا مال ہتھیاتے نہیں ہیں تو انہیں جلاوطن کر دیا جائے گا۔

1600 - وَعَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ : كُلُّ شَيْءٍ فِى الْقُرْآنِ اَوْ لَهُ كَيْفَ شَآءَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اِلَّا قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى "اِنَّمَا جَزَآءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ" فَلَيْسَ بِمُخَيَّرٍ فِيْهَا قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ كَمَا قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَغَيْرُهٗ "اِنَّمَا جَزَآءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ" فِى الْمُحَارِبِ فِىْ هٰذِهِ الْمَسْاَلَةِ اَقُوْلُ .

✦✦ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' قرآن میں جس جگہ پر بھی لفظ ''او'' استعمال ہوا ہے تو آدمی کو اس میں اختیار ہے' وہ جیسے چاہے استعمال کرے۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں' صرف اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا حکم مختلف ہے۔

''بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کرتے ہیں ان کی سزا یہ ہے''۔

اس بارے میں اختیار نہیں ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حکم اسی طرح ہے جیسے ابن جریج اور دیگر حضرات نے بیان کیا ہے۔

''محارب'' شخص کے بارے میں یہی حکم ہے اور اس مسئلے میں' میں بھی یہی رائے رکھتا ہوں۔

اخرج الاوّل من كتاب قتال المشركين ' والثانى من كتاب القطع فى السرقة ' والثالث من كتاب المناسك .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایات کتاب قتال المشرکین میں نقل کی ہے۔ دوسری روایت کتاب القطع فی السرقہ میں نقل کی ہے اور تیسری روایت کتاب المناسک میں نقل کی ہے۔

Marfat.com

كتاب القتل والقصاص والديات والقسامة

قتل، قصاص، دیات اور قسامت کے احکام

باب ما يحرم فى القتل

باب: 1: کس وجہ سے قتل کرنا حرام ہو جاتا ہے

1601 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، عَنِ الْمِقْدَادِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ لَقِيْتُ رَجُلاً مِّنَ الْكُفَّارِ فَقَاتَلَنِيْ فَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ : اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ، اَفَاَقْتُلُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ اَنْ قَالَهَا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقْتُلْهُ، فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ قَطَعَ يَدِيْ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ بَعْدَ اَنْ قَطَعَهَا، اَفَاَقْتُلُهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقْتُلْهُ، فَاِنْ قَتَلْتَهُ فَاِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهُ، وَاِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ آپ کا کیا خیال ہے؟ ایسی صورتحال کے بارے میں، اگر میرا سامنا کفار سے تعلق رکھنے والے کسی شخص سے ہوتا ہے وہ میرے ساتھ مقابلہ کرتا ہے، میرے ایک ہاتھ پر تلوار مار کر اسے کاٹ دیتا ہے پھر مجھ سے بچنے کے لئے ایک درخت کے پیچھے چلا جاتا ہے اور یہ کہتا ہے: میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا

حدیث نمبر **1601**:

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم بیروت، **1970**ء — **18719**

کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1386**ھ — **28934**

شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر — **3/6**

نیشاپوری، امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ حلب، طبع بیروت — **4019**

بجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان — **2644**

اسفرائینی، امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1966**ء — **65/1**

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان **1987**ء — **9414**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان — **259/1**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء طبع اوّل **2001**ء — **7/7**

Marfat.com

میں اسے قتل کردوں۔اس کے یہ کہنے کے بعد؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا:تم اسے قتل نہ کرو!میں نے عرض کی:یارسول اللہ ﷺ اس نے میرا ہاتھ کاٹ دیا تھا اور ہاتھ کاٹنے کے بعد اس نے یہ جملہ کہا ہے' کیا میں اسے قتل کردوں۔نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:تم اسے قتل نہ کرو(کیونکہ تم نے اسے قتل کردیا)تو وہ تمہاری اس جگہ پر ہوگا جو تمہارے اس کو قتل کرنے سے پہلے تھی اور تم اس کی اس جگہ پر ہوگے جو اس شخص کے اس کلمے کے پڑھنے سے پہلے تھی۔

1602 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، اَنَّ رَجُلاً سَارَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَدْرِ مَا سَارَّهُ بِهِ حَتّٰى جَهَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ يَسْتَاْمِرُ فِيْ قَتْلِ رَجُلٍ مِنَ الْمُنَافِقِينَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلا اللّٰهُ؟ قَالَ : بَلٰى، وَلَا شَهَادَةَ لَهُ، قَالَ : اَلَيْسَ يُصَلِّيْ؟ قَالَ : بَلٰى، وَلَا صَلَاةَ لَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ نَهَانِي اللّٰهُ عَنْ قَتْلِهِمْ .

✦✦ حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں'ایک مرتبہ کسی شخص نے نبی اکرم ﷺ سے سرگوشی میں بات کی۔ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکا کہ اس نے آپ کی سرگوشی میں کیا کہا؟لیکن نبی اکرم ﷺ نے بلند آواز میں جواب دیا تو ہمیں پتہ چلا کہ وہ شخص آپ سے ایک منافق کو قتل کرنے کی اجازت مانگ رہا تھا۔نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' کیا وہ شخص اس بات کی گواہی نہیں دیتا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں۔اس نے عرض کی:جی ہاں!لیکن اس کی گواہی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' کیا وہ نماز ادا نہیں کرتا' اس نے عرض کی:جی ہاں!لیکن اس کی نماز کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:یہ وہ لوگ ہیں جنہیں(قتل کرنے سے)اللہ تعالیٰ نے مجھے منع کیا ہے۔

1603 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ : شَهِدْتُّ مِنْ نِّفَاقِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ ثَلَاثَ مَجَالِسَ .

✦✦ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:میں نے تین محفلوں میں عبداللہ بن ابی کی منافقت کا مشاہدہ کیا ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب جراح العمد' والثاني والثالث من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے جبکہ دوسری وتیسری کتاب الاساری والغلول میں نقل کی ہے۔

حدیث نمبر **1602**:

صنعانی'امام'ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام''المصنف''تحقیق:عبدالرحمٰن اعظمی'دارالقلم'بیروت'**1970**ء — **16888**

شیبانی'امام'احمد بن محمد بن حنبل''المسند''المطبعۃ المیمنیہ'مصر — **433/5**

تمیمی'امام'ابوحاتم محمد بن حبان''صحیح ابن حبان''،دارالفکر'بیروت'طبع اوّل'**1996**ء — **5980**

شافعی'امام'ابوعبداللہ محمد بن ادریس''الام''دارالمعرفۃ'بیروت'لبنان — **157/6**

شافعی'امام'ابوعبداللہ محمد بن ادریس''الام''تحقیق:رفعت فوزی'دارالوفاء'طبع اوّل'**2001**ء — **396/7**

Marfat.com

بأب من قتل نفسه بشيء عذب به يوم القيامة

باب 2: جوشخص جس چیز کے ذریعے خودکشی کرے گا قیامت کے دن اسے اسی چیز کے ذریعے عذاب دیا جائے گا

1604 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَىْءٍ فِى الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

✧✧ حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جوشخص جس چیز سے دنیا میں خود کشی کرے گا قیامت کے دن اسے اسی چیز کے ذریعے عذاب دیا جائے گا۔

اخرج من كتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب جراح عمد میں نقل کیا ہے۔

باب ما يحل به القتل

باب 3: کس وجہ سے قتل کرنا حلال ہو جاتا ہے

1605 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُثْمَانَ

حدیث نمبر **1604**:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **1197**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **15984**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **850**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **33/4**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2366**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **1363**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **110**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3257**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **2636**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **5/7**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **4711**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر"' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) **1328**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **4/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **8/7**

Marfat.com

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا يَحِلُّ قَتْلُ امْرِءٍ مُّسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ : كُفْرٌ بَعْدَ اِيمَانٍ، اَوْ زِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ، اَوْ قَتْلُ نَفْسٍ بِغَيْرِ نَفْسٍ .

✧✧ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی مسلمان کو تین میں سے کسی ایک وجہ سے قتل کیا جاسکتا ہے' ایمان لانے کے بعد کافر ہو جانا' محصن ہونے کے باوجود زنا کا ارتکاب کرنا کسی بھی شخص کو ناحق طور پر قتل کرنا۔

1606 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ وَهُوَ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ اِلَّا مِنْ اِحْدٰى ثَلَاثٍ : كُفْرٍ بَعْدَ اِيمَانٍ، اَوْ زِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ، اَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ نَفْسٍ

✧✧ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کسی بھی مسلمان کو تین میں سے ایک وجہ سے قتل کیا جاسکتا ہے ایمان لانے کے بعد کافر ہو جانا' محصن ہونے کے باوجود زنا کا ارتکاب کرنا ناحق طور پر کسی کو قتل کرنا۔

1607 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ غَيَّرَ دِيْنَهُ

حدیث نمبر **1605**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **72**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **18702**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **61/1**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2302**

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4502**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2533**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **1802**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **3502**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **3/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **6/7**

حدیث نمبر **1607**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2151**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **2689**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **941**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **533**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1458**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **104**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **7**

Marfat.com

فَاضْرِبُوْا عُنُقَهُ .

✧✧ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنا دین تبدیل کرے (اسلام کو چھوڑ دے) اس کی گردن اُڑا دو۔

اخرج الاوّل من كتاب جراح العمد ' والثانى من كتاب اختلاف الحديث ' والثالث من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے دوسری کتاب اختلاف الحدیث میں اور تیسری روایت کتاب الاساری والغلول میں نقل کی ہے۔

باب استتابة المرتد

باب 4: مرتد سے توبہ کروانا

1608 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ : قَدِمَ عَلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلٌ مِّنْ قِبَلِ اَبِىْ مُوْسٰى يَسْاَلَهُ عَنِ النَّاسِ فَاَخْبَرَهُ ثُمَّ قَالَ هَلْ كَانَ فِيْكُمْ مِنْ مُغَرَّبَةِ خَبَرٍ فَقَالَ نَعَمْ رَجُلٌ كَفَرَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ قَالَ فَمَا فَعَلْتُمْ بِهٖ قَالَ قَرَّبْنَاهُ فَضَرَبْنَا عُنُقَهُ فَقَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَهَلَّا حَبَسْتُمُوْهُ ثَلَاثًا وَاَطْعَمْتُمُوْهُ كُلَّ يَوْمٍ رَغِيْفًا وَاسْتَتَبْتُمُوْهُ لَعَلَّهُ يَتُوبُ وَيُرَاجِعُ اَمْرَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ لَمْ اَحْضُرْ وَلَمْ اٰمُرْ وَلَمْ اَرْضَ اِذْ بَلَغَنِىْ .

✧✧ عبدالرحمٰن بن محمد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک شخص حضرت

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1607**:

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3522**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **2865**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4481**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **257/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **569/2**

حدیث نمبر **1608**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2152**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **206/8**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **211/3**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **18694**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **258**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **570/2**

Marfat.com

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے مختلف لوگوں کے بارے میں دریافت کیا اس نے انہیں بتایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' تمہارے پاس کوئی عجیب وغریب خبر ہے؟ اس نے جواب دیا' جی ہاں! ایک شخص تھا وہ اسلام لانے کے بعد کافر ہوگیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ اس نے جواب دیا ہم نے اس کی گردن اُڑادی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اسے تین دن تک قید کیوں نہیں رکھا؟ اسے روزانہ روٹی کھلاتے اسے توبہ کرنے کے لئے کہتے' ہوسکتا ہے کہ وہ توبہ کرلیتا اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف واپس آجاتا۔

(پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اے اللہ! میں وہاں موجود نہیں تھا اور میں اس بات سے راضی بھی نہیں ہوں اور جب مجھے اس کا پتہ چلا تو میں نے اسے برقرار بھی نہیں رکھا۔

اخرجه من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاساری والغلول میں نقل کیا ہے۔

باب من قتل دون ماله فهو شهيد

باب 5: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے

1609 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو

حدیث نمبر **1609**:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	233
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	1856
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	83
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	28038
الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر "مسند"' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء	106
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	477/2
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	2580
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء	1418
نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	115/7
نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	553
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء	6139
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	3190
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر"' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	352
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	30/6
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	77/7

Marfat.com

بْنِ نُفَيْلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ .

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ ''شہید'' ہے۔

1610 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ .

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ ''شہید'' ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب جراح العمد والثانی من كتاب قتال اهل البغی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے اور دوسری روایت کتاب قتال اہل بغی میں نقل کی ہے۔

باب قتل الجماعة بالواحد

باب 6: ایک شخص کے بدلے میں زیادہ لوگوں کو قتل کرنا

1611 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَتَلَ نَفَرًا خَمْسَةً اَوْ سَبْعَةً بِرَجُلٍ قَتَلُوْهُ قَتْلَ غِيْلَةٍ وَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَوْ تَمَالَاَ عَلَيْهِ اَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ جَمِيْعًا .

✧✧ سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پانچ یا سات آدمیوں کو ایک شخص کے بدلے میں قتل کروایا تھا' ان سب لوگوں نے اسے قتل کیا تھا اور دھوکے کے ساتھ قتل کیا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر ''صنعاء'' کے رہنے والے تمام لوگ اس کے قتل میں شریک ہوتے تو میں ان سب کو قتل کروا دیتا۔

اخرجه من كتاب جراح العمد .

حدیث نمبر **1611**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **671**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2552**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **18073**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **27864**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **20/3**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **418**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **22/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **56/7**

Marfat.com

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب جراح عمد میں نقل کیا ہے۔

باب قتل السحرة

باب 7: جادوگروں کو قتل کرنا

1612 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ بِجَالَةَ يَقُوْلُ كَتَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنِ اقْتُلُوْا كُلَّ سَاحِرٍ وَسَاحِرَةٍ، قَالَ : فَقَتَلْنَا ثَلَاثَ سَوَاحِرَ .

✧✧ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' انہوں نے بجالہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تحریر کیا تھا' ہر جادوگر مرد اور جادوگر عورت کو قتل کر دو۔

راوی بیان کرتے ہیں' ہم نے تین جادوگروں کو قتل کر دیا۔

1613 - قَالَ : وَاَخْبَرَنَا اَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَتْ جَارِيَةً لَّهَا سَحَرَتْهَا

✧✧ راوی بیان کرتے ہیں' مجھے یہ پتہ چلا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زوجہ محترمہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ایک کنیز کو قتل کروا دیا تھا جس نے ان پر جادو کر دیا تھا۔

1614 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : يَا عَآئِشَةَ، اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ اللّٰهَ اَفْتَانِيْ فِيْ اَمْرٍ اسْتَفْتَيْتُهٗ فِيْهِ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ كَذَا وَكَذَا يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّهٗ يَاْتِي النِّسَآءَ وَلَا يَاْتِيْهِنَّ اَتَانِيْ رَجُلَانِ فَجَلَسَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رِجْلَيَّ وَالْاٰخَرُ عِنْدَ رَاْسِيْ، فَقَالَ الَّذِيْ عِنْدَ رِجْلَيَّ لِلَّذِيْ عِنْدَ رَاْسِيْ : مَا بَالُ الرَّجُلِ؟ قَالَ :

حدیث نمبر **1612**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **9972**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **2982**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **190/1**

نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3043**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **860**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **256/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **566/2**

حدیث نمبر **1613**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **18748**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2553**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **256/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **566/2**

Marfat.com

مَطْبُوْبٌ، قَالَ : وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ : لَبِيْدُ بْنُ اَعْصَمَ، قَالَ : وَفِيْمَ؟ قَالَ : فِيْ جُفِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ، فِيْ مُشْطٍ وَّمُشَاقَةٍ تَحْتَ رَاعُوْفَةٍ اَوْ رَاعُوْثَةٍ، شَكَّ الرَّبِيْعُ، فِيْ بِئْرِ ذَرْوَانَ قَالَ : فَجَائَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : هٰذِهِ الَّذِيْ اُرِيْتُهَا كَاَنَّ رُئُوْسَ نَخْلِهَا رُئُوْسُ الشَّيَاطِيْنِ، وَكَاَنَّ مَائَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْرِجَ، قَالَتْ عَآئِشَةُ : فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَهَلا، قَالَ سُفْيَانُ : تَعْنِيْ تَنَشَّرْتَ، قَالَتْ عَآئِشَةُ : فَقَالَ : اَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ شَفَانِيْ، وَاَكْرَهُ اَنْ اُثِيْرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَرًّا، قَالَتْ : وَلَبِيْدُ بْنُ اَعْصَمَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ زُرَيْقٍ حَلِيْفٌ لِّيَهُوْدَ

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے؟ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس چیز کے بارے میں بتا دیا ہے جس کے بارے میں نے اس سے پوچھا تھا' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کچھ دنوں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت رہی کہ آپ کو یہ خیال ہوتا تھا کہ آپ نے اپنی ازواج کے ساتھ صحبت کی ہے لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا ہوتا تھا۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) میرے پاس دو آدمی آئے ایک میرے پاؤں کے پاس بیٹھ گئے دوسرا میرے سرہانے بیٹھ گیا۔ جو میرے پاؤں کے پاس تھا اس نے میرے سرہانے والے سے کہا ان صاحب کا کیا معاملہ ہے' اس نے جواب دیا: ان پر جادو ہوا ہے۔ پہلے نے پوچھا: ان پر کس نے جادو کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم نے' پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: نر کھجور کے گوشے میں' کنگھی میں اور سر کے بالوں میں' ایک پتھر کے نیچے جو ''ذروان'' کے کنویں کے اندر ہے۔ (یہاں پر ایک لفظ کے بارے میں ایک راوی کو شک ہے) راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لائے تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ وہی جگہ ہے جو مجھے خواب میں دکھائی گئی تھی' اس باغ کے کھجوروں کے درخت یوں تھے

حدیث نمبر **1614**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	259
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	23519
مروزی' امام' اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' 1412ھ-1991ء	737
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	50/6
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	3175
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	2189
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	3545
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	7615
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' 1987ء	4882
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء	5934
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء	6592
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	256/1
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء	566/2

Marfat.com

جیسے شیاطین کے ''سر'' ہوتے ہیں اور کنویں کا پانی یوں تھا جیسے مہندی ملی ہوئی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس پتھر کو نکالا گیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا' آپ نے اس بات کو پھیلایا کیوں نہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء عطا کر دی ہے تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں اس حوالے سے لوگوں کے درمیان شر کو پھیلاؤں۔

راوی بیان کرتے ہیں' لبید بن اعصم بنوزریق سے تعلق رکھنے والا شخص تھا' جو یہودیوں کا حلیف تھا۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب الطعام والشراب وعمارة الارضين مما لم يسمع الربيع من الشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب الطعام والشراب وعمارۃ الارضین میں نقل کی ہیں اور یہ ان روایات میں سے ہیں جنہیں امام ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا۔

باب حسن القتلة

باب 8: اچھے طریقے سے قتل کرنا

1615 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ صُهَيْبٍ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرًا فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَاَلَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ قَتْلِهِ، قِيْلَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا حَقُّهَا؟ قَالَ : اَنْ يَّذْبَحَهَا فَيَاْكُلَهَا، وَلَا يَقْطَعَ رَاْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا .

✦✦ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص ناحق طور پر چڑیا یا کسی پرندے وغیرہ کو قتل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس قتل کے بارے میں اس سے حساب لے گا' عرض کی گی یا رسول اللہ ﷺ! اس کا حق کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسے ذبح کر کے کھالے اور اس کا سر مکمل طور پر کاٹ کر نہ پھینکے۔

حدیث نمبر **1615**:

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **872**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **2279**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **587**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **1166/2**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **1984**

نسائی' امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **206/7**

نسائی' امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **4534**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **233/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **244/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **595/5**

Marfat.com

1616 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِیْ تَمِيمَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ : لَمَّا بَلَغَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ حَرَّقَ الْمُرْتَدِّيْنَ وَالزَّنَادِقَةَ، قَالَ : لَوْ كُنْتُ اَنَا لَمْ اُحَرِّقْهُمْ وَلَقَتَلْتُهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوهُ، وَلَمْ اُحَرِّقْهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَنْبَغِی لِاَحَدٍ اَنْ يُعَذِّبَ بِعَذَابِ اللّٰهِ

✧✧ عکرمہ بیان کرتے ہیں' جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو پتہ چلا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مرتدین اور زندیقوں کو جلوادیا ہے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر میں ان کی جگہ ہوتا تو میں انہیں جلواتا نہیں بلکہ میں انہیں قتل کروادیتا۔

کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے دین کو تبدیل کرے اسے قتل کردو۔

لہٰذا میں انہیں جلواتا نہیں۔

کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: کسی بھی شخص کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی طرح عذاب دے۔

1617 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ فِی ابْنِ مُلْجَمٍ بَعْدَ مَا ضَرَبَهُ اَطْعِمُوْهُ وَاسْقُوْهُ وَاَحْسِنُوْا اِسَارَهُ فَاِنْ عِشْتُ فَاَنَا وَلِیُّ دَمِیْ اَعْفُوْ اِنْ شِئْتُ وَاِنْ شِئْتُ

حدیث نمبر **1616**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **9413**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **533**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **217/1**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **3017**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4351**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1458**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **104/7**

نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3523**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **2864**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4482**

دارقطنی' امام' علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **108/3**

نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **5383**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **257/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **568/2**

حدیث نمبر **1617**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **183/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **217/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **521/5**

Marfat.com

اسْتَقَدْتُ وَاِنْ مُتُّ فَقَتَلْتُمُوْهُ فَلَا تُمَثِّلُوْا

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابن ملجم کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا تھا جب اس نے آپ پر حملہ کر دیا تھا' تم اسے کھلاؤ پلاؤ اور اچھے طریقے سے اس کا خیال رکھو! اگر میں زندہ رہا تو میں اپنے خون کا خود نگران ہوں اگر میں چاہوں گا تو معاف کر دوں گا۔ اگر چاہوں گا تو اس سے دیت لوں گا لیکن اگر میں مر گیا' تو تم اسے قتل کر دینا لیکن اس کا ''مثلہ'' نہ کرنا۔

اخرج الاوّل من كتاب قتال المشركين ' والثانى من كتاب الاسارى والغلول ' والثالث من كتاب قتال اهل البغى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو قتال المشرکین میں نقل کی ہے دوسری روایت کتاب الاساری والغلول میں اور تیسری روایت کتاب قتال اہل البغی میں نقل کی ہے۔

باب ان اعدى الناس على الله تعالىٰ القاتل غير قاتله

باب 9: اللہ تعالیٰ کے بارے میں سب سے سرکش وہ شخص ہے جو ناحق طور پر کسی کو قتل کرے

1618 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ : وُجِدَ فِىْ قَائِمِ سَيْفِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابٌ : اِنَّ اَعْدَى النَّاسِ عَلَى اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالَى الْقَاتِلُ غَيْرَ قَاتِلِهٖ، وَالضَّارِبُ غَيْرَ ضَارِبِهٖ، وَمَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضے میں ایک تحریر ملی تھی۔ جس میں یہ بات موجود تھی: اللہ تعالیٰ کے احکام کی نافرمانی کے حوالے سے سب سے زیادہ سرکش وہ شخص ہے جو کسی کو ناحق طور پر قتل کرے یا ناحق طور پر مارے اور جو شخص اپنے آزاد کرنے والوں کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے یا اس چیز کا انکار کرے جسے اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا۔

1619 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ : قُلْتُ لاَبِىْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِىٍّ : مَا كَانَ فِى الصَّحِيْفَةِ الَّتِىْ كَانَتْ فِىْ قِرَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ : كَانَ فِيْهَا : لَعَنَ اللّٰهُ الْقَاتِلَ غَيْرَ قَاتِلِهٖ، وَالضَّارِبَ غَيْرَ ضَارِبِهٖ، وَمَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ وَلِىِّ نِعْمَتِهٖ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حدیث نمبر **1618**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**18847**
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء	**330/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**4/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**11/7**

Marfat.com

✧✧ محمد بن اسحٰق بیان کرتے ہیں' میں نے امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضے میں جو صحیفہ موجود تھا' وہ کیا تھا؟ انہوں نے بتایا: اس میں یہ تحریر تھا' اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو کسی کو ناحق طور پر قتل کرے اور کسی کو ناحق طور پر مارے اور اس شخص پر (لعنت کرے) جو اپنے آزاد کرنے کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے اور (اس شخص پر لعنت کرے) اس چیز کا انکار کرے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا ہے"۔

اخرج الحديثين من كتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب جراح عمد میں نقل کی ہیں۔

باب لا تزر وازرة وزر اُخرٰی

باب 10: کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا

1620 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرو بْنِ اَوْسٍ قَالَ : كَانَ الرَّجُلُ يُؤْخَذُ بِذَنْبِ غَيْرِهٖ حَتّٰى جَآءَ اِبْرَاهِيْمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ "وَاِبْرَاهِيْمَ الَّذِىْ وَفّٰى . اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى" .

✧✧ حضرت عمرو بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' پہلے کسی شخص کو کسی دوسرے کے گناہ میں پکڑا جاتا تھا' یہاں تک کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام آئے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وہ ابراہیم جس نے اپنے عہد کو پورا کیا (اور حکم یہ ہے) کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ امام ربیع نے یہاں تک پہلے لفظ ''اخبرنا'' کے ساتھ روایت نقل کی پھر لفظ ''حدثنا'' کے ساتھ نقل کی۔

1621 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبْجَرَ، عَنْ اِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ، عَنْ اَبِىْ رِمْثَةَ، قَالَ :

حدیث نمبر **1620**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **345/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **95/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **213/8**

حدیث نمبر **1621**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **866**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **226**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2393**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4308**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **35/8**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **7036**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **6004**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **5/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **12/7**

Marfat.com

دَخَلْتُ مَعَ اَبِیْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَى اَبِیْ الَّذِیْ بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : دَعْنِیْ اُعَالِجْ هٰذَا الَّذِیْ بِظَهْرِكَ، فَاِنِّیْ طَبِيْبٌ رَفِيْقٌ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ هٰذَا مَعَكَ؟ قَالَ : ابْنِیْ، اَشْهَدُ بِهٖ، قَالَ : اَمَا اِنَّهٗ لَا يَجْنِیْ عَلَيْكَ، وَلَا تَجْنِیْ عَلَيْهِ .

✧✧ حضرت ابورمثہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میرے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر مبارک کا جائزہ لیا اور بولے آپ مجھے موقع دیں کہ میں آپ کی کمر کا علاج کروں کیونکہ میں طبیب ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مہربان آدمی ہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا تمہارے ساتھ کون ہے' انہوں نے جواب دیا' میں اس کی گواہی دیتا (یعنی قسم اٹھاتا) ہوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ''یہ تمہارے کئے کی سزا نہیں بھگتے گا اور تم اس کے کئے کی سزا نہیں بھگتو گے''۔

اخرج الاوّل من كتاب احكام القرآن ' والثانی من كتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہے اور دوسری روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے۔

باب الوفاء لاهل الذمة والقصاص لهم

باب 11: ذمیوں کے ساتھ عہد کو پورا کرنا اور ان کے لئے قصاص لینا

1622 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِیِّ، اَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَتَلَ رَجُلاً مِّنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ، فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اَنَا اَحَقُّ مَنْ اَوْفٰی بِذِمَّتِهٖ ثُمَّ اَمَرَ بِهٖ فَقُتِلَ

✧✧ محمد بن منکدر' عبدالرحمٰن کا یہ بیان کرتے ہیں: مسلمانوں سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے ایک ذمی کو قتل کر دیا۔ یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا' آپ نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کا سب سے زیادہ حقدار ہوں کہ اپنے ذمے کو پورا کروں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس (قاتل) کو قتل کر دیا گیا۔

1623 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْاَسَدِیُّ، عَنْ اَبَانَ ابْنِ تَغْلِبَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَيْمُوْنَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰی بَنِیْ هَاشِمٍ، عَنْ اَبِی الْجَنُوْبِ الْاَسَدِیِّ قَالَ : اُتِیَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ

حدیث نمبر **1622**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**18514**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**27260**
دارقطنی' امام علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**135/3**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**30/8**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**320/7**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**128/9**

Marfat.com

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِرَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَتَلَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ قَالَ فَقَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ فَاَمَرَ بِقَتْلِهٖ فَجَاءَ اَخُوْهُ فَقَالَ اِنِّيْ قَدْ عَفَوْتُ عَنْهُ قَالَ لَعَلَّهُمْ هَدَّدُوْكَ اَوْ فَرَّقُوْكَ اَوْ فَزَّعُوْكَ قَالَ : لَا وَلٰكِنْ قَتْلُهٗ لَا يَرُدُّ عَلَيَّ اَخِيْ وَعَوَّضُوْنِيْ فَرَضِيْتُ قَالَ اَنْتَ اَعْلَمُ مَنْ كَانَ لَهٗ ذِمَّتُنَا فَدَمُهٗ كَدَمِنَا وَدِيَتُهٗ كَدِيَتِنَا .

✧✧ حضرت ابوجندب اسدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک مسلمان کولایا گیا جس نے ایک ذمی کوقتل کیا تھا راوی بیان کرتے ہیں' یہ بات ثبوت سے ثابت ہوگئی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا۔ اس (مقتول) کا بھائی آیا اور بولا: میں نے اسے معاف کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' ہوسکتا ہے ان لوگوں نے تمہیں ڈرایا ہو! تم پر دباؤ ڈالا ہو! اس نے جواب دیا: نہیں۔ لیکن اس قاتل کوقتل کرنے سے میرا مرحوم بھائی واپس نہیں آئے گا انہوں نے مجھے معاوضہ دے دیا ہے میں اس سے راضی ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم بہتر سمجھتے ہو جس شخص کو ہم نے ذمہ دیا ہے اس کا خون ہمارے خون کی طرح ہے اور اس کی دیت ہماری دیت کی طرح ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب الديات والقصاص

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب دیات والقصاص میں نقل کی ہیں۔

باب لا يقتل مسلم بكافر

باب 12: کسی مسلمان کوکسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا

1624 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُسٍ، احسبه، قَالَ : وَمُجَاهِدٌ، وَالْحَسَنُ، ان رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ : وَلَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ .

✧✧ مجاہد اور حسن بصری بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن یہ ارشاد فرمایا تھا: کسی مسلمان کوکسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔

1625 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ : سَاَلْتُ عَلِيًّا : هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ

حدیث نمبر **1623**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **34/8**

1690 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ، وَاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ، فَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيَ لَهٗ عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ مِنْهُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِشَيْءٍ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ، فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ

✧✧ سیّدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میں تمہاری طرح بشر ہوں تم لوگ اپنے مقدمے لے کر میرے پاس آتے ہو' ہوسکتا ہے کہ تم میں سے کوئی ایک شخص اپنا موقف پیش کرنے میں دوسرے کے مقابلے میں تیز ہو تو میں جو سنوں' اس کے مطابق اس کے حق میں فیصلہ کردوں تو جس شخص کے حق میں میں اس کے بھائی کے حق کا فیصلہ کردوں تو وہ اسے وصول نہ کرے کیونکہ میں نے اس کے لئے آگ کا ٹکڑا کاٹا ہوگا۔

اخرج الاوّل من كتاب اليمين مع الشاهد والثانى و من كتاب ابطال الاستحسان وهو اٰخر حديث فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب یمین مع الشاہد اور دوسری روایت کو کتاب ابطال استحسان میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود آخری روایت ہے۔

باب ضمان ما افسدت المواشى

باب 5: مویشی جس چیز کو خراب کردیں' اس کا تاوان

1691 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنْ حَرَامِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مُحَيِّصَةَ ، اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَخَلَتْ حَائِطًا لِقَوْمٍ فَاَفْسَدَتْ فِيْهِ ، فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَهْلِ الْاَمْوَالِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ ، وَمَا اَفْسَدَتِ الْمَوَاشِي بِاللَّيْلِ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلٰى اَهْلِهَا .

✧✧ حرام بن سعد بیان کرتے ہیں: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اونٹنی کسی شخص کے باڑے میں داخل ہوگئی اور اس نے وہاں موجود (درختوں وغیرہ کو) نقصان پہنچایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس زمین کے مالک کے خلاف فیصلہ دیا کہ دن کے وقت

Marfat.com

اس کی حفاظت کرنا ان کی ذمہ داری ہے البتہ رات کے وقت مویشی جو خرابی پیدا کریں گے وہ اس مویشی کے مالک کے ذمے تاوان ہوگا۔

1692 - أَخْبَرَنَا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ ، حَدَّثَنَا الأَوْزَاعِيُّ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، أَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطَ رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ فَأَفْسَدَتْ فِيهِ ، فَقَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَهْلِ الْحَوَائِطِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ ، وَعَلَى أَهْلِ الْمَاشِيَةِ مَا أَفْسَدَتْ مَاشِيَتُهُمْ بِاللَّيْلِ .

✦✦ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اونٹنی ایک انصاری کے باغ میں داخل ہوئی اور اس نے وہاں کچھ خرابی پیدا کر دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باغ کے مالک کے خلاف یہ فیصلہ دیا کہ دن کے وقت اس کی حفاظت کرنا اس کے مالک کی ذمہ داری ہے البتہ رات کے وقت اگر کوئی مویشی کسی کے باغ کو نقصان پہنچاتا ہے تو یہ تاوان مویشی کے مالکان کے ذمے ہوگا۔

اخرج الحديثين من الجزء الثانى من اختلاف الحديث .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں۔

باب الدعاوى والبينات

باب 6: دعویٰ کرنا اور ثبوت پیش کرنا

1693 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

حدیث نمبر **1691**:

اصحی 'ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **678**

اصحی 'ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **2177**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **6159**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء **2332**

دار قطنی' امام' علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **156/3**

حدیث نمبر **1692**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **36301**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **295/4**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3570**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء **2332**

نسائی' امام' احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **5785**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **203/3**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **6156**

Marfat.com

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِي، وَاَحْسِبُهُ قَالَ وَلَا اَتَيَقَّنُهُ اِنَّهُ قَالَ : وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مدعی کے ذمے ثبوت پیش کرنا لازم ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں میرا خیال ہے' اس میں یہ الفاظ ہیں' تاہم مجھے اس بات کا یقین نہیں ہے: انہوں نے یہ بھی ارشاد فرمایا تھا: جس شخص کے خلاف دعویٰ کیا گیا وہ قسم اٹھائے گا۔

1694 - اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ يَحْيَى، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِيْ فَرْوَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَجُلَيْنِ تَدَاعَيَا دَابَّةً فَاَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا الْبَيِّنَةَ اَنَّهَا دَابَّتُهُ نَتَجَهَا، فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِيْ هِيَ فِيْ يَدَيْهِ .

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: دو آدمیوں نے ایک جانور کے بارے میں دعویٰ کیا ان میں سے ہر ایک نے ثبوت پیش کر دیا کہ اس کا جانور ہے اور اس کے ہاں پیدا ہوا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے حق میں فیصلہ دیا جس کے پاس وہ جانور موجود تھا۔

اخرج الاوّل من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث ' والثانی من کتاب الدعوی والبینات وھو اوّل حدیث فیه .

حدیث نمبر **1693**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **15193**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **2903**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **343/1**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **2514**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1711**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **3619**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2321**
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1342**
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5994**
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **2595**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **191/6**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **4472**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **93/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **285/10**

Marfat.com

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے اور دوسری روایت کتاب دعویٰ والبینات میں نقل کی ہے اور یہ اس میں موجود پہلی روایت ہے۔

باب قبول القافة فی الولد

باب 7: بچے کے بارے میں قیافہ شناس (کی رائے) کو قبول کرنا

1695 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ شَكَّ فِى ابْنٍ لَهُ فَدَعَا لَهُ الْقَافَةَ .

✦✦ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے' انہیں اپنے ایک بیٹے (کے نسب کے بارے میں) شک ہوا تو انہوں نے اس کے لئے قیافہ شناس کو بلایا۔

1696 - اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ، اَنَّ رَجُلَيْنِ تَدَاعَيَا وَلَدًا فَدَعَا لَهُ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ الْقَافَةَ، فَقَالُوْا : قَدِ اشْتَرَكَا فِيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَاَلِ اَيَّهُمَا شِئْتَ .

✦✦ یحییٰ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: دو آدمیوں نے ایک بچے کے بارے میں دعویٰ کر دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے لئے قیافہ شناس کو بلایا تو اس نے یہ کہا: ان دونوں کا اس بچے کے اندر اشتراک ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بچے سے فرمایا: تم ان دونوں میں سے جس کے ساتھ چاہو چلے جاؤ۔

حدیث نمبر **1694**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **256/1**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **497**

دارقطنی' امام' علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **209/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **237/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **581/7**

حدیث نمبر **1695**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **17494**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **264/10**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **247/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **606/7**

حدیث نمبر **1696**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **3147**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **162/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **247/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **607/7**

Marfat.com

1697 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِثْلَ مَعْنَاهُ

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

1698 - اَخْبَرَنَا مُطَرِّفُ بْنُ مَازِنٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِثْلَ مَعْنَاهُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب الدعوى والبينات

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چاروں روایات کتاب دعویٰ والبینا تمیں نقل کی ہیں۔

باب الشهادة على الزنا

باب 8: زنا کے بارے میں گواہی دینا

1699 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ سَعْدًا، قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ

حدیث نمبر **1697**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2159**

طحاوی، امام، ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ، ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جاد الحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر — **161/4**

بیہقی، امام، ابوبکر احمد بن حسین بن علی، ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدر آباد دکن، ہندوستان، **1344**ھ — **263/10**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **204/6**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **607/7**

حدیث نمبر **1698**:

طبرانی، امام، ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب، ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی، مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، موصل، عراق (طبع ثانی) — **1347**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **247/6**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **607/7**

حدیث نمبر **1699**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2380**

نیشاپوری، امام، مسلم بن حجاج، ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی، دار الحدیث، قاہرہ، مصر — **1498**

سجستانی، امام، ابوداؤد سلیمان بن اشعث، ''السنن''، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان — **4532**

قزوینی، امام، محمد بن یزید ابن ماجہ، ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الجیل، بیروت، **1998**ء — **2605**

نسائی، امام، احمد بن شعیب، ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ، **1991**ء — **7333**

طحاوی، امام، ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ، ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط، موسسۃ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1987**ء — **930**

تمیمی، امام، ابوحاتم محمد بن حبان، ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل، **1996**ء — **4285**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **29/6**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **74/7**

Marfat.com

وَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِی رَجُلاً اُمْهِلُهُ حَتّٰی اٰتِیَ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نَعَمْ .

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں اپنی کے ساتھ ایک شخص کو پاتا ہوں تو کیا میں اسے مہلت دوں گا؟ تا کہ چار گواہ لے کر آؤں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں!

1700 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ سَعْدًا، قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِی رَجُلاً، اُمْهِلُهُ حَتّٰی اٰتِیَ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نَعَمْ

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہوں تو کیا میں اس مہلت دوں گا؟ جب تک میں چار گواہ نہیں لے آتا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں!

1701 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ يَحْيَی بْنِ سَعِيْدٍ ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ ، اَنَّ عَلِیَّ ابْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً فَقَتَلَهُ اَوْ قَتَلَهَا فَقَالَ اِنْ لَّمْ يَاْتِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَلْيُعْطَ بِرُمَّتِهٖ

✦✦ حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی بیوی کو کسی دوسرے شخص کے ساتھ پاتا ہے تو اسے قتل کر دیتا ہے یا عورت کو قتل کر دیتا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر وہ چار گواہ لے کر نہیں آتا تو اسے سزا دی جائے گی۔

1702 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَی بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَجُلاً بِالشَّامِ وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً فَقَتَلَهُ اَوْ قَتَلَهَا، فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ اِلٰی اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اَنْ يَسْاَلَ لَهُ عَنْ ذٰلِكَ عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَاَلَهُ فَقَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ مَا هُوَ بِاَرْضِ الْعِرَاقِ عَزَمْتُ عَلَيْكَ لَتُخْبِرَنِّیْ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَا اَبُو الْحَسَنِ اِنْ لَّمْ يَاْتِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَلْيُعْطَ بِرُمَّتِهٖ

✦✦ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: شام میں ایک شخص نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک اور شخص کو پایا تو اس شخص کو یا اپنی بیوی کو قتل کر دیا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ وہ اس بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کریں۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ واقعہ عراق کی سرزمین پر رونما نہیں ہوا ہوگا میں تمہیں قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ تم مجھے اس کی حقیقت بتاؤ! تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اس کی

حدیث نمبر **1702**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2154**

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام، "المصنف"، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دار القلم، بیروت **1970**ء **1795**

کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ، "المصنف"، المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان **1386**ھ **27879**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، "الام"، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان **137/6**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، "الام"، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل **2001**ء **75/7**

Marfat.com

حقیقت بتائی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ابوالحسن ہوں (اور میری طرف ہی رجوع کیا جاسکتا ہے) اگر وہ شخص چار گواہ لے کر نہیں آتا تو اسے اس کے کئے کی سزا ملے گی۔

اخرج الاوّل من كتاب جراح العمد ' والثانی من كتاب ادب القاضی ' والثالث من كتاب احكام القرآن ' والرابع من كتاب الجنائز .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب جراح نمد میں نقل کیا دوسری روایت کو کتاب ادب القاضی میں نقل کیا ہے اور تیسری روایت کو کتاب احکام القرآن میں نقل کیا ہے اور چوتھی روایت جنائز میں نقل کی ہے۔

باب قبول شهادة القاذف اذا تاب

باب 9: حدقذف کی سزا پانے والا شخص توبہ کرے تو اس کی گواہی قبول کرنا

1703 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ قَالَ : زَعَمَ اَهْلُ الْعِرَاقِ اَنَّ شَهَادَةَ الْقَاذِفِ لَا تَجُوْزُ فَاَشْهَدُ لَاَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِاَبِیْ بَكْرَةَ تُبْ تُقْبَلْ شَهَادَتُكَ اَوْ اِنْ تُتْبَ قُبِلَتْ شَهَادَتُكَ،

وَسَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ يُحَدِّثُ بِهٖ هٰكَذَا مِرَارًا ثُمَّ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ شَكَكْتُ فِيْهِ .

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : اَشْهَدُ لَا اَخْبَرَنِیْ بِهٖ فُلَانٌ ثُمَّ سَمّٰی رَجُلًا فَذَهَبَ عَلٰی حِفْظِ اِسْمِهٖ فَسَاَلْتُ قَالَ لِیْ عَمْرِو بْنُ قَيْسٍ هُوَ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَكَانَ سُفْيَانُ لَا يَشُكُّ فِيْهِ اَنَّهٗ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ .

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَغَيْرُهٗ يَرْوِيْهِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں: میں نے زہری کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: اہل عراق یہ کہتے ہیں حدِ قذف کی سزا پانے والے شخص کی گواہی درست نہیں ہوتی۔ جبکہ میں گواہی دے کر یہ بات کہتا ہوں' سعید بن مسیب نے مجھے یہ بتایا ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا تم توبہ کرلو تمہاری گواہی قبول کی جائے گی۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اگر تم توبہ کر لیتے ہو تو تمہاری گواہی قبول کی جائے گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان بن عیینہ کو یہ روایت اسی طرح کئی مرتبہ بیان کرتے ہوئے سنا' پھر میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا: مجھے اس کے بارے میں شک ہے۔

حدیث نمبر **1703**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**20648**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**554**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**45/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**111/8**

Marfat.com

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں گواہی دے کر یہ بات کہتا ہوں کہ مجھے فلاں صاحب نے یہ بات بتائی ہے (ربیع کہتے ہیں) اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس شخص کا نام بھی لیا تھا لیکن میری یادداشت میں اس کا نام باقی نہیں رہا تو میں نے اس بارے میں دریافت کیا تو عمر بن قیس نے مجھے اس بارے میں بتایا' سعید بن مسیب کے حوالے سے' اور سفیان کو اس بارے میں کوئی شک نہیں ہے کہ وہ سعید بن مسیب ہی ہیں۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: دیگر راویوں نے اسے ابن شہاب کے حوالے سے سعید بن مسیب کے حوالے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کیا ہے۔

1704 - اَخْبَرَنِیْ سُفْیَانَ بْنُ عُیَیْنَةَ، قَالَ : اَخْبَرَنِی الزُّهْرِیُّ فَلَمَّا قُمْتُ سَاَلْتُ فَقَالَ لِیْ عَمْرِو بْنِ قَیْسٍ وَحَضَرَ الْمَجْلِسَ مَعِیَ هُوَ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیِّبِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قُلْتُ لِسُفْیَانَ اَشَکَکْتَ حِیْنَ اَخْبَرَکَ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیِّبِ قَالَ لَا هُوَ کَمَا قَالَ غَیْرَ اَنَّهُ قَدْ کَانَ دَخَلَنِی الشَّکُّ .

✧✧ زہری بیان کرتے ہیں: جب میں کھڑا ہوا اور میں نے دریافت کیا' تو عمر بن قیس نے مجھے بتایا: وہ اس محفل میں میرے ساتھ موجود تھے کہ وہ شخص سعید بن مسیب ہیں (جنہوں نے اسے نقل کیا ہے)۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان سے دریافت کیا جب سعید بن مسیب نے آپ کو اس بارے میں بتایا تو کیا آپ نے اس بارے میں شک کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ یہ اس طرح ہے جس طرح انہوں نے بیان کیا ہے' البتہ میرے اندر اس بارے میں کچھ شک ہے۔

1705 - وَاَخْبَرَنِیْ مَنْ اَثِقُ بِهٖ مِنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا جَلَدَ الثَّلَاثَةَ اسْتَتَابَهُمْ فَرَجَعَ اثْنَانِ فَقَبِلَ شَهَادَتَهُمَا وَاَبِیْ اَبُوْ بَکْرَةَ اَنْ یَرْجِعَ فَرَدَّ شَهَادَتَهُ .

✧✧ سعید بن مسیب فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے تین آدمیوں کو کوڑے لگانے کا فیصلہ کیا تو آپ نے انہیں توبہ کرنے کے لئے کہا ان میں سے دو نے رجوع کر لیا تو آپ نے دونوں کی گواہی کو قبول کیا جبکہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے رجوع کرنے سے انکار کر دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی گواہی کو مسترد کر دیا۔

اخرج الثلاثة الاحادیث وقول الشافعی من کتاب الیمین مع الشاهد

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول کتاب الیمین مع الشاہد میں نقل کیا ہے۔

باب شهادة النساء والصبیان

باب 10: خواتین اور بچوں کی گواہی

1706 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ وَسَعِیْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُ قَالَ فِیْ شَهَادَةِ النِّسَآءِ عَلَی الشَّیْءِ مِنْ اَمْرِ النِّسَآءِ لَا یَجُوْزُ فِیْهِ اَقَلُّ مِنْ اَرْبَعٍ

Marfat.com

✧✧ عطاء بیان کرتے ہیں: عورتوں سے متعلق معاملات میں خواتین کی گواہی قبول کی جاسکتی ہے لیکن اس میں ان کی چار سے کم گواہی قبول نہیں ہوگی۔

1707 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ وَسَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُ قَالَ فِيْ شَهَادَةُ النِّسَآءِ لارَجُلَ مَعَهُنَّ فِيْ اَمْرِ النِّسَآءِ لَا يَجُوْزُ فِيْهِ اَقَلَّ مِنْ اَرْبَعِ عُدُوْلٍ .

✧✧ عطاء بیان کرتے ہیں: خواتین سے متعلق معاملے میں خواتین کی ایسی گواہی جن میں ان کے ساتھ کوئی مرد نہ ہو۔ اس چار عادل خواتین سے کم کی گواہی قبول نہیں ہوگئی۔

1708 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ ، عنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ شَهَادَةِ الصِّبْيَانِ: لَا تَجُوْزُ ، وَزَادَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ "مِمَّن تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ" .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بچوں کی گواہی کے بارے میں فرماتے ہیں: یہ درست نہیں ہے۔

ابن ابی جریج نے ابن ابی ملیکہ کے حوالے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے اس کی وجہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان بیان کی ہے:

''جن گواہوں سے تم راضی ہو''۔

اخرج الاوّل من كتاب الدعوى والبينات ، والثانى والثالث من كتاب احكام القرآن .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب دعویٰ والبینات میں نقل کی ہیں جبکہ دوسری اور تیسری روایات کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1706**:

کوفی، امام، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1386**ھ — **2073**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان — **87/7**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **163/8**

حدیث نمبر **1708**:

بیہقی، امام، ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1344**ھ — **161/10**

صنعانی، امام، ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم، بیروت، **1970**ء — **15494**

کوفی، امام، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1386**ھ — **21027**

نیشاپوری، امام، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ، حلب، طبع بیروت — **286/2**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان — **48/7**

شافعی، امام، ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، **2001**ء — **199/8**

Marfat.com

باب اليمين ومع الشاهد

باب ۱۱: ایک گواہ کے ہمراہ قسم اٹھالینا

1709 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمَخْزُوْمِيُّ، عَنْ سَيْفِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمَكِّيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ، قَالَ عُمَرُ : وَفِي الْاَمْوَالِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہمراہ قسم کے ذریعے فیصلہ دے دیا تھا۔

عمرو بیان کرتے ہیں: یہ اموال کے بارے میں تھا۔

1710 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَرَجُلٍ اٰخر سماه فلا يحضرني ذكر اسمه من اصحاب النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ .

✧✧ معاذ بن عبدالرحمٰن، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ایک اور صحابی کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں، جن کا نام مجھے یاد نہیں رہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہمراہ قسم کے ذریعے فیصلہ دے دیا تھا۔

1711 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عُمَرَ، مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ .

✧✧ ابن مسیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور ایک قسم کے ذریعے فیصلہ دے دیا تھا۔

1712 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ : وَجَدْنَا فِيْ كِتَابِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ

حدیث نمبر **1709**:

کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1386**ھ	**2295**
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ، مصر	**248/1**
نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی، دارالحدیث، قاہرہ، مصر	**1712**
بجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان	**3608**
قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالجیل، بیروت، **1998**ء	**2370**
نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دارالکتب العلمیہ، **1991**ء	**6011**
طبرانی، امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی، مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، موصل، عراق (طبع ثانی)	**11185**
طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر	**144/4**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان	**254/1**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل، **2001**ء	**3625/7**

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ

✧✧ حضرت سعید بن عمرو رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، ہم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی تحریروں میں یہ بات پائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہمراہ قسم کے ذریعے فیصلہ دے دیا تھا۔

1713 - اَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ، قَالَ : وَذَكَرَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ : وَجَدْنَا فِيْ كُتُبِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ يَشْهَدُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ عَمْرِو بْنَ حزْمٍ اَنْ يَّقْضِيَ بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ .

✧✧ سعید بن عمرو اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، ہم نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی تحریروں میں یہ بات پائی ہے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے گواہی دے کر یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی تھی: وہ ایک گواہ اور ایک قسم کے ذریعے فیصلہ کر دیں۔

1714 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ .

حدیث نمبر **1712**:

الکسی، امام ابو محمد عبد بن حمید بن نصر ''مسند''، تحقیق صبحی سامرائی، محمود خلیل، عالم الکتب **1988**ء — **308**
طبرانی، امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی، مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، موصل، عراق (طبع ثانی) — **361**
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ، مصر — **28/5**
ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت **1996**ء — **1343**
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان **1386**ھ — **214/4**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **254/6**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل **2001**ء — **625/7**

حدیث نمبر **1714**:

بجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان — **3610**
قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الجیل، بیروت **1998**ء — **2368**
ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت **1996**ء — **1343**
نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ **1991**ء — **6014**
موصلی، امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد، دار المامون للتراث، طبع اوّل **1987**ء — **6683**
طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جاد الحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر — **144/4**
تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل **1996**ء — **5080**
دار قطنی، امام علی بن عمر ''السنن''، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر — **213/4**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دار المعرفۃ، بیروت، لبنان — **255/6**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل **2001**ء — **626/1**

Marfat.com

قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ : فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِسُهَيْلٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِىْ رَبِيْعَةُ، وَهُوَ عِنْدِى ثِقَةٌ، اَنِّىْ حَدَّثْتُهُ اِيَّاهُ وَلَا اَحْفَظُهُ .

قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ : وَقَدْ كَانَ اَصَابَ سُهَيْلًا عِلَّةٌ اَذْهَبَتْ بَعْضَ حِفْظِهِ، وَنَسِىَ بَعْضَ حَدِيْثِهِ، وَكَانَ سُهَيْلٌ بَعْدُ يُحَدِّثُهُ، عَنْ رَبِيْعَةَ عَنْهُ، عَنْ اَبِيْهِ .

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور ایک قسم' کے ذریعے فیصلہ دے دیا تھا۔

عبدالعزیز بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ سہیل سے کیا تو انہوں نے بتایا مجھے ربیعہ نے یہ بات بیان کی ہے اور وہ میرے نزدیک ثقہ ہیں' میں نے انہیں یہ حدیث سنائی تھی اور مجھے یہ یاد نہیں رہی۔

عبدالعزیز بیان کرتے ہیں: سہیل کو کوئی بیماری لاحق ہوگئی تھی جس کی وجہ سے ان کا حافظہ کمزور ہو گیا تھا اور وہ بعض روایات بھول گئے تھے اس لئے بعد میں سہیل اس روایت کو ربیعہ کے حوالے سے اپنے حوالے سے اپنے والد کے حوالے سے نقل کیا کرتے تھے۔

1715 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ اَبِيْهِ : اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ .

✦✦ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور ایک قسم' کے ذریعہ فیصلہ دے دیا تھا۔

1716 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ : حَدَّثَنِىْ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، سَمِعْتُ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ يَسْاَلُ اَبِىْ، وَقَدْ وَضَعَ يَدَهُ عَلٰى جِدَارِ الْقَبْرِ لِيَقُوْمَ اَقَضَى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ؟ قَالَ : نَعَمْ، وَقَضٰى بِهَا عَلِىٌّ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ .

قَالَ مُسْلِمٌ : قَالَ جَعْفَرٌ : فِى الدَّيْنِ .

✦✦ امام جعفر صادق (رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں: میں نے حکم بن عتیبہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' انہوں نے میرے والد سے دریافت کیا' اس وقت انہوں نے اُٹھنے کے لئے اپنا ہاتھ قبر کی دیوار پر رکھا تھا۔ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہمراہ

حدیث نمبر **1715**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2111**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **2299**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **1145**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **145/4**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **169/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **44/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **627/7**

Marfat.com

فیصلہ دے دیا تھا؟ انہوں نے جواب دیا' جی ہاں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی تمہارے درمیان اس طرح کا فیصلہ دیا ہے۔

مسلم نامی راوی فرماتے ہیں: امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے یہ قرض کے بارے میں تھا۔

1717 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ اَبِيْهِ ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ فِي الشَّهَادَةِ : فَإِنْ جَاءَ بِشَاهِدٍ حَلَفَ مَعَ شَاهِدِهِ .

✧✧ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گواہی کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر وہ شخص ایک گواہ لے کر آئے تو وہ گواہ کے ہمراہ قسم بھی اٹھائے گا۔

1718 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ كَرِيمَةَ، عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ .

✧✧ امام ابوجعفر (محمد الباقر رحمۃ اللہ علیہ) بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہمراہ قسم' کے ذریعے فیصلہ دے دیا تھا۔

1719 - اَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنَّهُ قَالَ لِبَعْضِ مَنْ يُنَاظِرُهُ، قَالَ : فَقُلْتُ لَهُ : رَوَى الثَّقَفِيُّ وَهُوَ ثِقَةٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہمراہ قسم' کے ذریعہ فیصلے دے دیا تھا۔

اخرج العشرة الاحاديث من كتاب اليمين مع الشاهد ' وهوى اوّل ما فيه والحادى عشر من كتاب الاسارى والغلول وهو اٰخر ما فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دس روایات کتاب یمین مع الشاہد میں نقل کی ہیں اور یہ اس میں موجود ابتدائی روایات ہیں جبکہ

حدیث نمبر **1718**:

کوفی' امام' ابو بکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**2299**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**225/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الامّ''' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**629/7**

حدیث نمبر **1719**:

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**305/3**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	**2369**
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء	**1344**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**144/4**
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الاوسط''' تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ' (طبع اوّل)	**7345**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**212/4**

Marfat.com

گیارہویں روایت کتاب الاساری والغلول میں نقل کی ہیں اور یہ اس میں موجود آخری روایت ہے۔

باب موضع اليمين ووقتها

باب 12: قسم اٹھانے کی جگہ اور اس کا وقت

1720 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ حَلَفَ عَلٰى مِنْبَرِیْ هٰذَا بِيَمِيْنٍ اٰثِمَةٍ تَبَوَّاَ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ .

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص میرے اس منبر کے اوپر جھوٹی قسم اٹھائے گا وہ جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لئے تیار رہے۔

1721 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ دَاوٗدَ بْنِ الْحُصَيْنِ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا غَطَفَانَ الْمُرِّیَّ قَالَ : اخْتَصَمَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَابْنُ مُطِيْعٍ اِلٰى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فِیْ دَارٍ فَقَضٰى بِالْيَمِيْنِ عَلٰى زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ زَيْدٌ اَحْلِفُ لَهٗ مَكَانِیْ فَقَالَ مَرْوَانُ لَا وَاللّٰهِ اِلَّا عِنْدَ مَقَاطِعِ الْحُقُوْقِ فَجَعَلَ زَيْدٌ يَحْلِفُ اَنَّ حَقَّهٗ لَحَقٌّ وَيَاْبٰى اَنْ يَّحْلِفَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَجَعَلَ مَرْوَانُ يَعْجَبُ مِنْ ذٰلِكَ .

قَالَ مَالِكٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : كَرِهَ زَيْدٌ صَبْرَ الْيَمِيْنِ .

حدیث نمبر **1720**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **212**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **344/3**

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **346**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء — **2325**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء — **601**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند"، تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **1782**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **296/1**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4374**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **197/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **88/8**

حدیث نمبر **1721**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **847**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2130**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **36/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **89/8**

Marfat.com

✧✧ ابوغطفان مری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' اور ابن مطیع' اپنا مقدمہ لے کر مروان بن حکم کے پاس (اس کے) گھر میں گئے تو اس نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کے خلاف یہ فیصلہ دیا کہ وہ منبر پر قسم اٹھائیں گے تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا میں اسی جگہ پر قسم اٹھالیتا ہوں مروان نے کہا: نہیں: اللہ کی قسم! یہ صرف اس جگہ ہوگا جہاں حقوق قطع ہو جاتے ہیں تو حضرت زید رضی اللہ عنہ وہاں یہ قسم اٹھاتے رہے کہ ان کا مؤقف درست ہے لیکن انہوں نے منبر پر قسم اٹھانے سے انکار کر دیا' تو مروان اس بات پر بہت حیران ہوا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: حضرت زید رضی اللہ عنہ نے وہاں قسم اٹھانے کو ناپسند کیا۔

1722 - اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُؤَمَّلٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْكَةَ، قَالَ : كَتَبْتُ اِلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ مِنَ الطَّائِفِ فِیْ جَارِیَتَیْنِ ضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰی وَلَا شَاهِدَ عَلَیْهِمَا، فَكَتَبَ اِلَیَّ اَنِ احْبِسْهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ، ثُمَّ اقْرَاْ عَلَیْهِمَا : "اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا" فَفَعَلْتُ، فَاعْتَرَفَتْ

✧✧ ابن ابی ملیکہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو طائف سے خط لکھا' جو دو کنیزوں کے بارے میں تھا ان میں سے کوئی ایک دوسری کو مارتی ہے ان دونوں کے خلاف کوئی گواہ نہیں ہے تو انہوں نے مجھے جواب میں لکھا: میں عصر کے بعد ان دونوں کو قید کر دوں اور پھر ان کے سامنے یہ آیت تلاوت کروں۔

''بے شک جو لوگ اللہ تعالیٰ کے عہد اور اس کی قسموں کے عوض میں تھوڑی سی قیمت حاصل کرتے ہیں''۔

میں نے ایسا کیا' تو ان میں سے ایک نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب اليمين مع الشاهد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تینوں روایات کتاب یمین مع الشاہد میں نقل کی ہیں۔

باب لغو اليمين ومن حلف على يمين فوكدها

باب 13: لغو قسم کا بیان' اور جو شخص قسم اٹھانے کے بعد اس میں تاکید پیدا کرے

حدیث نمبر **1722**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **15193**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **4552**

نسائی' امام' احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **248/8**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **5089**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر''، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **11223**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین، بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **252/10**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **234/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **85/8**

Marfat.com

1723 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ : ذَهَبْتُ اَنَا وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ اِلٰى عَائِشَةَ وَهِىَ مُعْتَكِفَةٌ فِىْ ثَبِيْرَ فَسَاَلْتُهَا عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ : "لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِىْ اَيْمَانِكُمْ" قَالَتْ : هُوَلَا وَاللّٰهِ بَلٰى وَاللّٰهِ .

✦✦ عطاء بیان کرتے ہیں: میں اور عبید بن عمیر' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گئے وہ اس وقت ثبیر (پہاڑ کے پاس) اعتکاف کی حالت میں تھیں' میں نے ان سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا۔

''اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسموں کے بارے میں تم سے مواخذہ نہیں کرے گا''۔

تو انہوں نے فرمایا (اس سے مراد آدمی کا) یہ کہنا ہے: نہیں' اللہ کی قسم! ہاں۔ اللہ کی قسم!

1724 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عروة، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ لَغْوُ الْيَمِيْنِ قَوْلُ الْاِنْسَانِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلٰى وَاللّٰهِ .

✦✦ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' لغو قسم سے مراد آدمی کا یہ کہنا ہے' نہیں! اللہ کی قسم! ہاں! اللہ کی قسم!

اخرج الاوّل من كتاب الكفارات والنذور ' والثانى والثالث فى كتاب اختلاف مالك والشافعى رضى الله عنهما .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب کفارات والنذور میں جبکہ دوسری و تیسری روایت کتاب اختلاف مالک رحمۃ اللہ علیہ و

حدیث نمبر **1723**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **15951**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **3254**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4339**

مروزی' امام' اسحاق بن ابراہیم ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' **1412**ھ-**1991**ء — **1786**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **63/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **154/8**

حدیث نمبر **1724**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1366**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **15952**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **6663**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **11149**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **48/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **242/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **618/8**

Marfat.com

شافعی رحمۃ اللہ علیہ میں نقل کی ہے۔

1725 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ : مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَوَكَّدَهَا فَعَلَيْهِ عِتْقُ رَقَبَةٍ .

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص کوئی قسم اٹھا کر اس میں تاکید پیدا کرے (تو ایسی قسم توڑنے پر) اس پر غلام آزاد کرنا لازم ہوگا۔

حدیث نمبر **1725**:

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط، موسسۃ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1987**ء	**118/3**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان	**257/7**
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل **2001**ء	**734/8**

Marfat.com

كتاب الجهاد وقسم الغنائم

جہاد کا بیان اور مالِ غنیمت کی تقسیم

باب القتال على التوحيد

باب 1: کلمہ توحید کی بنیاد پر جنگ کرنا

1726 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا اَزَالُ اُقَاتِلُ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا : لَا اِلٰهَ اِلا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوْهَا فَقَدْ عَصَمُوْا مِنِّىْ دِمَائَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ .

حدیث نمبر **1726**:

مروزی، امام اسحاق بن ابراہیم ''المسند'' مکتبہ الایمان مدینہ منورہ طبع اول **1412**ھ-**1991**ء **272**

شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ، مصر **11/1**

بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **1399**

نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی، دارالحدیث، قاہرہ، مصر **21**

سجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان **156**

قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالجیل، بیروت **1998**ء **71**

ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دارالغرب الاسلامی، بیروت **1996**ء **2606**

نسائی، امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث، قاہرہ، مصر **1407**ھ-**1987**ء **4/6**

نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دارالکتب العلمیہ **1991**ء **3433**

نیشاپوری، امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ، ریاض، الطبعۃ الثانیہ **1981**ء **2248**

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق، مطبعۃ الانوار المحمدیہ، مصر **213/3**

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط، موسسۃ الرسالہ، بیروت، لبنان **1987**ء **5851**

تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر، بیروت، طبع اول **1996**ء **216**

طبرانی، امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الاوسط''، تحقیق: محمود الطحان، مکتبۃ المعارف، ریاض، سعودی عربیہ (طبع اول) **945**

دارقطنی، امام علی بن عمر ''السنن''، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر **231/1**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان **172/4**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اول **2001**ء **11/10**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میں اس وقت تک لوگوں کے ساتھ جنگ کرتا رہوں گا جب تک وہ یہ اعتراف نہ کرلیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے جب وہ یہ اعتراف کرلیں گے تو وہ اپنی جانوں اور اپنے اموال کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے البتہ ان کا حق باقی رہے گا جس کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا۔

1727 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا اَزَالُ اُقَاتِلُ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوْهَا فَقَدْ عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَائَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میں لوگوں کے ساتھ مسلسل جنگ کرتا رہوں گا یہاں تک کہ وہ یہ اعتراف کرلیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں' جب وہ یہ اعتراف کرلیں تو وہ اپنی جانوں اور اپنے اموال کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے البتہ ان کا حق باقی رہے گا اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا۔

1728 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِذَا هَلَكَ كِسْرٰى فَلَا كِسْرٰى بَعْدَهُ، وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ''کسریٰ'' مرجائے گا تو اس کے بعد کوئی ''کسریٰ'' نہیں ہوگا جب ''قیصر'' مرجائے گا تو اس کے بعد کوئی ''قیصر'' نہیں ہوگا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری

حدیث نمبر **1728**:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **2580**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **20814**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **1094**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **233/2**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **2216**

الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' ''مسند'' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء **1462**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **3027**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **291**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء **5881**

نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء **1597**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **508**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **6698**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **171/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **397/5**

Marfat.com

جان ہے ان دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں ضرور خرچ کئے جائیں گے۔

اخرج الاوّل من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث ' والثانی من کتاب جراح العمد والثالث من کتاب الجزیة

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی ''روایت'' اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے جبکہ دوسری روایت کتاب ''جراح عمد'' میں نقل کی ہے جبکہ تیسری کتاب الجزیہ میں نقل کی ہے۔

باب لا یفر واحد من اثنین

باب 2: دو کے مقابلے میں ایک شخص فرار نہ ہو

1729 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ ''اِنْ يَّكُن مِّنكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِئَتَيْنِ''فَكَتَبَ عَلَيْهِمْ اَلَّا يَفِرَّ الْعِشْرُوْنَ مِنَ الْمِئَتَيْنِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى : ''اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ فَخَفَّفَ عَنْهُمْ وَكَتَبَ عَلَيْهِمْ اَلَا تَفِرَّ مِائَةٌ مِّنْ مِئَتَيْنِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''اگر تم میں سے صبر کرنے والے بیس لوگ ہوں تو وہ دو سو پر غالب آجائیں گے''۔

تو اللہ تعالیٰ نے لوگوں پر بات لازم کی کہ بیس آدمی' دوسو کے مقابلے میں راہِ فرار اختیار نہیں کر سکتے پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اب اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے آسانی پیدا کر دی ہے وہ یہ جانتا ہے کہ تمہارے اندر کمزوری ہے اگر تم لوگ صبر کرنے والے ''ایک سو'' افراد ہو تو وہ لوگ ''دوسو'' (دشمنوں) پر غالب آجائیں گے

تو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لئے تخفیف کر دی اور ان پر یہ لازم کیا کہ دوسو کے مقابلے میں ایک سو لوگ راہ فرار اختیار نہیں کر سکتے۔

اخرج الاوّل من کتاب الجزیة ' والثانی من کتاب قتال المشرکین

امام شافعی نے پہلی روایت کتاب الجزیہ میں نقل کی ہے جبکہ دوسری کتاب قتال المشرکین میں نقل کی ہے۔

حدیث نمبر **1729**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **9525**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **652**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **642**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **169/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **392/5**

Marfat.com

باب منه : الفارون الكارون

باب 3: فرار اختیار کرنے والے اور پلٹ کر حملہ کرنے والے

1730 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : مَنْ فَرَّ مِنْ ثَلَاثَةٍ فَلَمْ يَفِرَّ وَمَنْ فَرَّ مِنِ اثْنَيْنِ فَقَدْ فَرَّ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، جو شخص تین (گنا) کے مقابلے میں پیچھے ہٹ جائے وہ فرار اختیار کرنے والا نہیں ہوگا۔ البتہ جو دو (گنا) کے مقابلے میں پیچھے ہٹ جائے اس نے راہِ فرار اختیار کی۔

1731 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَّزِيدَ بْنِ اَبِیْ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَرِيَّةٍ فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً، فَاَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ، فَفَتَحْنَا بَابَهَا، وَقُلْنَا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ، قَالَ : بَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ، وَاَنَا فِئَتُكُمْ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کیا جب ان لوگوں کا دشمنوں سے سامنا ہوا تو لوگ (بچ کر) دوسرے طرف سے نکل گئے جب ہم لوگ مدینہ منورہ آئے اور ہم نے وہاں کے دروازے کو کھولا تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ (ہمیں سزا دیں) کیونکہ ہم فرار ہونے والے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! تم لوگ پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو اور میں تمہارے ساتھ ہوں۔

حدیث نمبر **1730**:

بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن، ہندوستان **1344**ھ — **76/9**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الامّ'' دارالمعرفۃ بیروت، لبنان — **242/4**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل **2001**ء — **588/5**

حدیث نمبر **1731**:

حمیدی، امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب بیروت، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر — **687**

کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن، ہندوستان **1386**ھ — **3368**

شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ، مصر — **23/2**

بخاری، امام محمد بن اسماعیل ''الادب المفرد'' مطبعہ مصطفیٰ البابی الحلبی، قاہرہ، طبع رابع **1955**ء — **972**

بجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی بیروت، لبنان — **2647**

قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف، دارالجیل بیروت **1998**ء — **3704**

ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف، دارالغرب الاسلامی بیروت **1996**ء — **1716**

طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط، موسسۃ الرسالہ بیروت، لبنان **1987**ء — **900**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الامّ'' دارالمعرفۃ بیروت، لبنان — **17/4**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الامّ''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اوّل **2001**ء — **396/5**

Marfat.com

اخرجه من كتاب الجزية .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الجزیہ میں نقل کیا ہے۔

باب فی البعوث

باب 4: جنگی مہمات

1732 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ جَيْشًا اَمَّرَ عَلَيْهِمْ اَمِيرًا، وَقَالَ : فَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوًّا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰى ثَلَاثِ خِلَالٍ، اَوْ ثَلَاثِ خِصَالٍ، شَكَّ عَلْقَمَةُ، ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَاَخْبِرْهُمْ اِنْ هُمْ فَعَلُوْا اَنَّ لَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ، وَاَنَّ عَلَيْهِمْ مَا عَلَيْهِمْ، فَاِنِ اخْتَارُوا الْمَقَامَ فِيْ دَارِهِمْ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّهُمْ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ، يَجْرِيْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ كَمَا يَجْرِيْ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، وَلَيْسَ لَهُمْ فِي الْفَيْءِ شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يُجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَاِنْ لَمْ يُجِيْبُوْكَ فَادْعُهُمْ اِلٰى اَنْ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ، فَاِنْ فَعَلُوْا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَدَعْهُمْ، فَاِنْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَقَاتِلْهُمْ

✦✦ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی لشکر کو روانہ کرتے تھے تو اس پر ایک شخص کو امیر مقرر کر دیتے تھے اور یہ ارشاد فرماتے تھے: جب تمہارا اپنے مشرک دشمن کے ساتھ سامنا ہو تو تم انہیں تین باتوں کی دعوت

حدیث نمبر **1732**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **9428**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **352/5**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **2444**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **731**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2612**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشارعواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2858**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشارعواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1408**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **8586**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **1413**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **206/3**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **3572**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4739**

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الاوسط''، تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ' (طبع اوّل) — **1453**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **172/4**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **402/5**

Marfat.com

دینا۔ یہاں پر ایک لفظ کے بارے میں علقمہ نامی راوی کو شک ہے' تم انہیں اسلام کی دعوت دینا اگر وہ اسے قبول کرلیں تو تم ان کی طرف سے اسے قبول کر لینا اور ان سے لڑائی سے رک جانا پھر تم انہیں ان کے علاقے سے مہاجرین کے علاقے کی طرف منتقل ہونے کی دعوت دینا اور انہیں یہ بتانا اگر وہ ایسا کرلیں گے تو انہیں وہ تمام سہولتیں ملیں گی جو مہاجرین کو حاصل ہیں اور ان پر وہ تمام چیزیں لازم ہوں گی جو مہاجرین پر لازم ہیں اگر وہ اپنے علاقے میں قیام کرنے کو اختیار کریں تو وہ دیہاتی مسلمانوں کی طرح ہوں گے ان پر اللہ تعالیٰ کا حکم جاری ہوگا جیسے دیگر مسلمانوں پر جاری ہوتا ہے۔ تاہم انہیں مال ''فے'' میں سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ البتہ اگر وہ مسلمانوں کے ساتھ جہاد کریں گے (تو مال ''فے'' میں سے حصہ دار ہوں گے) اگر وہ تمہاری اس دعوت کو قبول نہیں کرتے تو تم انہیں اس بات کی دعوت دو کہ وہ جزیہ ادا کریں ذلت کا شکار ہوتے ہوئے اگر وہ ایسا کر لیتے ہیں تو تم اسے قبول کرو اور انہیں چھوڑ دو اگر وہ اس کا بھی انکار کر دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو اور ان کے ساتھ جنگ کرو۔

1733 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ جَيْشًا اَمَّرَ عَلَيْهِمْ اَمِيرًا، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

✧✧ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جب کسی مہم کو روانہ کرتے تھے تو ان پر ایک امیر مقرر کر دیتے تھے اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث نقل کی ہے۔

اخرج الاوّل من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث ' والثانی من کتاب الجزیة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے جبکہ دوسری روایت کتاب الجزیہ میں نقل کی ہے۔

باب النهی عن قتل النساء والصبیان

باب 5: خواتین اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت

1734 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَمِّهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الَّذِيْنَ بَعَثَ اِلٰى ابْنِ اَبِي الْحُقَيْقِ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ .

✧✧ حضرت ابن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جن لوگوں کو ابن ابی حقیق کی طرف بھیجا تھا انہیں خواتین اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کر دیا تھا۔

حدیث نمبر **1734**:

8743 حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر

33115 کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ

22/4 اسفرائینی' امام' ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء

239/4 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان

576/5 شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء

Marfat.com

1735 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَمِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ اِلٰى ابْنِ اَبِي الْحُقَيْقِ نَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ .

✦✦ ابن کعب بن مالک اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جب ابن ابی حقیق کی طرف لوگوں کو بھیجا تھا تو خواتین اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کر دیا۔

اخرج الاوّل من كتاب قتال المشركين وهو اوّل حديث فيه ' والثانى من كتاب الرسالة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب قتال المشرکین میں نقل کی ہے اور یہ اس میں موجود پہلی روایت ہے جبکہ دوسری روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے۔

باب المصاب من نساء المشركين وذرايهم

باب 6: مشرکین کی جو خواتین اور بچے (جنگ کے دوران) مارے جائیں

1736 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَخْبَرَنِي الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ، فَيُصَابُ مِنْ نِّسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هُمْ مِنْهُمْ، وَزَادَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ : هُمْ مِنْ اٰبَائِهِمْ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے انہوں نے نبی

حدیث نمبر **1736**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **9385**
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **781**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **3313**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **37/4**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **30/2**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1745**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **672**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2839**
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1570**
نسائی' امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **8622**
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء — **95/4**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **22/3**
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **136**

Marfat.com

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا' آپ سے مشرکین کے علاقے میں رہنے والے ان لوگوں کے بارے میں دریافت کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جاتا ہے اور اس دوران ان کے بچے اور عورتیں مارے جاتے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ان لوگوں کا حصہ ہیں۔

عمرو بن دینار نے یہ الفاظ زائد نقل کئے ہیں: وہ اپنے باپ دادا کے ساتھ ہیں۔

1737 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَعْنِيْ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هُمْ مِنْهُمْ، وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ فِي الْحَدِيْثِ : هُمْ مِنْ اٰبَائِهِمْ .

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کے علاقے میں رہنے والے ان لوگوں کے بارے میں دریافت کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جائے اور اس دوران ان کی خواتین اور بچے مارے جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بھی ان لوگوں کا حصہ ہیں۔

بعض اوقات سفیان نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں: وہ اپنے باپ دادا کے ساتھ ہیں۔

اخرج الاوّل من كتاب الرسالة والثانی من كتاب قتال المشركين .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے جبکہ دوسری روایت کتاب قتال مشرکین میں نقل کی ہے۔

باب الحصار والنزول على حكم الامام

باب 7: دشمن کا محاصرہ کرنا اور امام کو ثالث تسلیم کرنا

1738 - اَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَاَلَهُ اِذَا حَاصَرْتُمُ الْمَدِيْنَةَ كَيْفَ تَصْنَعُوْنَ قَالَ نَبْعَثُ الرَّجُلَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَنَصْنَعُ لَهُ هَنَةً مِنْ جُلُوْدٍ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ رُمِيَ بِحَجَرٍ قَالَ اِذَا يُقْتَلَ قَالَ فَلَا تَفْعَلُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا يَسُرُّنِيْ اَنْ تَفْتَحُوْا مَدِيْنَةً فِيْهَا اَرْبَعَةُ اٰلَافِ مُقَاتِلٍ بِتَضْيِيْعِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ .

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا' جب تم لوگ کسی شہر کا محاصرہ کرتے ہو تو کیا کرتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم ایک شخص کو شہر کی طرف بھیجتے ہیں اور اس کو ایک چمڑے کا (حفاظتی لباس) دیتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اگر اسے پتھر مار دیا جائے؟ انہوں نے جواب دیا: تو وہ قتل ہو جائے گا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو! اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ تم کوئی ایسا شہر فتح کرو جس میں چار ہزار جنگجو لوگ موجود ہوں اور اس کے مقابلے میں ایک مسلمان کی جان ضائع ہو۔

1739 - اَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : حَاصَرْنَا تُسْتَرَ فَنَزَلَ الْهُرْمُزَانُ عَلٰى

Marfat.com

حَكَمِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَدِمْتُ بِهِ عَلٰى عُمَرَ فَلَمَّا انْتَهَيْنَا اِلَيْهِ قَالَ لَهُ عُمَرُ : تَكَلَّمْ قَالَ كَلَامَ حَيٍّ اَوْ كَلَامَ مَيِّتٍ قَالَ تَكَلَّمْ لَا بَاْسَ قَالَ اِنَّا وَاِيَّاكُمْ مَعْشَرَ الْعَرَبِ مَا خَلَّا اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كُنَّا نَتَعَبَّدُكُمْ وَنَقْتُلُكُمْ وَنَغْصِبُكُمْ فَلَمَّا كَانَ اللّٰهُ مَعَكُمْ لَمْ تَكُنْ لَنَا بِكُمْ يَدَانِ فَقَالَ عُمَرُ مَا تَقُوْلُ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ تَرَكْتُ بَعْدِيْ عَدُوًّا كَثِيْرًا وَشَوْكَةً شَدِيْدَةً ، فَاِنْ قَتَلْتَهُ يَئِسَ الْقَوْمُ الْحَيَاةَ وَيَكُوْنُ اَشَدَّ لِشَوْكَتِهِمْ فَقَالَ عُمَرُ اسْتَحْيِ قَاتِلَ الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ وَمَجْزِاَةَ ابْنِ ثَوْرٍ فَلَمَّا خَشِيْتُ اَنْ يَّقْتُلَهُ قُلْتُ لَهُ لَيْسَ اِلٰى قَتْلِهِ سَبِيْلٌ قَدْ قُلْتَ لَهُ تَكَلَّمْ لَا بَاْسَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ارْتَشَيْتَ وَاَصَبْتَ مِنْهُ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ مَا ارْتَشَيْتُ وَلَا اَصَبْتُ مِنْهُ قَالَ لِتَاْتِيَنِّيْ عَلٰى مَا شَهِدْتَ بِهِ بِغَيْرِكَ اَوْ لَا بَدَ اَنَّ بِعُقُوْبَتِكَ قَالَ فَخَرَجْتُ فَلَقِيْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ فَشَهِدَ مَعِيْ وَاَمْسَكَ عُمَرُ وَاَسْلَمَ وَفَرَضَ لَهُ .

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے ''تستر'' شہر کا محاصرہ کیا تو ہرمزان (جو وہاں کا گورنر تھا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ثالث تسلیم کرنے پر تیار ہوا۔ میں اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا ہم ان کے پاس پہنچے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: تم بات شروع کرو۔ اس نے دریافت کیا' زندہ آدمی کی طرح یا مردہ آدمی کی طرح؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم بات کرو کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے وہ بولا: بے شک ہم اور آپ لوگ یعنی عرب اللہ تعالیٰ نے ہمارے اور آپ کے درمیان کبھی کوئی موقعہ خالی نہیں چھوڑا۔ ہم آپ لوگوں کو غلام بناتے رہے ہیں آپ کو قتل کرتے رہے ہیں آپ لوگوں کے مال و اسباب کو غصب کرتے رہے ہیں تو جب اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو گیا تو اب ہم آپ کا کچھ نہیں کر سکتے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ میں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں نے اپنے بعد بہت بڑا دشمن اور زبردست تیاریاں چھوڑی ہیں اگر آپ نے اسے قتل کر دیا تو دشمن اپنی زندگی سے مایوس ہو جائے گا اور اس کے نتیجے میں اس کی طاقت زیادہ ہو جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے براء بن مالک اور مجزاۃ بن ثور کے قاتل سے حیاء آئی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب مجھے یہ اندیشہ ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسے قتل کروا دیں گے تو میں نے ان سے کہا: آپ اسے قتل نہیں کروا سکتے کیونکہ آپ نے اسے یہ ارشاد فرمایا تھا: تم بات کرو کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

تم نے اس سے رشوت اور مال (جان بچانے کے عوض میں) لیا ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے کوئی مال یا رشوت وصول نہیں کی۔ انہوں نے فرمایا: تم میرے پاس ایک شخص کو لے کر آؤ جو تمہارے علاوہ بھی اس کا گواہ ہو ورنہ میں تمہیں سزا دینے سے آغاز کروں گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے نکلا میری ملاقات حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے میرے ساتھ گواہی

حدیث نمبر **1739**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**4402**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**152/4**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**614/5**

Marfat.com

دی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ (اسے قتل کرنے سے) رُک گئے پھر اس نے اسلام قبول کرلیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے لئے (حصہ) مقرر کیا۔

اخرج الحديثين من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات ''السارى والغلول'' میں نقل کی ہیں۔

باب غزوة خيبر

باب8: غزوۂ خیبر

1740 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى خَيْبَرَ فَانْتَهٰى اِلَيْهَا لَيْلًا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا طَرَقَ قَوْمًا لَمْ يُغِرْ عَلَيْهِمْ حَتّٰى يُصْبِحَ، فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَكَ، وَاِنْ لَمْ يَكُوْنُوا يُصَلُّونَ اَغَارَ عَلَيْهِمْ حِيْنَ يُصْبِحُ، فَلَمَّا اَصْبَحَ رَكِبَ وَرَكِبَ الْمُسْلِمُوْنَ وَخَرَجَ اَهْلُ الْقَرْيَةِ وَمَعَهُمْ مَكَاتِلُهُمْ وَمَسَاحِيهِمْ، فَلَمَّا رَاَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوْا : مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اللّٰهُ اَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ، فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ، قَالَ اَنَسٌ : وَاِنِّيْ لَرَدِيفُ اَبِيْ طَلْحَةَ، وَاِنَّ قَدَمَيَّ لَتَمَسُّ قَدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث نمبر **1740**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) 1996ء	1345
طیالسی، امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد، ''المسند'' دار المعرفۃ، بیروت لبنان	2127
کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1386ھ	36866
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل، ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ، مصر	101/3
بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	371
سجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث، ''السنن''، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان	1365
نسائی، امام احمد بن شعیب، ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ، 1991ء	1017
نسائی، امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث، قاہرہ، مصر، 1407ھ-1987ء	271
موصلی، امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ، ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد، دار المامون للتراث، طبع اوّل، 1987ء	384
نیشاپوری، امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ، ریاض، الطبعۃ الثانیہ، 1981ء	351
اسفرائینی، امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق، ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، 1966ء	359/4
تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل، 1996ء	3650
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام'' دار المعرفۃ، بیروت، لبنان	252/4
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل، 2001ء	617/5

Marfat.com

✦✦ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کی طرف روانہ ہوئے آپ رات کے وقت وہاں پہنچے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر حملہ کرتے تھے تو آپ صبح ہونے سے پہلے ان پر حملہ نہیں کرتے تھے۔ اگر آپ کو (صبح کی نماز کے وقت) وہاں سے اذان کی آواز آجاتی تو آپ حملے سے رُک جاتے تھے اور اگر وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے تھے تو آپ ان لوگوں پر حملہ کر دیتے تھے۔ جیسے ہی صبح ہوتی تھی۔ جب صبح ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے مسلمان بھی سوار ہو گئے اس بستی کے لوگ (اپنے علاقے سے) باہر آئے ان کے ساتھ ان کی کدالیں تھیں اور تھال تھے۔ جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو بولے: محمد اور ان کا لشکر آ گئے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اکبر! خیبر تباہ ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان جنگ میں اُترتے ہیں تو ان ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بڑی بری ہوتی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار تھا میرا پاؤں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک کو چھو رہا تھا۔

اخرجه من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاساری الغلول میں نقل کیا ہے۔

باب غزوة بنى المصطلق و بنى النضير

باب 9: غزوۂ بنو مصطلق اور غزوۂ بنو نضیر

1741 - اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، اَنَّ نَافِعًا كَتَبَ اِلَيْهِ يُخْبِرُهُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَغَارَ عَلٰى بَنِى الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ فِىْ نَعَمِهِمْ بِالْمُرَيْسِيعِ، فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذُّرِّيَّةَ .

عبداللہ بن عون بیان کرتے ہیں: نافع نے انہیں خط میں لکھا' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں یہ بات بتائی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث نمبر **1741**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **31/2**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **2541**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1966**ء **76/4**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **8585**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **2633**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **710**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **209/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **239/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء **578/5**

Marfat.com

نے بنومصطلق پر حملہ کیا تھا۔ وہ لوگ اس وقت ''مریسیع'' کے مقام پر اپنے جانوروں میں تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے جنگجولوگوں کو قتل کروادیا تھا اور بچوں کو قیدی بنادیا تھا۔

1742 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنونضیر کے باغات جلوادیئے تھے۔

1743 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ فَقَالَ قَائِلٌ : وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ .

✧✧ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنونضیر کے اموال (باغات) جلوادیئے تھے تو کسی شخص نے یہ شعر کہا تھا:

''بنولوَی کے سرداروں کے لئے ''بویرہ'' کے مقام پر سیدھے کھڑے ہوئے درختوں کو جلانا آسان ہے''۔

1744 - اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ وَحَرَّقَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنونضیر کے کھجوروں کے درخت کٹوادیئے تھے اور انہیں جلوا

حدیث نمبر **1744**:

طیالسی، امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان	1833
سجستانی، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان	685
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر	7/2
دارمی، امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی، دارالمحاسن قاہرہ 1966ء	2463
بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	2326
نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی، دارالحدیث قاہرہ مصر	1746
ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشارعواد معروف، دارالغرب الاسلامی بیروت 1996ء	1552
قزوینی، امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن''، تحقیق: بشارعواد معروف، دارالجیل بیروت 1998ء	2844
نسائی، امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دارالکتب العلمیہ 1991ء	8608
موصلی، امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد، دارالمامون للتراث، طبع اوّل 1987ء	5837
اسفرائینی، امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق ''المسند''، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1966ء	97/4
طحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط، موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان 1987ء	1108
بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1344ھ	83/9
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان	343/4
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء طبع اوّل 2001ء	631/5

Marfat.com

دیا تھا یہ ''بویرہ'' کے مقام پر ہوا تھا۔

1745 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ اَمْوَالَ بَنِى النَّضِيرِ، فَقَالَ قَائِلٌ : وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِىْ لُؤَيٍّ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ .

✧✧ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بنونضیر کے اموال (کھجوروں کے باغات) جلوا دیئے تھے اور اس پر کسی شاعر نے یہ کہا تھا۔

''بنولؤی کے سرداروں کے لئے ''بویرہ'' کے مقام پر سیدھے کھڑے ہوئے درختوں کو جلانا آسان ہے''۔

1746 - اَخْبَرَنَا بَعْضُ اَصْحَابِنَا ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الاَزْهَرِيِّ ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ شِهَابٍ ، يُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ : اَمَرَنِى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُغِيرَ صَبَاحًا عَلٰى اَهْلِ اَبْنَاءَ وَاُحَرِّقَ .

✧✧ ابن شہاب' عروہ کے حوالے سے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مجھے یہ ہدایت کی تھی: میں ''اہل ابنا'' پر صبح کے وقت حملہ کروں اور انہیں جلادوں۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب قتال المشركين ' والى اٰخر السادس من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب قتال مشرکین میں نقل کی ہیں اس کے بعد چھٹی روایات تک کتاب الاساری الغلول میں نقل کی ہیں۔

باب غزوة يوم حنين و تنفيل القاتل سلب المقتول

باب 10: غزوۂ حنین' (دشمن کو) قتل کرنے والے کو مقتول کا سامان دینا

1747 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِىْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى اَبِىْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ

حدیث نمبر **1746**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	**625**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**205/5**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**33072**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	**2843**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' وداراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2616**
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	**400**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**258/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**633/5**

Marfat.com

فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، فَرَاَيْتُ رَجُلاً مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَدْ عَلا رَجُلاً مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ : فَاسْتَدَرْتُ لَهُ حَتّٰى اَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ ضَرْبَةً فَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَّجَدْتُ مِنْهَا رِيحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ، فَاَرْسَلَنِيْ، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ لَهُ : مَا بَالُ النَّاسِ؟ قَالَ : اَمْرُ اللّٰهِ، ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ قَتَلَ قَتِيلا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقُمْتُ، فَقُلْتُ : مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، فَقَالَهَا الثَّانِيَةَ، فَقُمْتُ، فَقُلْتُ : مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، فَقَالَهَا الثَّالِثَةَ، فَقُمْتُ فِي الثَّالِثَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا لَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ؟ فَاقْتَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ : صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيلِ عِنْدِي، فَاَرْضِهِ مِنْهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ : لاهَا اللّٰهُ اِذًا، لَا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِنْ اُسْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ فَيُعْطِيَكَ سَلَبَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : صَدَقَ، فَاَعْطِهِ اِيَّاهُ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ : فَاَعْطَانِيهِ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ، فَاِنَّهُ لاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُ فِي الْاِسْلامِ .

قَالَ مَالِكٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : الْمَخْرَفُ : النَّخْلُ .

✧✧ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے جب ہمارا سامنا دشمن سے ہوا تو مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی۔ میں نے مشرکین کے ایک فرد کو دیکھا: وہ ایک مسلمان پر غالب آرہا

حدیث نمبر **1747**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1311**
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**8476**
حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**423**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**295/**
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**2488**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**2100**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	**1751**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**273**
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء	**2837**
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء	**1562**
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء	**4785**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**48/2**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**306/6**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**124/4**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**625/8**

Marfat.com

تھا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں گھوم کر پیچھے سے اس کے پاس آ گیا میں نے اس کی گردن پر ضرب لگائی وہ مڑ کر میری طرف ہوا اور مجھے بھینچ لیا مجھے موت کو بو محسوس ہوئی پھر وہ شخص مڑ گیا اور اس نے مجھے چھوڑ دیا۔

پھر میری ملاقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے ان سے پوچھا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے۔

پھر جب لوگ واپس آ گئے (یعنی جنگ ختم ہو گئی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے (کسی دشمن) کو قتل کیا ہو تو اس مقتول کا ساز و سامان اس شخص کو ملے گا۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں کھڑا ہوا۔ میں نے سوچا میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ پھر میں بیٹھ گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ یہی بات ارشاد فرمائی' میں پھر کھڑا ہوا' میں نے پھر سوچا میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ پھر میں بیٹھ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہ بات ارشاد فرمائی' میں تیسری مرتبہ کھڑا ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوقتادہ! تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے آپ کو پورا واقعہ سنایا تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے ٹھیک کہا ہے' اس مقتول کا سامان میرے پاس ہے آپ میری طرف سے انہیں راضی کر دیں (انہیں کچھ اور دے دیں اس کا سامان میرے پاس ہی رہنے دیں) تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں۔ اللہ کی قسم! ہم اللہ کے ایک ''شیر'' کو جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنگ کرتا ہے' اسے چھوڑ دیں اور اس کا سامان تمہیں دے دیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے تم یہ سامان اسے دے دو۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سامان مجھے دے دیا پھر میں نے اس کو فروخت کیا اور اس کے ذریعے بنوسلمہ کے محلے میں ایک باغ خرید لیا' اسلام قبول کرنے کے بعد یہ پہلا مال تھا جو میں نے حاصل کیا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''مخرف'' کا مطلب کھجور کا باغ ہے۔

اخرجه فی کتاب اختلاف مالك والشافعی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک و شافعی میں نقل کیا ہے۔

باب المظاهرة بين درعين

باب 11: دو زرہیں پہن کر سامنے آنا

1748 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث نمبر **1748**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**4493**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء	**2806**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**8543**
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	**6669**

Marfat.com

ظَاهَرَ يَوْمَ اُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ .

✧✧ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ احد کے موقع پر دو زرہیں، پہن کر تشریف لائے تھے۔

اخرجه من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاساری والغلول میں نقل کیا ہے۔

باب قسم المغنم

باب 12: مالِ غنیمت کی تقسیم

1749 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، مِنْ اَصْحَابِنَا عَنْ اِسْحَاقَ الْاَزْرَقِ الْوَاسِطِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ لِلْفَرَسِ بِسَهْمَيْنِ، وَلِلْفَارِسِ بِسَهْمٍ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کو دو حصے دیئے تھے اور گھڑ سوار کو ایک حصہ دیا تھا۔

1750 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ كَانَ يَضْرِبُ فِي الْمَغْنَمِ بِاَرْبَعَةِ اَسْهُمٍ سَهْمٍ لَهُ وَسَهْمَيْنِ لِفَرَسِهِ وَسَهْمٍ فِي ذِي الْقُرْبٰى .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَعْنِيْ : وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِسِهْمِ ذِي الْقُرْبٰى سَهْمَ صَفِيَّةَ اُمِّهِ ، وَقَدْ شَكَّ سُفْيَانُ اَحْفِظَهُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ يَحْيٰى سَمَاعًا وَلَمْ يَشُكَّ سُفْيَانُ اَنَّهُ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامٍ عَنْ يَحْيٰى هُوَ وَلَا غَيْرُهُ مِمَّنْ حَفِظَهُ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1748**:

بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ **46/9**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان **252/4**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اوّل **2001**ء **617/5**

حدیث نمبر **1749**:

کوفی، امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1386**ھ **33169**

شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر **2/2**

بخاری، امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **2883**

نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح''، تحقیق وترقیم: فؤادعبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر **1762**

ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت **1996**ء **2733**

نسائی، امام احمد بن شعیب، ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث قاہرہ مصر **1407**ھ-**1987**ء **15544**

تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر بیروت طبع اوّل **1996**ء **4817**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان **144/4**

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اوّل **2001**ء **316/5**

Marfat.com

عَنْ هِشَامٍ .

✦✦ یحییٰ بن عباد بیان کرتے ہیں: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ مالِ غنیمت کے چار حصے کیا کرتے تھے' ایک حصہ ان کا اپنا ہوتا تھا' دو حصے ان کے گھوڑے کے ہوتے تھے اور ایک حصہ ذوی القربیٰ کے اعتبار سے ہوتا تھا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حقیقت اللہ بہتر جانتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہے کہ ذوی القربی کے حصے سے مراد ان کی والدہ سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا حصہ تھا۔

سفیان نامی راوی نے اس پر شک کیا ہے' کیا انہیں ہشام کے حوالے سے یہ بات صحیح یاد ہے اور یحییٰ کے حوالے سے جو روایت منقول ہے اس میں سفیان کے شک کا تذکرہ نہیں ہے جو ہشام کی حدیث کے بارے میں ہے۔ یحییٰ نے اور ان کے علاوہ دیگر راویوں نے' جنہوں نے اسے ہشام کے حوالے سے اس یاد رکھا ہے (انہیں بھی شک نہیں ہے)۔

1751 - اَخْبَرَنَا مُطَرِّفُ بْنُ مَازِنٍ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ : لَمَّا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذِی الْقُرْبٰی بَيْنَ بَنِیْ هَاشِمٍ وَّبَنِی الْمُطَّلِبِ اَتَيْتُهُ اَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقُلْنَا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰؤُلَاءِ اِخْوَانُنَا مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ، لَا نُنْكِرُ فَضْلَهُمْ لِمَكَانِكَ الَّذِیْ وَضَعَكَ اللّٰهُ بِهٖ مِنْهُمْ، اَرَاَيْتَ اِخْوَانَنَا مِنْ بَنِی الْمُطَّلِبِ، اَعْطَيْتَهُمْ وَتَرَكْتَنَا اَوْ مَنَعْتَنَا، وَاِنَّمَا قَرَابَتُنَا وَقَرَابَتُهُمْ وَاحِدَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّمَا بَنُو هَاشِمٍ، وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَیْءٌ وَّاحِدٌ هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ .

✦✦ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوی القربیٰ کا

حدیث نمبر **1750**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **166/1**

دار قطنی' امام علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **109/4**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **228/6**

طحاوی' امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **283/3**

دار قطنی' امام علی بن عمر ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **110/4**

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **145/4**

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **319/5**

حدیث نمبر **1751**:

طبرانی' امام ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبد المجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — **1540**

بیہقی' امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **341/**

بخاری' امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **3140**

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **146/4**

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **323/5**

Marfat.com

مخصوص حصہ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان تقسیم کر دیا' تو میں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ہمارے بھائی' جو بنو ہاشم سے تعلق رکھتے ہیں' ہم ان کی فضلیت کا انکار نہیں کرتے' کیونکہ آپ کی وجہ سے جو انہیں فضیلت حاصل ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کے درمیان رکھا ہے لیکن ہمارے جو بھائی بنو مطلب سے تعلق رکھتے ہیں ان کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟۔ آپ نے انہیں عطا کر دیا ہے اور ہمیں نہیں دیا جبکہ ہم اور وہ آپ کے ساتھ ایک جیسی رشتے داری رکھتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں اس طرح' پھر آپ نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کر دیا۔

1752 - اَخْبَرَنَا اَحْسِبُهُ دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، -

قَالَ الْقَاضِيْ ' اَبُوْبَكْرٍ الْحِيْرِيُّ ' وَفِيْ نُسْخَةٍ اُخْرٰى ' عَنِ الزُّهْرِيِّ ' عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ' عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ' عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ مَعْنَاهُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے قاضی ابوبکر الحیری بیان کرتے ہیں: دوسرے نسخے میں یہ روایت زہری کے حوالے سے ابن مسیّب کے حوالے سے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

1753 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ مَعْنَاهُ

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُطَرِّفِ بْنِ مَازِنٍ، اَنَّ يُونُسَ وَابْنَ اِسْحَاقَ رَوَيَا حَدِيْثَ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ كَمَا وَصَفْتُ، فَلَعَلَّ ابْنَ شِهَابٍ رَوَاهُ عَنْهُمَا مَعًا .

حدیث نمبر **1752**:

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	3/4
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	4429
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	2978
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	2881
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	130/1
نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	4438
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	3293
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	1593
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	146/4
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	324/5

Marfat.com

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ مطرف بن مازن سے کیا' یونس اور ابن اسحٰق ان دونوں نے ابن شہاب کی روایت کو ابن مسیب کے حوالے سے نقل کیا ہے تو انہوں نے بتایا: معمر نے ہمیں یہ حدیث اسی طرح سنائی ہے جیسے میں نے بیان کی ہے' ہوسکتا ہے! ابن شہاب نے ان دونوں کے حوالے سے ایک ساتھ اسے نقل کیا ہے۔

1754 - اَخْبَرَنِیْ عَمِّیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ شَافِعٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ، وَزَادَ : لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ بَنِیْ هَاشِمٍ وَّبَنِی الْمُطَّلِبِ .

✦✦ (امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) میرے چچا محمد بن علی بن شافع نے حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما (زین العابدین) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کیا ہے تاہم اس روایت میں یہ الفاظ ہیں۔

''اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر لعنت کرے جو بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان فرق کرتے ہیں''۔

1755 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ : قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذِی الْقُرْبٰی بَیْنَ بَنِیْ هَاشِمٍ وَّبَنِی الْمُطَّلِبِ، وَلَمْ یُعْطِ مِنْهُ اَحَدًا مِّنْ بَنِیْ عَبْدِ شَمْسٍ وَّلَا بَنِیْ نَوْفَلٍ شَیْئًا

✦✦ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوی القربیٰ کا مخصوص حصہ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان تقسیم کیا تھا۔ آپ نے بنو عبد الشمس یا بنو نوفل سے تعلق رکھنے والے کسی بھی شخص کو اس میں سے کچھ عطا نہیں کیا۔

1756 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ وَرَجُلٍ لَمْ یُسَمِّهِ كِلَاهُمَا عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَیْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ : لَقِیْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّیْتِ فَقُلْتُ لَهُ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ مَا فَعَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ فِیْ حَقِّكُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ مِنَ الْخُمُسِ فَقَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَّا اَبُوْ بَكْرٍ فَلَمْ یَكُنْ فِیْ زَمَانِهٖ اَخْمَاسٌ وَمَا كَانَ فَقَدَ اَوْفَانَاهُ وَاَمَّا عُمَرُ فَلَمْ یَزَلْ یُعْطِیْنَاهُ حَتّٰی جَاءَهٗ مَالُ السُّوْسِ وَالْاَهْوَازِ اَوْ قَالَ الْاَهْوَازُ

حدیث نمبر **1753**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**36875**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**81/4**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2980**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء	**130/7**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**4439**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**235/3**
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	**1591**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**146/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**324/5**

Marfat.com

وَقَالَ فَارِسٍ اَنَا اَشُكُّ يَعْنِى الشَّافِعِىُّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ فِىْ حَدِيْثِ مَطَرٍ اَوْ حَدِيْثِ الْاٰخرِ فَقَالَ فِى الْمُسْلِمِيْنَ خَلَّةٌ فَاِنْ اَحْبَبْتُمْ تَرَكْتُمْ حَقَّكُمْ فَجَعَلْنَاهُ فِىْ خَلَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى يَاْتِيْنَا مَالٌ فَنُوَفِيَكُمْ حَقَّكُمْ مِنْهُ فَقَالَ الْعَبَّاسِ لِعَلِيٍّ لَا تَطْعِمْهُ فِىْ حَقِّنَا فَقُلْتُ لَهُ يَا اَبَا الْفَضْلِ اَلَسْنَا اَحَقَّ مَنْ اَجَابَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَفَعَ خَلَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ فَنُوْفِىْ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَهِ مَالٌ فَيَقْضِيْنَاهُ

وَقَالَ الْحَكَمُ فِىْ حَدِيْثِ مَطَرَ وَالْاٰخَرَ اِنَّ عُمَرَ قَالَ لَكُمْ حَقٌّ وَلَا يَبْلُغُ عِلْمِىْ اِذْ كَثُرَ اَنْ يَّكُوْنَ لَكُمْ كُلَّهُ فَاِنْ شِئْتُمْ اَعْطَيْتُكُمْ مِنْهُ بِقَدْرِ مَا اَرٰى لَكُمْ فَاَبَيْنَا عَلَيْهِ اِلَّا كُلَّهُ فَاَبٰى اَنْ يُعْطِيْنَا ۔

✧✧ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں: میری ملاقات حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ''حجارزیت'' کے مقام پر ہوئی میں نے ان سے کہا: میرے ماں باپ (آپ پر قربان ہوں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کے حق میں' اہل بیت کے حق میں' جو خمس سے تعلق رکھتا تھا اس میں کیا کیا تھا؟

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو ان کے زمانے میں مال خمس تھا ہی نہیں اور جو تھا وہ ہم نے ان سے وصول کر لیا تھا۔

جہاں تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو وہ ہمیں مسلسل عطا کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے پاس ''سوس'' اور ''الاہواز'' کا سامان آیا (یہاں راوی کو شک ہے لفظ اہواز استعمال ہوا ہے یا فارس استعمال ہوا ہے یہ شک امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو ہے) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں اگر آپ لوگ چاہیں تو میں آپ کے حق کے ترک کر دوں اور اسے مسلمانوں کی بھائی چارگی کے حوالے سے ان کے درمیان خرچ کر دوں۔ پھر جب ہمارے پاس مال آئے گا تو ہم آپ کے حق کی اسی میں سے پوری ادائیگی کر دیں گے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: تم ہمارے حق میں سے اسے کھانے کے لئے دے رہے ہو۔ میں نے ان سے کہا: اے ابوالفضل! کیا ہم اس بات کے سب سے زیادہ حقدار نہیں ہیں کہ امیر المؤمنین کی بات کو قبول کریں اور وہ مسلمانوں کے درمیان بھائی چارگی قائم کرنا چاہ رہے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اگلا مال آنے سے پہلے ہی ان کا انتقال ہو گیا جو انہوں نے ہمیں ادا کرنا تھا۔

